هو الله الاول والآخر الموفق والمستعان

محرم

سنه ١٢٨٥

احوال کی وما توفیقی الا باللّٰہ

وتختم باسمآ الکریم العلیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست اخبار ماتم کا عنوان خالق عالم کی سپاس و حمد سی

ترتیب ہی جسنی ثبت واقعات بینات کو لوح و قلم آلات صنع بحا

بنی اور صفحہ بدائع کا مرتب بیان اوس خالق اعظم کی ستائش و

تاسی منشعب کر جسم و جان کو ضبط سوانحات پر مادہ و ہیولی او

بیاض ہی کتاب کُنتُ کنزاً مخفیاً فاحببتُ ان اُعرَفَ

اوسکی بلا شرکت غیر تصنیف ہی اور نظم و نثر قدر و قضا

کن فکان اوسی صاحب توصیف کی تالیف ہی اخبار اسکی بنا

کو بطرز ہی عبارت صدق و صفا بین فائق و دیباچہ انشا کی

مو تصحیح اسانید اوراق ہستی پر اور ابتدای الی شنید و دیدہ

وہ ما بہ اور اعوان ترکیب حروف و الفاظ کی قالب میں

[illegible]

سبحان ما اعظم شانہ

[illegible]

عبارت

صفحہ

مجالس سترہوین ... شہادت قاسم بن حسن علیہ السلام

مجالس اٹھارہوین ... شہادت علی اکبر علیہ السلام

مجلس انیسوین انبیا کو سانحہ کربلا سے اخبار اور شہادت علی اکبر

مجلس بائیسوین [illegible]

[illegible]

۸۱۱ تمہید کا بیان ابتلای ابن عباس کا خواب دیکھنا نظر حسرت و

واحزان و تعبیر رویا کی واقعہ شاہ شہیدان

نظم فصیح ای اہل عزا گریہ و زاری کی یہ دن ہین

۸۱۴ مصیبت بروایت مسلم جمار و امام زین العابدین کی اشعار خلق کا

رونی و خرما اطفال کو دینا ام کلثوم کا محمل سی دیکھنا آرام نہ لینا

سر سرور کا روبرو نیزہ پر آنا زینب کا ابیات مین شرح غم سنانا

سید الساجدین کا اپنی نسب و حسب بتانا ملامت بد عہدی کی الزام فرمانا

مردم کا شور فریاد و رقت مچانا زبان حال سی خیمہ امام کا اندیشہ لیٹ لانا

نظم للمولفہ ناظم زیادہ طول نہ دو اس بیان کو

۸۲۶ مجالس چوبیسوین معجزات سید الشہدا و ہر بار ابن زیاد مین جم کا جانا

رباعی ای دل تو رہا عیش کا جویا تو کیا رباعی آفاق مین نیکی

یہی جفا ہی رباعی ایمو منو خوش ہو کیون ہو غم رباعی یا تو کہتی

لٹ گیا راج مرا

۸۲۹ عبارت رنگین صفت و زینت حاضرین استدارت بہار و تنزل سی

۸۲۸ روایت افضح باتہ واقعہ مسجد قبا روایت دفع مرض حابہ کا سبزہ

روایت دو مرد کا ایک عورت طفل مین فیصلہ روایت سفر کرنی

و رحم پای امام اور بہشتی بہشتی روغن لینا و پیدا ہونا فرزند غلام

عیادت مریض نجار و قدم حضرت سی بیماری کا سدار

۸۳۳ روایت خلق و تواضع مین امام کا فقراکی پاس جلا س و مہمان بلانا و کہانا

طعام و لباس روایت سائلین کی ساتھ بیٹھنا کہانا گہر مین لا

لانی رسم مہمانت و کرم دکہانا

روایت اہل کوفہ کا امیر المومنین سی پانی مانگنا سید الشہدا کی دعا

۸۳۵ خدا کا مینہ برسانا او رنکی مناسب عبارت منبہ نالہ و رقت

نظم للمولفہ ای اہل عزا ماتم شبیر مین رو لو

نظم للمولفہ بس ختم کرو ناظم محزون یہ روایت

۸۵۰ مجالس پچیسوین ذکر مناقب و آسمان پر شبیہ اسد اللہ الغالب کا ناامہ اپنا

رباعی معراج ہی مین جای تشکیک نہین باعی باختم رسل خاصہ بود

غم ہو رباعی زہرا سی کوئی غم پیمبر پوچھی رباعی آیا ہی محرم تعزیت کی دن ہین

۸۵۱ تمہید مدح و فضل امیر المومنین جو نفی و اثبات سی ہی نگین بر اسم اللہ الا اللہ

۸۵۴ روایت سلمان انہزام غزوہ احد کفار کی صف سی فرض ولایت علی علیہ السلام

۸۵۶

مقابل صوم و صلوۃ خدا کی طرفسی روایت انبیا و اولیا و مصیبت سی

۸۵۷

سمر و راو صبا اسد فی طوفا و کربلا روایت بیماری بتول غذا

و مظہر العجایب کا انگور لانا روایت آسمان پر صورت علی خدا کو دلا کر کا

زیارت کرنا روایت حبیب امام زین علیہ السلام کا برابر تمثال پیرکی

۸۶۱

روایت نبی و وصی کا تین روز تک جسم بعد انتقال کی زمین پر اطہار

اور پھر وہ بذریعہ فرشتہ اعلی درجات کو جاتا ہی قول مولف اگر انبیا

۸۶۲

واسطی موتی ابدان مطہرہ کی اپنی مزار مین روایت زیارت حضرت

عظام آدم و نوح نجف مین

۸۶۳ روایات و اختلافات سر و تن سید الشہدا کی دفن مین

۸۶۴ روایت ابی عبد اللہ ثانی کا مدینہ سی باعجاز قبر امیر المومنین پر گذر

و اشارہ و ادای سلام اور دفن سر امام حسین علیہ السلام کی خبر

۸۶۵ روایات ذکر تاج عربی و فارسی و فارسی دفاریات تاج مرآتی خبر سعد بن فضیل

و خبر علی بن سالم و خبر زرارہ بن آعین خبر آبی طالب و خبر عبد اللہ

بن حماد اور پہنچنا خالی نہین تین آوازین ہیبتناک

سا تہ سی تنبیہ کی روایت شکوفی او رخبر محمد بن علی ابن حمزہ کی

اوای لوازم تعزیت او ربیان صدق پر اجر عبادت

نظم للمولفہ بپا ہی حسب سی جہان مین کیا دغم کا اسا

۸۷۱ مصیبت نگارش ابن زیاد نامہ بنام سعید بن العاص حاکم

نظم مولفہ میں اب دو ... ہی ... [illegible]

۳۶

۸۷۸ مجالس چھتیسوین کوفہ سی جانب شام اہل حرم کو لیجانا قصیدہ الصدف ... [illegible]

رباعی ملوی مین نبی زادیونکی دید ہوئی رباعی سرگشتہ نہ کیونکر ...

ستمگار پھری رباعی سجاد تھی ماتم مین بہی ابتدا مین بہی رباعی

دیدار دم تیغ دکھاتی ہین علی

۸۷۹ شعر مرثیہ عربی بغیر صاحب السیادہ و نعمۃ ضایع بیان واقعات نالہ

اندوہ و احزان و سرگذشت عورات اہلبیت کی میان دشمنان ...

دستور سواری اور بیسروپائی مین آل نبی کی ناچاری

۸۸۵ مرثیہ عربی یا عین لا لمراتع و منسیام

۸۸۶ روایت حمل سر امام و منزل پر منود قلم و دست کا شعر ... تحریر کیا

روایت ورود لشکر قریب صومعہ راہب اور سر حضرت نزد کی

۸۸۷ لیجانا کلام اعجاز پر اوسکا اسلام لانا

روایت ہلاکت میں اسیران مظلوم کا گذرنا اور نقارہ ...

ام کلثوم کا نفرین کرنا

۸۹۰ مقامات و منازل راہ کی نام کوفہ سی تا شہر شام

نظم لموء لفہ جو مومن روان اشک گلگون کری

۸۹۱ مصیبت وصول مقدم اہل حرم شہر حلب مین اور ذرہ ... کا خروج

محنت و تعب مین راہ کی آفت و خواری و زاری عترت نبی کو

محلہ و بازار مین دل آزاری

نظم لمولفہ کیست قلم روک لون بس بیان

۳۷

مجالس سینتیسوین فضایل سید الشہدا و دمشق مین ورود ... کربلا ...

رباعی لکھا ہی کہ اکثر نبی مختصر عرب رباعی ... دوا ...

خدا دیتی مین رباعی ... گریہ کل ... رباعی

درد ... پھرتی فاطمہ کی جائی زینب

۹۰۳ روایت زیادتی رکعات نماز ہمراہ رسول خدا قیام امام سید الشہداء

۹۰۴ ... [illegible]

اوسی مقدار

۹۰۵ روایت جد بزرگوار کی خدمت سی حسنین کا والدہ پاس جانا راہ مین

۹۰۶ برق کا مشعلہ نور و ضیا اپنا دکھانا روایت معجز صادق کا قریب سید الشہدا

۹۰۷ قرب الہی کی فاطمہ زہرا کو بتانا روایت جبرئیل کا زمین پر آنا

امام حسین کا جھولا ہلانا

۹۰۸ بیان حسرت و رقت و زاری امام حسین علیہ السلام اور اولاد کی

جو اعدا سی ظلم جاری

نظم لمولفہ جو ظلم گذراہی کربلا مین رسول حق کی آل جگر پر

۹۱۰ مصیبت داخلہ شہر شام نظم و نثر مرثیہ اردو کا قرات کی

التزام ام کلثوم کا شمر سے کلام اوسکا طغیانی جو مین اہتمام ستمگری

در و دیوار و بام و کوچہ و بازار مین ہجوم عام مجموعہ کا پتھر مارنا

امام پر اور ہلاک حاضرین قصر کی انہدام سے

نظم لمولفہ اگی نہین زبان کو طاقت کلام کی

۳۸

۹۲۳ مجالس اڑتیسوین نزول ملایکہ عاشورا کو دمشق مین پہنچانا آل ... کو

رباعی جو چشم غم شہ مین ... رباعی فرزند رسول

بی سبب قتل ہوا رباعی کیا کیا نہ ستمگار جفا کرتی تہی

رباعی پانی جو پلانی کو کوئی لاتا تھا

روایت عاشورا کی دن ملایکہ مجالس مین آتی ہین ... آئی

۹۲۴ عزا کعبہ لیجاتی مین روایت سوال عبد بن بکر ... آل نبی کا

اگر قبر سید الشہدا مین دیکھین تو پھرایا مین لاش ابن علی سی ...

جعفر بن عفان کا جعفر بن محمد علیہما السلام کی پاس آنا ...

۹۲۵ اشعار ... خبر حضوری ملایکہ ... زوار

مرد گناہ گار کا خدمت رسول مین حسنین کو شفیع ... بخشیں

ایہ ولو انہم اذ ظلموا کا ... [illegible]

٩٣٧ مجلس اونتالیسوین فضایل مردم برکا و شام کا ماجرا
رباعی حاصل جسی آقا کی حضوری ہو جای رباعی طفلی کا
و شادمانی کشت جای رباعی کر حرص سی خود کو ای خرد جدا
رباعی قارون نی بہت عزیز تھا مال کیا
مناقب ارباب رقت بطریق استنباط فرض و سنت حدیث
زینوا مجالسکم حدیث نفس المؤمن المهموم لظلمنا حدیث
٩٣٩
ان الله یامر ملائکة المقربین روایت ابن عباس و حاتم طائی
غلام اور کفن دینی و لی حسنین علیهم السلام پر اوسکا تحیت کہنا
آیات قرآن کا زبان فصاحت سی پڑہنا
٩٤١ روایت وفات ابراہیم خلف پیغمبر و فدیہ ابن زہرا کی حیات
٩٤٢ روایت مادون الشہید کا فضایل امام شہید بیان کرنا جد پدر و
مادر و عم و عمہ و خال و خالہ و احباکا جنت مین رہنا
نظم للمولفہ ای مومنو کیا نسبت فرزند علی سے
٩٤٧ مصیبت عنوان ورود شام و سیر مرد کا سید سجاد سی کلام آیات
قرآن دلیل شرف و افتخار یزید کا آراستہ در بار قید خانہ مین
اہلبیت کا قیام بیان سر و صوت اسیران اور بی سامانی کہرام
نظم للمولفہ جو مصیبت آل احمد نی اوٹہائی شام مین
٩٥٧ مجلس چالیسوین عظمت عطیہ جنت ذریہ طاہرہ کا پانا دربار
یزید مین حرم کا جانا
رباعی کیا کیا نہ ستم اہل جفا سی کہینچا رباعی کیا مرتبہ سلطان
حجازی کا ہی رباعی عابد سی غم شاہ مین سونا چہوٹا دریا
جب ماتم سرور کا دنیا بہتا ہی
مثنوی فی للمولفہ ای نالہ جانسوز اثر اپنا دکہادی
٩٥٨ حدیث اجماع اہل قبلہ امامت حسنین پر تحیت فاطمہ و حسنین
٩٥٩

٩٦١
اوسکا پانا روایت زاہد مجاور مدینہ کا خواب دیکہنا قیامت کو شفاعت
امام حسین علیہ السلام سی نجات ہونا عاقبت کو
نظم للمولفہ کیا مرثیہ ماتم فرزند نبی ہی
٩٦٤ مصیبت آرایش بارگاہ یزید و بار و شہر پر حشم پر جلوس یزید
سہل بن سعد کا ذکر تاج و تخت و سر امام کا آنا تحت سریر یزید
سپاہی فرق مبارک آشفتہ اور تکلف بلا مین دہ ماہ و دو ہفتہ المحرم
رسن و زنجیر و طوق سی رو برو لانا فاطمہ بنت حضرت کا سنانا فرمانا
زینب خاتون کا سر اندوہ کرانا اور فقرات سوزناک سنانا چوب
لب اقدس پر لگانا ابو برزہ صحابی کا چلانا یزید کا اشعار ابن زبعری
پڑہنا ہجو آل ہاشم و مدح بنی امیہ کہنا
نظم للمولفہ مجلس ورود شام کی اندوہناک ہی
٩٧٤ مجلس اکتالیسوین فضایل و معجزات امام و دربار یزید مین کلام اہل حرم کیا
رباعی شبیر کی غم مین جان سب کہوتی ہین رباعی کیا ہی عزیز جو
مدام اوسکا ہون رباعی کس کس طرح سی ہمکو نہ رنج و الم ہوی
رباعی سجاد کا دم سینہ مین گہبراتا ہی
٩٧٥ تعزیت عظم الله اجورنا روایت انس ہمراہ جنازہ سید الشہدا جانا
٩٧٦
ابو ہریرہ کا خاک زیر قدم کو منہہ پر لگانا روایت عورت و مرد کا
٩٧٧
طواف مین ہاتہ ملنا اور کرامت امام سی خلاص ہو رہنا روایت درخواست
مردم بیان حدیث غلام کا اور امتحان پر متحمل ہونا فرد امام کا
٩٧٨
روایت یحیی معجزہ امام مرد کا جانا عورت کا اور بہہ کی اپنا مال تمام
٩٨١ ٩٨٢
روایت آزادی غلام یہود و اسلام زن و شوہر مسعود روایت فضیلت
٩٨٣
حسنین و لعبہ جو حل جبرئیل و رسول الثقلین روایت ہدیہ جانا
شاخ ریحان کو اور پانا آزادی دو جہان کو
نظم للمولفہ ای مومنو شبیر بہت اہل وفا ہی

مجلس اونتالیسوین ... دربار یزید مین کلام کیا

مجلس اکتالیسوین حرم کا دربار یزید مین جانا

مجلس چالیسوین حرم کا دربار یزید مین جانا

٩٩٤ ارشادِ سیدِ سجاد در آیاتِ قرآن کا ابن زیاد ملعون کا (؟) ذکر اجداد سے
فخر کرنا امام زین العابدین کا و حکمِ قتل دینا ظالم بے دین کا اہلبیت کا
لپٹ کی رونا اور جلاد کا ضربتِ غیب سے جان کھونا
نظم للمولفہ خموش ناظمِ محزون نہیں ہی تابِ سخن
۴۲
مجلس بیالیسوین ذکر بیوفائی دنیا الحرم کا یزید کی محل مین جانا
رباعی دنیا سے طبیعت نہیں ہٹتی ہی تری رباعی حسرت ہے
دنیا سے چلی جاوینگی رباعی آرام سے کس دن یہ افلاک رہی
رباعی تدبیر ہے غافل نہیں جو دانا ہی
تمہید کا زندگانی ہی پانی نہار روایت اِنّی بَصیرٌ بِالْحُمّٰی (؟) و یاد قبر
و سیلان بدن کا ذکر بحوثِ تقویٰ ہی روایت رنت اپنی صحبت یہ
وسیلہ نجات آتش و عذاب عقبیٰ ابیات قد مرّت الایّام
بالغفلات و بیان عنوان بیماری سوت و دفن و کفن شعروما
اور نسلی اقربای پر غم بہو نا ان سب کا و اسطے امام حسین علیہ السلام کی
بلکہ برعکس ہوی بجای تسلی جفا و جور اعدای امام کی روایت سکینہ علیہا السلام
خاتون کا مقتل مین آنا اشعار جانسوز پدر کو حلق بریدہ سے نقل فرمانا
نظم للمولفہ ای محبو یہ وصیت سن چکی شبیر کی
١٠٠٠ مصیبت دربار یزید کی شانِ طغیان و آلِ علی کا سیاہ مرغ پر سوار ہونا
زاری او نکو بٹھایا اور تباہی دیکھ کی شہر بانو فاطمہ بنتِ امام حسین
علیہ السلام کو مانگنا مردِ شامی کا اور لونڈی بنانی پر علیا حضرت سے
ذکر بدکلامی کا بحکمِ شقی سرِ امام کو دروازہ مین لٹکانا اہلبیت کو اندر
مہرای ظلم کی پہنچایا نا ان نبی اسیہ (؟) کی استقبال کیا ماتم و شیون کا
ترک لباس و زیور مین پر ساد یا ہند باہر نکلی پردہ توڑ ا شوہر کو پایا
ملامت ابن زیاد سے اوسکو سمجھایا وہ دیکھ سرِ امام بیچار کی
رہ گئی ہوا مین اسیر تھی ہی زاری مین جان کھوئی
نظم للمولفہ [illegible]

بلاکو بایا رباعی دربارِ یزید مین جب آئی زینب رباعی ہے
مانند کوئی اشک فشان کم ہوگیا
١٠١٠ تمہید کا روایت فضیل حدیث تجلسون و تتحدثون حدیث
من دمعت عینہ فینا حدیث یا من قوم اجتمعوا امجمعون کی ابتدا
نظم للمولفہ یہ دن وہ ہین کہ مدینہ نبی کا ویران ہے
نظم للمولفہ یہ دن وہ ہین کہ مدینہ نبی کا ویران ہے
١٠١٤ مصیبت قیام اہلحرم در خانہ زبون اور وفات سکینہ خاتون
نوحہ واحسرت و دردا موئی بیجان سکینہ
نظم للمولفہ آگی زیادہ کیا لکھون دلکو ہی اضطراب
۴۴
مجلس چوالیسوین مخاطبہ قبور مومنین کا اور خطبہ پڑھنا سید الساجدین کا
رباعی پانی دل اہل شہر ہو جاتا ہی رباعی یارب ہے نہ زین
آقا ہیر اس رباعی ایام حیات مین کہ زینت رہا ہے
دین دوری کربلا سی لب پہ نالی
تمہید کا فضل گورستان مین ہو یہ پاسا بیت (؟) مر قبر پڑھنا
اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَصْحَابَ الْقُبُوْرِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ
اَیُّهَا الْمُفَارِقُوْنَ لِلْاَقَارِبِ وَالْاَحْبَابِ [illegible]
وَہُنَّ سَکُوْتٌ حدیث امیر المومنین کر روز آخر کو ناز جمعہ [illegible]
عیال و اعمال نوحہ آہنگی فَاِنْ کُنْتَ مَشْغُوْلًا بِنَفْسِیْ فَلَا [illegible]
حدیث امیر المومنین جو چلتا پھرتا ہی اندر زمین کی [illegible]
ایضاً حدیث بہت فاضل تطبیق کرتا ہی [illegible]
حدیث نبوی درجہ شہدا [illegible]
لائینگا انتہی ذکر بے ظالم کہ [illegible]
نظم للمولفہ [illegible]
١٠٢٢ مصیبت یزید کا [illegible]
[illegible]

صفحہ فہرست حاشیہ ابتدای کتاب سے

رضی اللہ و قصۂ لب لباب و اسامی بنی عباس کہ سفاح خان
اور بغداد پر تاخت و خونریزی بیشمار کہ چالیس لاکھ مرد
زن کو مارا ذکر بقیہ خلفای عباسی طرف مصر و اندلس ذکر
پادشاہان آل عثمان روم حضرت آدم و نوح علیہما السلام سے
اونکی اسامی اولاد اونمین یافث خلف نوح کی فرزندون سے
کومر و ترک و ابو الجاس تا چین اونکی پسر چین اونکی پسر قوی خان
تا بتیس پشت شاہی مین ۱۲۷۷ سے سلطان عبد العزیز خان بہادر
مدت پانسو اسی اور چہ برس کی اور نک طراز ہین ذکر نام و نسب
سلاطین تیموریہ یافث بن نوح کی اولاد سے اجداد چنگیز خان بین
شامل ہین تومنہ خان کی دو بیٹی توام ہوی قبل خان جد سوم چنگیز خان و قاچولی
جد ہشتم صاحبقران ولادت امیر ۷۳۶ مین ہوی تا آخر عہد بہادر شاہ
۱۲۷۵ کو دولت و بخت کی مساعدت گذری
ذکر نام و نسب فرمانروایان اوده تا ابو منصور سے تا زمانی ۳۰
جہان پناہ واجد علی شاہ جو ۱۲۷۲ مین طرف کلکتہ سدھارے
ذکر نام و نسب محمد اسحاق خان شوشتری جد مادری آصف الدولہ ۳۲
نواب سعی علیخان بہادر ہزبر جنگ ذکر خاندان نواب نظام
الملک بہادر شمر وردی نقشبندی خواجہ زادہ توران کہ عہد شاہجہان
پادشاہ مین میر شہاب الدین ہند مین آئی تا ۱۲۸۱ عیسوی مین
آصف جاہ نظام الدولہ نواب میر محبوب علی خان بہادر فتح جنگ بانی
وسادہ حشمت پر جلوس کیا ذکر وارثان صوبہ بنگالہ نواب جعفر علی خان
بہادر نے عالمگیر سے فرمان حکومت پایا اور اسی مرشد آباد کو
دار القرار بنایا مرزا اسد و دی خان و مرزا احمد خان کا عروج ہوا
تا ۱۲۵۲ مین منتظم الملک محسن الدولہ فریدون جاہ سید منصور علی خان بہادر
نصرت جنگ رئیس ہوی

ذکر سلاطین سادات صفویہ امام موسی کاظم علیہ السلام سے
۳۷ شروع ہوا ۹۰۶ مین شاہ اسمعیل بہادر خان بن سلطان
حیدر نے جلوس کیا تا عہد سلطان حسین بہادر خان ۱۱۳۵ جانشینان بابا
۳۸ ذکر ولادت و ترقی نادر شاہ اور افغنہ سی انتقام خاطر خواہ لیکر
۳۹ پھر انقراض دولت ذکر سلسلہ زندیہ کریم خان وکیل سی تا
و ترقی خواجہ آقا محمد خان قاجار و تصرف ملک و سپاہ فتحعلی شاہ
واونکی اولاد جو ۱۲۳۰ مین حساب اناث مرد و زن کا ہوا اور نوبت
سلطنت ۱۲۶۴ کو پہنچی بجلوس ناصر الدین احمد شاہ خلد اللہ ملکہ
پادشاہ ایران ہوی
۴۰ ذکر فہرست پچیس مجلد بحار الانوار آخوند ملا محمد باقر مجلسی طاب ثراہ
۴۱ ذکر علامات و رموز کتاب مذکور اور وہ تالیف کس فاضل کی ہی
تنبیہ جو ادمی روایات و حدیث تو مضمون مثل شادی قاسم و
وہند و حکایات ملا حسین ندی سے بیتی اور کہتی ہین یہ عبارت
جس ذخیرہ مین تہی آخوند صاحب کو بہم نہین پہنچی وہ و کہین سے
عذر بدتر از گناہ کہلاتا ہی
۴۲ ذکر ارباب اجتہاد جنکو ائمہ اربعہ مالک چار مذہب و مصلی بنایا
۵۳ خطبہ و دیباچہ و مقدمہ توحید و اثبات نبوت و لوازمات آنا
عقل سلیم و نقل قویم سی سانحہ دہری با امیر المومنین علیہ السلام
اور انکار خلافت ائمہ اثنا عشر پر اقوال مناظر کا جواب رافع ابہام
وصیت کی نفی سے ہدایت اور اثبات حجت ضروری ٹھہرانا
تا وقوع غیبت
۵۸ حدیث ستفترق امتی اور کتاب غنیۃ الطالبین سی بہتر فرقہ کی
نقل عبارت دس تقسیم پر اہل سنت ایک خوارج ہندرہ فالسیہ
بارہ رافضیہ چودہ زیدیہ چہ معتزلہ بہی چہ مرجیہ تا مشبہہ
ہو جہمیہ ایک ضرار یہ ایک نجاریہ ایک کلابیہ ایک

مجموع آیات و حدیث و روایات مذکور متن کتاب و ملحقات مجموع آیات و حدیث و روایات مذکور حاشیہ متن و ملحقات

۸۲۰ تمت بالخیر ۱۲۹۹

هو الله الاول والآخر المستعان الموفق والمحسان

ذلك الكتاب

لا ريب فيه بين يدي المفسر المحدث

الفقيه المؤيد على البكاء والآلام المسمى باخبار ماتم

مجمع احوال المولد والمعجزات والمصائب الواقعات لرسول

الكبرياء نور الثقلين وبتول الزهراء ام السبطين وولي الله

مولى الكونين ومقتل امامين السبطين الحسن والحسين

عليهم الاف التحية والسلام مادامت الليالي والايام من

تاليف عبده الراجي محمد حسين بن محمد علي

غفر الله له ولوالديه وعفا عنه ذنبه

الخفي والجلي

جسنی مطبع حسینی میں واقع امیروکی صفحہ نمبر پہر مطبوع کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صادق ترجمانان احادیث غم کہ اخبار ماتم کو زبان حال ہین واقعہ محرم کہتی ہین + بسط قال ہین ہر دم خطبہ حمد وثنا سی مؤلف کتاب حدوث و قِدم کی کہہ رہتی ہین + اور واثق بیانان آیات الم جو سانحہ عالم پر آوان اتہال ہین سر گشتہ قدم گذرتی ہین + صفحہ خیال ہین مقدم دیباچہ شکر وسپاس کو لوح وقلم کی رقم کرتی ہین + جسنی اہتمام رسالت سی باب ہدایت پر جلوہ ما

وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ کی

سبیل نجات رکہی + اور فرمان طاعت کی عنوان پر طغرای نَبِّئْ عِبَادِيْٓ

اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ سی کائنات کو سند حسنات لکہی + نعت کرہ

کہ ین ہمراہ اصل کشتی والا مقصد...

خطبہ حمد پروردگار

۳

دنیا مین بحکم اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ مَقَامٍ اَمِیْنٍ کی نیلگون شامیانہ آسمان کو
بی ستون برپا فرمایا + اور اُسین شور و نوا کی دایرہ کو ذکر وَسَارِعُوا
اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ سی بالا اعلی مین بڑہایا + کتم عدم سی راہ
توفیق مصفا مین نشان وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا
بنجہ مہر پر چمکایا + اور صحن سرای بکا مین قنادیل آہ و انجم کو مصباح نور سی
روشن کر کی اوج سپہر پر لٹکایا + اگر سوز وجود و اسکی مجمرہ گردانی قصر جنان کی
عہدہ لِتُجْزٰی کُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰی مین عقل فعال کو دیا + اور کار
پاش چشم چہر کنی کو رخسار اہل رقت کی عطیہ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ
لَا تُحْصُوْهَا سی حوالہ مردم کیا + بیت الاحزان سینہ مین بنی آدم کی ضریح
دلکو تربت درد و اندوہ کا حظیرہ بنایا + اور علم نالہ کو جریدۂ آہ اور شدۂ
فغانکی ساتہ روضہ جگر مین قدسیونکی اوٹہایا + ایوان بدن مین بساط حیات
جن و بشر کی مجلس اعضا و جوارح کو بچھایا + اور منبر کام و زبان پر ذاکر ناطقہ کو
سامعہ افروز کلام کا مقام ترنم بتایا + مرثیہ لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا
اِلَّا وُسْعَهَا کشور ایجاد مین رواج قبول سی لاجواب کہا + اور نوحہ
وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا پر داغ عبودیت کو صدر شیخ و شاب نی سہا

خطبہ

وہ داورِ بنای خیر کہ انبیا کی صفِ سؤالات پر جلوس کو ندای یُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ

وَرِضْوَانٍ سی غرفۂ عالیہ جَنَّاتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْأَبْوَابُ مین جا دیتا ہی

اور ماموری حرم و دیر کہ حالِ وصیا کی رونی رولانی پر صلای ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ

تُحْبَرُونَ سی دعوت مین نعماتِ مُتَّكِئِينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ

وعدہ وفا لیتا ہی + قادرِ توانا کہ جائزہ اِنشا و تدوینِ مناقب مین سرفرازانِ بارگاہ کی

خوانِ بذل و نوال پر مائدہ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ سی طریقہ کامیابی جتایا + قاہرِ دانا

کہ معاوضۂ ابتلا و تمتین مصائب مین محرمانِ حضور کی سَنَجِ عَيْنًا فِيهَا تُسَمَّىٰ سَلْسَبِيلًا

سی شربتِ بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ کو ذریعہ سیرابی بتایا + خوشامد بر الہام كُنتُ

كَنزًا مَخْفِيًّا حسنی روایاتِ معرفت کی حال کو دولت آفرینش اور جاگیر تمکین دی + جسنے

بِشارتِ انعامِ فَسَوْفَ يُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا کہ حکایاتِ مثوبات کی قال کو قسمت آمرزش

روزی خلد برین کی + اوسکی صفتِ ذات کا بیان ہر شنیدن کتاب ایمان کو دلیل سی مَن جَاءَ

بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا مستوجب نعیم کرتا ہی + اور فقرات قدرتکا اعلان زمرۂ معا

برہان سی وَيَنقَلِبُ إِلَىٰ أَهْلِهِ مَسْرُورًا کی مورث فوز عظیم رہتا ہی + وہ احد کہ اوسکی نوید

لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا سی ہر مقربِ انجمن محبت سعر کہ شوق لقا کا شہید ہی + الله الصمد

کہ تمہید أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَن يُتْرَكَ سُدًى مین طالبانِ حقیقت کا نقدِ جان بہانہ

ایسا معبود جسکی بندگی اخلاص مین قیام و قعود والی محرابِ تیغ کی رضا ہی نیت لیہوسی ضوکی

اثرِ موجود کہ اوسکی پرستشِ خاص کی رکعِ متصلای طاعت پر گردن ہر کائی کو ہی رضا مین سرکی

گذرتی ہین + اوسکی عاشقانِ جمال رونۂ شہود وصال مین خطاب يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا

أَنصَارَ اللَّهِ سی جامہ طرحدار جراحات کو زیب تن ارغوانی پوش بناتی ہین + جانبازان

ذکر تالیف کتاب

ذوالجلال نے سب قرب لایزال میں پیام یا ایتہا النفس المطمئنۃ ارجعی کی بشارت پہلا
اہل و عیال کی بار سے سبک دوش رہجاتی ہیں + زہی حکیم بی نیاز کہ مادۂ امکان میں بلائے
بلاکشان خیر الوریٰ محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثنا کو سب دردمندون کا قبلہ نما بنایا
زہی رحیم کارساز کہ قدم علی ولی اللہ اور اولادِ ابرار علیہم السلام کو بارہ مقام سے تسلیم و رضا کی پایہ بہا
درجۂ اقصیٰ کو پہنچایا اللّٰہمّ صلِّ علیٰ خاتم الانبیاء والمرسلین وامام الاصفیاء
رحمۃ للعالمین وآلہ الطاہرین المعصومین واہلبیتہ المظلومین وتحیات
کرمک ورضوانک لاصحابہ المومنین والشہداء والصالحین* امّا بعد
راقم سطور آثم معترف بقصور محتاج غفران لم یزلی محمد حسین ابن محمد علی ابن حاجی محمد بیگ ابن آقا علی
اُنسی کہ لقب کہا جی سی زبان زد اہل روزگار ہی + ورق یادگارِ دہر اور خاطرِ محبین حسین
احلان سی خلاصہ نگار ہی + کہ والد میری قوم ترک قبیلہ افشار شہر ارومیہ کی رہنی والی نوجوانی
آذربائیجان سی ہندوستان کو آئی + شوقِ روضہ خوانی میں اساتذہ کامل یعنی ملا حاجی ابو طالب
اور شاہ حسین رضوان مکانان کی خدمت بجا لائی + مجہی بہی بدوِ فطرت سی یہ فن سعادت مآل
وراثت میں ملا + سامانِ رونی رولانی کو جمع آوری کتب سی بہت مستعد کیا + بعض بعض
جو تحریف نامقبولِ خدا و رسول دیدۂ تحقیق سی دیکہی + کتاب مجالس الاخبار حاوی
اصول و فروع ماتم فارسی زبان میں لکہی + جب متولد او مسکن لکہنو سی نوکری سرکار
پادشاہی چہوڑ کی چلا + ذریعہ فتردانی اور طلب سی رئیس جنت آرامگاہ کی بلدۂ بمبئی میں
ملازم رہا + ناگاہ ایام عزا میں ایک دن اونکی خلفِ غفران مآب نی بلایا + محفل عورات
اور محل مخدرات میں پس پردہ خوانندگی کا امر فرمایا + حقیر نی بنظر تکلموا الناس علی قدر عقولہم
عبارتِ اردو میں مصائب کو مختصر پڑہا + تا کہ مرد و زن اور سلسلۂ شیعون بیشتر از پیشتر رُلا

اسباب تالیف کتاب

نوابصاحب نے اوس جلسۂ خواتین میں بیانِ مذکور پر ستایش کی + واسطے تحریر ترجمۂ حدیث و روایت
لسانِ ہندی میں مجھ پر فرمایش کی + باوجودِ عدمِ شعور حسب الارشاد عمل میں لایا + صاف کرکے اُسکو
حضورِ پُرنور میں پہنچایا + حسبِ ثواب اُسکو مجمعِ مستورات میں تحت اللفظ خوان رہے + تاکہ دنیاسے گذرکے
ملقب فردوس مکان ہوئے + بعد از انتقالِ فرمان رواے النصرام سے خدمات سرکار کی مجھے مجال
فرصت نپائی + اوس جرچے کی فکرِ تحریر اور تقریر اقدام تساہل سے طبیعت قاصر بنا اِنی + اکثر اوقات
مبتلاے امراض رہا + درد غم و الم کو خاطرِ ناشاد میں سہا + دست و ہرنی وہ صفحات پریشان
حواسِ راقم پریشان کیے + بعض محبانِ قدرشناس نے تقاضے سے عہد و پیمان لیے کر اِن اغلاط کی
صورت انجام پرسعی جمیل سے متوجہ تکمیل رہو + اور تعمیل ثواب کی باب میں ملکِ جلیل کا انعام جزیلِ لو
کیونکہ جو محققین عن عن لکھتے آئے کمتر مفید بکار پایا ہے + مرثیہ ہندمیں روایات جعلی سے انواع بنا کے
دفتر بنایا ہے + مجالسِ عزا میں جاکے بیٹھنا طاعت معنوی اور صوری + بقدرِ ذاکر کو غیبت سے گوش
کرنا ضروری + مضامین و اشعارِ ہتکِ حرمت آلِ عبا خلافِ عصمت انبیا و اوصیا میں روا مانے
بلکہ اوسکا منع درصورتِ قدرت مقصود اور خوانندہ بی ادب کی ملامت ممدوح + اکثر طالبانِ
اونہیں افترا پردازوں کو بلاتے اور عذر لاتے ہیں + کیا کریں جو عبارت اُردو پسند آئے ہُدی سو وہ
جزای خدا انہیں باقی ہیں + علما بھی اس عام بلوی میں دم کہا رہے + اجتہاد کی قدم بڑھای جہاد میں آگے
نہ بڑھے + مجھکو سبقت توفیق نے امدادِ ہمت اور اعانت پہنچائی + چشمِ دل کو اقتضای تحقیق نے راہ قدر و
منزلت دکھائی + خصوص نقاوۂ خاندانِ خیر الانام مسند شرافت حفی و جلی تہذیب ذی علی خلف
میر باقر علی زاد مجدہ کا اہتمام ہوا + خلوص زمرۂ عرفانِ ذریت کرام علیہم السلام کا مقام ارشاد
پر اٹہا + ہرچند اپنی طاقت استعداد سے احتمال بارِ مہمّ کو دشوار پایا + لاکن طاقت لاحول و لا
قوة الا باللہ العلی العظیم نے بخوبی سرانجام کار فرمایا + ہماری نواب ناظم بہت بڑی شاعر

طرز تالیف کتاب

اور صاحبِ دیوانِ غزل تہی، علمِ نظریات کی شایق ذی استعدادِ اجل تہی، خادم فی جوابیاتِ مفیدکا
اور تضمینِ دعا کو بیشتر اونکی تخلص ناظم پہ تحریر کیا، بقای نامِ ولی نعمت کی لیی اوس انتظام کو دستور
قدیم سی تغیر نہین دیا، تاکہ موجدِ خیر کی روح نتیجۂ حسنات سی جایزۂ نیکنامی پائی، حدیقۂ عمل کا پہل
روضۂ جنات مین ہاتہہ آئی، جسکی زبانِ فہم طرزِ جدید کی لذت اوٹہائی، درگاہِ حق مین دعا
مغفرت کو دستِ مواظبت بڑہائی، سابق ایامِ عشرۂ محرم کی پڑہنی کو شیایعِ مشروع سی مجلسین
مشہور تہین، بابِ الٓمّٓ ذٰلِکَ الکِتابُ مین شان و نزولِ محکم سی متشابہ آیاتِ صواب وہ صورتین
منظور کین، جو ہر واحد کا عبارتِ تمہید مین تحریصِ نالہ و فغان پر جدا جدا عنوانِ گفتار سی
مناسبِ وقت ایک سی دوسری کو بدلنی کا خوانندہ کی ہاتہہ مین اختیار ہی، خلاصہ ابرام اس کی
انام کو مبادیِ فیاض نی طورِ انسجام کا یون الہام فرمایا، کہ آغاز مین رباعیاتِ کلامِ شعرا کو عددِ دائرۂ
توجہ خاص و عام کیواسطی مختلف اقسام لایا، بعد ازان براعتِ استہلال پر شور و شین کی روایات
فضیلت او مصیبت کا متن شارحِ بوستانِ احزان بنایا، سرگذشت کو زبانِ حال مین بسینہ
مقام سی مقتضای واقعات پر بقدرِ وسعتِ بیان بڑہایا، ترجمہ مین حاصلِ مضمون کی رعایت
رکہی، جو بات منافی عصمت اور طہارت ہی وہ نہین لکہی، کسی عبارتِ فارسی اور ہندی کو
جامۂ عربی نہین پہنایا، رقت اور شہرت کی طلب کو التباس حدیث کا فقرہ لوحۂ دل سی مٹایا
قرب و جوار مین تکرارِ الفاظ سی دوری کا ملاحظہ موجود ہی، بقدرِ امکان ایک جنس کی دو حرفون مین
فاصلہ مقصود ہی، موزونیِ طبع نی جہان تک صفائی تکلم پائی، وجودِ فقرات کو زیورِ سجع کی لباس مین
مرصع پہنائی، اس دستورالعمل خیرات کو تالیف کیا، اور مقدمۂ واحد اور پنتالیس مجلس کی بنا سی
خاتمۂ جاملِ ترصیف ہوا ہی، آدابِ زیارات اور دعیات و حمات کی ضروریاتِ اہلِ ولا سی
جب اقلامِ حق ارتسام نی آثارِ مناقب اور نوائبِ آلِ سیدِ انام کو حلیۂ اتمام دیا، تب اہتمام

نام و تاریخ تالیف

خاطر قدیر سے رسا نے ارشادِ غیب سے اخبارِ ماتم نام کیا + پس یہی تاریخ ہے فہم ہے گنجینۂ غم کی جو ہے مہد
آفتاب اُفقِ طبع فلک خرام سے چمکی قطعہ مؤلفہ سے ندسی کتابوں کی ناظم نے لکھا + روایاتِ صحیح
مصائب کو باہم + غم و درد و شیون بھری ایسی مضمون + خدا کی مدد سے کیے ہیں فراہم + ہر اک لفظ
مفتاحِ قفلِ بکا ہے + ہر سطر کی سلک گوہر سے توام + ضیا بخش مصداقِ نورٌ علی نور + عروجِ
معانی کو نہ پایہ سُلّم + قلم کی زبان پر نہیں ہیں جو انداز + ہوا رو ہے قرطاس اشکوں سے پرنم + نظر
جو انصاف کی اونکو دیکھیں + تو شایہ ثنا خوان ہوں با فہم عالم + حقیقت میں اوستادِ روح
القدس ہے + کہ اثبات پر قولِ صادق ہے محکم + یہ ذکرِ حسین علی کی ہے بخشش + کہ جسکا عزا خانہ
عرشِ اعظم + حبیبِ خدا کا وہ پیارا کہ دایم + محبت کا دم اوسکا بھرتی ہیں آدم + رہِ دینِ
عرفان سے جو راست جائے + درود و سلام اونپہ بھیجے مقدّم + خرد سے جو تاریخ تالیف پوچھی
ندا دی یہ اوسنے کہ اخبارِ ماتم + جا ساں انجمن بیت الحزن کو سمجھا سخن ہمیشہ یہ تن ہی گرد
۱۲۸۵
حدیث معتبر اور حسن جو اس میں بدرا زنالہ و شیون میں ہی دادن میں بیشتر اختلاف مضامین سرگذشت
دیکھا جاتا + لاکن مؤلف نے سبکو اپنی علمای موثق کی تحریر سے مستند کرتا لاتا + فکر صحیح کی غور
وجہِ اضداد اور نقص ہونی عقل و نقل میں آئی + کہ واقعاتِ مصائب میں راویانِ با دیانت کی جان
رسائی حضور سے کہاں پائی + اعدا ظلم کرنیوالی ساری جہان کی فاسق اور فاجر بیدین سیاہ
ناظرین دور و نزدیک یہود و نصاریٰ خواہ نا مسلمان بھی حمقای کمین تھی + دوستین بر تک
انہیں اشخاص کی مشاہدہ اور سماعت پر سب ماجرا گذرا + جنکی زبانی جملہ قصص مشہور ہیں اور
سلسلہ بیان منتہی ہوا + بعض نے حکایت میں غلبۂ نسیان سے تفاوت کیا + وہ تصرف بنا
کسیکی تقریر ناقل کو قصور فہم سے نہ سمجھا + اگر اپنی طرف سے جو پایا ویسا کہا + پھر چار سو برس
بلکہ زیادہ شدّت احتیاجین یہ افسانے درمیانِ خلایقِ لسانی مذکور ہوتی آئی + تاکہ شیعہ اور

۸

ذکرِ اختلافِ حدیث و روایت

فضلا نے ہر گوشہ و کنار سے اقوالِ مردم کو سنکے ثبتِ کتاب فرمائے + عرصۂ دراز مین جمع خریدارِ
اخبار اور حصولِ نام و نمود کی راہ واسطے فرشتۂ طالبِ جاہ کہلی + سخن ساز و نکو فقرا پرداز کی
مجالِ خاطر خواہ ملی + فریقین کی واقعہ نویس نے اوسمین تقسیم سبقہ حدیث کو عدمِ امکان سے
اسبابِ ہرج مانا + ذکرِ ہر ایک سانحہ کو یادِ حضرات کی لیے جو بلایا مین صبر کیا صورتِ فضیلت اور
معین بگا جانا + بہت مدت مین آثارِ مناقب اور مصائب کو قیدِ نگارش مین لائے + فاصلہ و سقط سے
جو صدہا سال گذرے فتورِ منافات ایک دوسرے کی حافظہ پر ظہور مین آئے + لہذا مین لوازم
توفیق اور توثیقِ عباراتِ مسند رجہ سے ناچار ہون + جو سانحہ دفترِ سلف مین لکہا پایا + اور مغایر
عصمت نظر نہ آیا اوسکو مین پابندِ رشتۂ اظہار ہون + ازان قبیل فاطمہ بنت امامِ ابرار کا مدینہ مین
رہنا مرضِ شداق کی ابتلا سے عراق مین پدر بزرگوار کو نامہ رقم کرنا + روایتِ ثانی واقعہ کربلا مین
اہلِ حرم کی ساتہہ تاراجی کا درد و الم سہنا + بازارِ کوفہ و شام کی رہگذار مین خلق کو سخنِ ملامت کہنا +
لاکن شادی قاسم جو اول بیاضِ فخری مین ذکر آیا وہی ماخذِ روضۃ الشہدا ہے + انہین دو کتابا سے
عربی اور فارسی کی سند سے بساطِ عزا پر ہنگامہ نشاط کو سب نے پہیلایا ہے + عدمِ تدبر مین اِرادہ کا
عقل و نقل کی روسے کہایا + خبرِ معتبر مین فاطمہ کا بیاہ حسن مثنی کی ہمراہ قبل از سفرِ کربلا ظہور پایا
دوسرے وہ ضغطۂ جدال اور محاصرۂ اعدا مین ایسی تقریب کی مہلت اور ضرورت کہان تہی +
عبارتِ اعلام الورے سے معلوم ہوا کہ بازگشتِ خیمہ تک بہی مجالِ امان ہرگز نہ ملی + تیسرے مین
سالِ قاسم روزِ شہادت مین والد کی تین برس کا پایا جاتا ہے + لہذا غیر بالغ ہونا شاہزادہ کا
تحریرِ وصیت نامہ اور قبالۂ نکاح کو مٹاتا ہے + وقوعِ زفاف غلط کہ فقدانِ آب سے دو فرزندِ
امام جنب رہین معاذ اللہ + اسمین فکرِ صحیح کو دخل نہ دیا زہے پیروی ضلالت پناہ + ازیرا
بنی اسد کا مشاہدہ صورتِ شبر مین وتی جسد اکو جو متصل سے آتا تہا ہے ایمان کی خلاف +

تعریف کتاب

مہانداری شیرین بہانہ پر ورد سواری ہندہ خزانہ زندانمین ملا محمد خطا کی بنائی ہتبا انصاف الا وفات سکینہ
خاتون شہر دمشق مین حکایت ہی مشہور پھر اونکا عقد مین جانا شوہر کی اور مدت دراز تک جینا بھی مسطور
دونو حادثون مین کچھہ قباحت نہین جو پڑھی اوسکو ہرگز مخالفت نہین آتا در باب سر سرور دین اخبار مختلف
دفن ہونی کا شام اور مصر و کربلا و نجف اور مدینہ مین جو نظر آیا واقعی اوسکی حقیقت حال کو معلوم نہین کر سکی
ناقلین آثار نی تشعیر فرمایا خلاصہ تقریر مختصر کردن دفع اعتراض کی بیان کو ایسا بہت ہی مقام شبہ اور سہمین
تردیۃ اغماض لازم جانکو عاصی نی ہر مصیبت پر سیرت انبیا و اولیا کا دہیان لگایا مجالس الاخبار کی
سر چشمہ صدق و صفا سی دو سر ادریای عرفان بہایا اوسی روضہ خلد آئین کی چمن سطور سی گلہای الفاظ
رنگین کو سبد تالیف پر جمایا دہی عمان کی صدف اوراق سی لآلی حروف پر معانی کو سلک تحریر مین لا یا
منضج فقرات آبدار اشکبار کو طرہ دستار صفحات رکہا مجمع فارسی زبان کو تبدیل جا و مقام سی لکہا
جسکی حلاوت تعریف پر نخل ماتم کی ثمر طبق اعلان مین رطب اللسان کرتی ہین بشارت توصیف سی بحر انصاف کی
دُر کو ہر دامان بیان مین غلطان اور پیچان بھرتی ہین چشم بداندیش دور یہ مسودہ پسندیدہ ضیاء الابصار کا
نور افزا کحل الجواہر ہی دل نیک نہاد سرور کہ مجالہ گزیدہ خلاصۃ المصائب کا سرمایہ زرخاری سواد کا
ڈہنگ تیلیون پر حوران جنت کی چشمک زن بیاض کا رنگ طباشیر صبح عید کو جلوہ میرین فصاحت مین
طوطی سدرہ اور عندلیبان طوبی ثناخوان بلاغت سی علم بیان اور معانی کا سلسلہ عیان سلاست مین
کلام کی روانی سلسبیل اور توجہ کو شرمانی بھری نزاکت الفاظ مین باہمہ زبان دانی روح الامین
سماعت پر کان دہری فقرات نثر کو عقد ثریا کی ساتھہ قدر و قیمت کا دعوی ابیات کی نظم سی
پروین اور سنبلہ نی عروض خجلت کو پایا ہی یہ سفینہ مناقب اور مصائب شاہ لولاک
لما خلقت الافلاک ہی خزینہ رحمت اور کرامت ایزد پاک بلکہ عرش علا کا زیور پاک ہی
جسکی ایک دُر بیش بہا کی سی رونی والی کو قصر یاقوت اور ایوان زمرد ملی صرف دہم سی الم و ثانی

اسناد ماخذ کتاب

گنج آمرزش لفت بیٹھوان ہاتھ لگی اس حدیقہ جنات الخلود نی بحار الانوار مجلسی کی مجاری سے نزاہت مین آبیاری پائی اور جریدہ صفحات کو پرچم اعلام الوریٰ سے طبرسی کی زینت پرشکوہ سالاری آئی صحاح زبدہ شش جہات کو منتخب فخری سے وہ انتساب ہی جو کتاب و سنت کی مطابق ہی الواح گزیدہ کی وجہات مین فواتح حسینیہ کا لب لباب ہی کہ ارباب مصیبت شایق عمان مواج کی چندرو وندیر و نسوکی عین البکا سے جداول آمیزش ہی بڑہان و تاج کو اصول و فروع مین دلایل الشہدا کی ساتھ تحمل سازش ہی اس نسخہ کیمیا کو اوزان قصاید و فغان مین اجزای اکسیر العبادت سے ملتون اجساد بنایا اور نصایح سودمند سے گوش الم فراموش مین تنبیہ الغافلین کی اوراد کو سنایا مسلک طاعات مین تہیدستان بی مایہ کو زاد المعاد سے توشہ کار آمد مہیا کیا اور پیکر حیات و ممات مین صاحبان بلند پایہ کو ضروریات حلیۃ المتقین سے پیرایہ زیبا دیا واقفان باب دار السلام کو تحفۃ الزائر سے اداب کی راہ دکہائی مشتبہان صلوۃ و صیام کو مفتاح الفلاح کی نوادر سے صنف صنائع اللہ بیجائی عبارات مین جوشش عبرات سے وہ روانی ہی کہ سحبان وائل قائل ہو جائی حکایات مین کوشش ترصیعات پر ایسی خوش بیانی ہی جو فردوس کی عنادل کو شاغل فرمائی جرعہ نوشان صہبای غم کو رواج مین جو خمخانہ سعی مین لائی ساقی کوثر کی وہ شراب طہور کالی جسکا خمار نشہ ابد تک قہوہ تلخ ملامت سے نہ ٹوٹی گلچینان بہار الم کو غنچہ دل خندان ہو جو چمن چمن مین وہ لالہ و ریحان حقایق کا دستہ باندہا جسکا رنگ شادابی باغچہ عمر کی خزان سے جہوٹی طفلان دبستان بلاغت کو جو قرآن شوقسے آیات خدا کی شان مین تفسیر غلط پڑہتی دست ارشاد کا تازیانہ بصیرت لگایا عریان بیکران ہدایت کو جو آستین گریبان افادت مین پیوند بیت وصل کرتی دیبای منظر اعتماد کا حلہ قبولیت پہنایا خشک دماغان سودای غفلت کیواسطی روغن بنفشہ یاد ملک الا کہ آنکہو مین تراوت بڑہی مرحلہ پیمایان زوایای جہالت کی لئی سوز و گداز جگر کا چراغ جلایا کہ نظر مین بیت الاحزان صداقت چڑہی مضمون لیلی مضمون کو جو بلا قید صحبت دیوانہ وار واسوخت کہتا سلسلہ تحریر سے زنجیر عنقا بیانی

حقیقت سجھائی+ آبِ ورنگِ حدیث و روایت سی وہ قواعدِ صوت اور معنی بتائی کہ صفحۂ
سینہ پر نقشِ ماتم کھینچی+ ادویۂ مُطَیِّبِ تعزیت کی ایسی عطر گلزار بنائی+ تا جامۂ شکیبِ سوگوارِ
شمیمِ الم پہنچی+ بلکہ عشقبازانِ بساطِ ایمان جو گنجفۂ اندوہ و کلال سی کھیلتی ہین+ داؤ
حریفِ شیطان کی مہرۂ عمل کو نہ ہارین+ اور سردو سرایانِ بزمِ عرفان جو نغمۂ
خیال مین تان اور اپنی لی لیتی ہین+ حالِ وجد سی قول و غُل پر ہاتھ پسر نہ مارین+ انقباضِ
طبایعِ قاسیہ اس حب ایارج سی کیفیتِ ملال پر ملایم رہی+ اور سکتۂ نفوسِ ناطیہ کو نخلخۂ
روح افزا شور و ابتہال سی متہاجم کری+ حاذقِ مطبِ قلق اور سوگواری ماہر ہی کہ
تپِ محرقۂ عصیان کو اس تدبیر سی یہ چکیدۂ دیدۂ تبرید معتدل ہی+ اور شایقِ گنجِ آہ و
زاری پر ظاہر کہ مفلسی مین روزِ حساب کی خریدِ جنسِ غفران کو یہ بدرۂ شور و شین سرمایۂ
کامل ہی+ فاقہ کشانِ زمرۂ اہلبیت کو جو ہر ناکس کی جھوٹی لقمہ پر فکرِ معاش مین ہنہ پھیلائی
کُلّ جَدِیدٍ لَذِیذٌ فرماتی+ صدقِ مقال سی آذوقۂ حلال کا انبار ہی+ اور عابدوشانِ
صومعۂ ریا کو جو دیرِ ترسا و مجوس مین شبہۂ حرم پر جباتی+ ذکرِ نجات مین ناقوسِ حاجتی
اصلاحِ حال ہی حسنِ اعمال کا وظایفِ رشا رہی+ رجا کہ سبق پڑہنی والی سیہ ری
شرایعِ ہموم کی مکتبِ دارین مین روبروی عالمِ اسرار آموختۂ الزام و مقبولِ انعام
بی سواد رہین+ اور کاتبِ حروف کو مقطعاتِ انجام پر یعنی آب و خدرو نی روانی مین جب
فضیلت پائین+ دعای مغفرت سی یاد کرین+ امید کہ یہ ذخیرۂ مثوباتِ دارین جو دامنِ
آرایش مین بھرا ہی+ اور پیرایۂ حسناتِ ثقلین کہ بہ سرمایۂ استعداد نی کفِ نمایش پر دھرا ہی
بنظرِ قبول نذرِ حضورِ مصدرِ جلال ہو+ اور یہ مختصر مأمول نتیجۂ حصولِ قدر رسی مشتہرِ لازوال ہو

ارباب دانش جانتے ہیں کہ ایزد باری ساری مخلوق پر ارشاد ہے وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا یکسان مہربان ہے + اصحاب نگارش پہچانتے ہیں کہ ذات کردگار کے منطوق پر بنا أَحَسِبَ النَّاسُ أَنْ يُتْرَكُوا أَنْ يَقُولُوا آمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُونَ سب کا طالب امتحان ہے + اگرچہ سعید اور شقی کا ازل سے شناسا ہے + ناجی اور ناری کا ابدًا بینا ہے + لیکن بنا بر اتمام حجت جسد ابرار و اشرار کو نائرہ تکلیف میں گداز کرتا ہے + زر خالص اور ناسرہ کو بازار سود و زیان میں محک امتیاز پر کستا ہے + قال میں چاشنی حال کو بنظر خاص دیکھتا ہے + رفاہ اور خلاص میں قدر و قیمت کو سکۂ اخلاص کی پرکھتا ہے + اس بات کا مؤید ہے خلاصہ مطلب اَلْبَلَاءُ لِلْوِلَاءِ کَاللَّہَبِ لِلذَّہَبِ مگر آزمایش کی مختلف اقسام ہیں + اسکی وجہ تفاوت میں قاصر او ہام ہیں + عسرت نا داری + ملالت و بیماری + شرف بزرگی میں اہانت خواری + تسلط اعدا + غم فوت اقربا + نقصان مال اور تلف ہونا عیال کا + زوال جاہ اور نہ رہنا جلال کا + ذلالت اور ذلت نسوان + ہلاکت اور فنا ہے جان + خواہ برعکس نظائر مذکور + دولت و نعمت کا وفور + فرزندی و مکنت و حکومت + سوز وئی ملک و سلطنت از آدم تا خاتم عالم ابتلا سبکا جدا ہے + مصلحت و منا سبت واقف خدا ہے + ابو البشر دوری جنت و فراق حوا سے نالان + نوح تا مدت دراز نوحہ خوان کشتیبان ورطۂ طوفان + ابراہیم خلیل کا نار نمرود میں گزار + اسماعیل کا خنجر زیر حنجرہ آبدار + یعقوب مہجوری فرزند میں مبتلا + یوسف الم زندان سے مقید سلسلۂ صبر و رضا + موسی زحمت فرعون و آفت تیہ سے پر خطر + داود و سلیمان بادشاہت کی افسری بہرہ ور + ایوب آزردہ جان عداوت شیطانی + یونس کو شکم ماہی میں حوالات ظلمانی + عیسی دار محنت پہ مصلوب + زکریا و یحیی ہلاکت سے

مقدمة الكتاب

بَشَرًا مِثْلَهُمْ لاکن واجب الوجود نی آفریدگان ممکنات کی ہدایت کو پیغمبر بھیجی اونکی صنف
بشر اور جنس خلق سی مبعوث کیی ۔ فَلَوْ بَعَثَ اِلَيْهِمْ رُسُلًا مِنْ غَيْرِ صِنْفِهِمْ وَصُوَرِهِمْ
لَنَفَرُوا عَنْهُمْ وَلَمْ يَتَقَبَّلُوا مِنْهُمْ اگر اونکی صورت و سیرت سی رسول نہین بھیجتا ۔ تو ہرگز
لوگونکا دل ہرگز نہ ملتا ۔ قول نبی کو قبول نکرتی ۔ امر تکلیف سی بیگانہ رہتی ۔ فَلَمَّا جَاؤُهُمْ
وَكَانُوا رُسُلًا مِنْ جِنْسِهِمْ يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَيَمْشُونَ فِي الْاَسْوَاقِ پس
رہنما جب اوسی قسم اور نوع کی آئی ۔ مثال مردم کھانا کھاتی کوچہ اور بازار مین پھرتی پائی
قَالُوا لَهُمْ اَنْتُمْ مِثْلُنَا فَلَا نَقْبَلُ مِنْكُمْ حَتّٰى تَاْتُونَا بِشَيْءٍ نَعْجِزُ اَنْ نَاْتِيَ بِمِثْلِهٖ
اونسی کہا عبادنی تم ہماری صوت کی ہو تمہاری بات نہین مانتی جبتک وہ کام نکرو جو اوسی
ہم نہین جانتی ۔ فَنَعْلَمَ اَنَّكُمْ مَخْصُوصُونَ دُوْنَنَا بِمَا لَا نَقْدِرُ عَلَيْهِ جسپر ہم قادر نہین
وہ ظاہر کرو ۔ تو جانین کہ شرف اور کرامت پر تم مخصوص باہر ہو ۔ فَجَعَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ
لَهُمُ الْمُعْجِزَاتِ الَّتِيْ يَعْجِزُ الْخَلْقُ عَنْهَا پس اللہ تعالی نی اپنی پیغمبرونکو معجزات ایسی قوتین
عطا کین کہ طاقت بشری سی نہو سکین ۔ وہ باعث عجز خلایق ہوئین ۔ فَمِنْهُمْ مَنْ جَاءَ
بِالطُّوْفَانِ بَعْدَ الْاِنْذَارِ وَالْاِعْذَارِ فَغَرَّقَ جَمِيْعَ مَنْ طَغٰى وَتَمَرَّدَ ایک اونمین سی
ڈرانی اور سمجھانی کی بعد جلال مین آیا ۔ اہل انکار پر بلای طوفان کو لایا ۔ جن لوگونکا تمرد و
طغیان دیکھا تھا اون سبکو موجہ قہر مین ڈبو دیا ۔ وَمِنْهُمْ مَنْ اُلْقِيَ فِي النَّارِ فَكَانَتْ
عَلَيْهِ بَرْدًا وَسَلَامًا دوسری منقتد نار نمرودی مین ڈالی گئی کہ وہ آتش سوزان
سرد اور سلامت رکھنی والی رہی جو ستاذی نہوی ۔ وَمِنْهُمْ مَنْ اَخْرَجَ مِنَ الْحَجَرِ الصَّلْدِ
نَاقَةً وَاَجْرٰى فِيْ ضَرْعِهَا اللَّبَنَا اونمین ایک وہ تہا جسنی خارا پتھر کی اندرسی اونٹنی
نکالی کہ چھاتیونسی دودھ بہتا قوم نی دیکھی بہالی ۔ وَمِنْهُمْ مَنْ فُلِقَ لَهُ الْبَحْرُ وَتَحَرَّلَهُ

مقدمة الكتاب

مِنَ الْحَجَرِ الْعُيُوْنَ وَجُعِلَ لَهُ الْعَصَاءُ الْيَابِسَةُ ثُعْبَانًا فَتَلَقَّفَ مَا يَأْفِكُوْنَ

ایک نبی کی واسطی دریا شکافتہ ہوا+ رستہ چلنی کو پانی دیوار بنا کہڑا رہا+ پتہر سی بہت سی آب روان کا
چشمہ نکلا+ سوکہی لکڑی کا عصا اژدہا بنا+ ساحرونکی شعبدونکو سب نگل گیا+ فرعون اور اوسکی
تابعین کو ڈرادیا+ وَمِنْهُمْ مَنْ اَبْرَءَ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاَحْيَى الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ
عَزَّوَجَلَّ وَاَنْبَاءَهُمْ بِمَا يَاْكُلُوْنَ وَمَا يَدَّخِرُوْنَ فِيْ بُيُوْتِهِمْ اونہین سی ایک مادرزاد
اندہونکو روشنی چشم دیتی+ بیماری برص اور جزام کو اچھا کرلیتی+ اذن خدا پاتی تو مردونکو جلاتی
لوک جو اپنی کہر مین کہاتی خواہ چہپاکی رکہہ اتی اوسکی خبر مفصل فرماتی+ ہر چیز کا نام اور پتا بتاتی
وَمِنْهُمْ مَنِ انْشَقَّ لَهُ الْقَمَرُ وَكَلَّمَهُ الْبَهَائِمُ مِثْلُ الْبَعِيْرِ وَالذِّئْبِ وَغَيْرِ
ذٰلِكَ اور اونمین ایک وہ سید البشر تہی جسکی اشارہ انگشت سی چاند دو ٹکڑی ہوا+ جیوانات بہی
مانند اونٹ اور گرگ وغیرہ نی صاف کلام کیا+ فَلَمَّا اَتَوْا بِمِثْلِ هٰذِهِ الْمُعْجِزَاتِ وَعَجَزَ
الْخَلْقُ مِنْ اُمَمِهِمْ عَنْ اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِهِ جب یہ خرق عادت سامنی لائی مرسلان خدا نی
بڑی معجزی دکہائی تو اونکی امت مین لوگ شرمائی کہ ویسا کرنی سی عاجز ائی كَانَ مِنْ
تَقْدِيْرِ اللّٰهِ وَلُطْفِهِ بِعِبَادِهِ وَحِكْمَتِهِ یہ صورت تقدیر الہی کی حکمت سی ظاہر ہوئی+
چشم لطف وعنایت خدا ناظر حال بندونکی رہی+ اَنْ جَعَلَ اَنْبِيَائَهُ مَعَ هٰذِهِ الْمُعْجِزَاتِ
فِيْ حَالٍ غَالِبِيْنَ وَفِيْ اُخْرٰى مَغْلُوْبِيْنَ وَفِيْ حَالٍ قَاهِرِيْنَ وَفِيْ حَالٍ مَقْهُوْرِيْنَ
اپنی پیغمبرونکو رتبہ دو دونی آزمایا+ باوجود ہونی ان معجزات کی ایسا کیا جو کبہی غالب اور دوسری
وقت ضعف رہا+ کاہی زبردست زمان ثانی زیردست کا رتبہ دیا وَلَوْ جَعَلَهُمْ فِيْ جَمِيْعِ
اَحْوَالِهِمْ غَالِبِيْنَ وَقَاهِرِيْنَ وَلَمْ يَبْتَلِهِمْ وَلَمْ يَمْتَحِنْهُمْ لَاتَّخَذَهُمُ النَّاسُ
اٰلِهَةً مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اگر ایزد ہر وقت سب حال مین اونکو غالب رکہتا+ تجربہ بشریت مین

٢١

مقدمۃ الکتاب

امتحان اور ابتلا کرتا، ہر آینہ ساری بندی حضرات کو بھول جاتی اونکی صورت کی عبادت بجا لاتی

وَلَمَّا عَرَفَ فَضْلَ صَبْرِهِمْ عَلَى الْبَلَاءِ وَالْمِحَنِ وَالْاِخْتِيَارِ پس اونکی شرف کو مقام

صبر مین اوپر بلا و محنت کی پہچانا کہ اختیار تہا وہ قبول کرین یا چھوڑ دین اذیت اوٹہانا، وگرنہ

درجہ فضل خلایق پر چہپا رہتا، مرتبہ تحمل اقتدار مین اوپر بلا کی ہرگز نہ کہلتا ولکنہ تعالی

جَعَلَ اَحْوَالَهُمْ فِي ذٰلِكَ كَاَحْوَالِ غَيْرِهِمْ لِيَكُوْنُوْا فِيْ حَالِ الْمِحْنَةِ وَالْبَلْوٰى صَابِرِيْنَ

وَفِيْ حَالِ الْعَافِيَةِ وَالظُّهُوْرِ عَلَى الْاَعْدَاءِ شَاكِرِيْنَ لاکن خالق نی اونکو جامہ انسانی

پہنایا، گذران معاش مین شامل اور آدمیونکی بنایا، ابتلای محنت اور ایذای اہل عداوت مین وہ

جب آرام و چین اور صحت پائین دشمنون پر ظفر ہو تو شکر کرین وَيَكُوْنُوْا فِيْ جَمِيْعِ اَحْوَالِهِمْ

مُتَوَاضِعِيْنَ غَيْرَ شَامِخِيْنَ وَلَا مُتَجَبِّرِيْنَ وہ بزرگوار ہر حال مین قوت و ضعف کی

عباد اللہ سی متواضع رہی تکبر اور نخوت کی ہرگز مرتکب نہین ہوی وَلِيَعْلَمَ الْعِبَادُ اَنَّ لَهُمْ

عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اِلٰهًا هُوَ خَالِقُهُمْ وَمُدَبِّرُهُمْ فَيَعْبُدُوْهُ وَيُطِيْعُوْا رُسُلَهٗ تاکہ خلایق

جانین اوس رب کا جان آفرین مدبر امور اور باطنی و الاہی ہیمبر جنکی طاعت اور عبادت

پروردگار کو پہچانین واجب الاداہی وَيَكُوْنُ رُسُلُهٗ حُجَّةَ اللّٰهِ تَعَالٰى ثَابِتَةً عَلٰى مَنْ

تَجَاوَزَ الْحَدَّ فِيْهِمْ وَادَّعٰى لَهُمُ الرُّبُوْبِيَّةَ ہر آینہ اوسکی انبیا و رسول حجت واثق

اوسپر جو حدود الہی سی نکل جائی اللہ کو بھول کی ان سادات پر شان خدائی کا شبہ لائی

اَوْ عَانَدَ وَخَالَفَ وَعَصٰى وَجَحَدَ بِمَا اَتَتْ بِهِ الْاَنْبِيَاءُ وَالرُّسُلُ یا جو مرتکب

مخالفت اور سرکشی اور عصیان کا، یا لائی ہوی احکام انبیا و مرسلین سی جسنی انکار کیا

وَلِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ پس اگر ایسی دلیل اور برہان

عیان کو نہ دیکہا، وہ فرقہ تباہ اور ہلاک ہوا جو اوس طریق کا مطیع اور پیرو بنا، البتہ امر بدیہہ

مقدمة الكتاب

دارین زندہ جاوید رہا۔ قَالَ اِنَّ الثَّوَابَ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی ذِکْرُہٗ عَلٰی ضَرْبَیْنِ
اِسْتِحْقَاقٌ وَّاخْتِصَاصٌ کتابِ خصال میں قولِ معصوم سے کہا ہے ثواب اللہ تعالیٰ کو
دو قسم ارشاد کیا ہے ایک استحقاق کہ طاعت سے ملتا ہے دوسرے اختصاص جو فضل و کرم سے
عطا کرتا ہے وَلِئَلَّا یُحَقَّرُوا ضَعِیْفًا لِضُعْفِہٖ وَلَا فَقِیْرًا لِفَقْرِہٖ وَلَا مَرِیْضًا لِمَرَضِہٖ
لاکن ہر شخص پر اوسکا بھید نہیں کھلتا ہے کہ کس لیے خالق ابتلا میں رکھتا ہے اسواسطے نہیں
چاہیے کہ ضعیف کو اوسکی سلبِ طاقت میں حقیر سمجھے یا فقیر کو بسبب ناداری کے خواہ مریض کو بسبب ابتلای
بیماری کے ناچیز دیکھے وَلِیَعْلَمُوْا اَنَّہٗ یُسْقِمُ مَنْ یَّشَآءُ وَیَشْفِیْ مَنْ یَّشَآءُ مَتٰی شَآءَ
کَیْفَ شَآءَ بِاَیِّ سَبَبٍ شَآءَ یقین جانو کہ وہی حکیم بے نیاز بیمار کرتا ہے جسے چاہتا ہے اور صحت
دیتا ہے جسکو مناسب جانتا ہے جب چاہے جس طور چاہے جس علت سے چاہے وَیَجْعَلُ
ذٰلِکَ عِبْرَۃً لِّمَنْ شَآءَ وَشَقَاوَۃً لِّمَنْ شَآءَ وَسَعَادَۃً لِّمَنْ شَآءَ اور جسکی واسطے چاہتا ہے
شقاوت یا سعادت نصیب کرتا ہے وَھُوَ عَزَّ وَجَلَّ فِیْ جَمِیْعِ ذٰلِکَ عَدْلٌ فِیْ قَضَآئِہٖ
حَکِیْمٌ فِیْ اَفْعَالِہٖ لَا یَفْعَلُ بِعِبَادِہٖ اِلَّا الْاَصْلَحَ لَھُمْ وَلَا قُوَّۃَ لَھُمْ اِلَّا بِہٖ باوجود
اسکے وہ پاک پروردگار ان ساری امور میں عادل قضا یا ہے اور اپنے افعال میں منصف اور
حکیم و دانا ہے بندوں سے کوئی فعل بدون اونکی صلاح اور ضرورت نہیں ظہور میں لاتا ہے اور
کسی کو زور و طاقت بے امدادِ الٰہی نہیں آتا ہے رُوِیَ فِی الْمُنْتَخَبِ اَنَّ مُوْسٰی لَمَّا
تَوَجَّہَ لِمُنَاجَاتِ رَبِّہٖ عَزَّ وَجَلَّ اَعْرَضَہٗ رَجُلٌ مِّنْ عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ کتابِ
منتخب فخری میں روایت کی ہے یہ بات سند سے کہی ہے ایک دن حضرت موسی نے مناجات
الٰہی کیواسطے ارادہ کیا ناگاہ بندگانِ خدا سے مردِ صالح راہ میں ملا فَقَالَ لَہٗ یَا مُوْسٰی اَبْلِغْ
رَبَّکَ اَنِّیْ اُحِبُّہٗ وَاَنَا مُطِیْعٌ لَہٗ کہا یا موسی اپنے رب کو سیر اپیام پہنچانا میں اوسے بہت

مقدمۃ الکتاب

چاہتا اور طاعت بجالاتا ہون فلما فرغ موسٰی من مناجات ربہ نودی یا موسیٰ
الا تبلغنی رسالۃ عبدی جب موسیٰ نے باتون سے خدا کی فراغت پائی ندا غیب
آئی کہ تمنے کیون ہماری بندے کی رسالت چہپائی فقال یا الٰہی انت العلیم بما
قال عبد لہ موسی نے عرض کی خداوندا تو بینا اور دانا ہے جو سخن تیری عبد صالح نے کہا
خوب جانتا ہے فقال لہ ذوالجلال یا موسٰی وانا ایضا احبہ خالق انام نے فرمایا
اے موسی اوسکی نیت پر نظر کرتے ہین اور مدام ہم بہی اوسے دوست رکہتے ہین فازداد ذلک
الرجل فی یقین موسی انہ عبد صالح اوس آدمی کی قدر و منزلت کا یقین دل کلیم اللہ مین
زیادہ ہوا کہ وہ خاص اور نیک بندہ نمین ہے خدا کا فلما رجع موسٰی من مناجات
ربہ جعل یتفقد ذلک الرجل فی مکانہ جبکہ موسی مناجات کے سر سے پہر کے تشریف
لائے نوازش کرنے کو از راہ مہربانی اوس مرد کے گہر قدم رنجہ فرمایا فاذا ھو بالاسد قد
افترسہ فتعجب موسٰی وحزن علیہ موسی کو اوس محبوب الٰہی کا حال دریافت ہوا
کہ ناگاہ شیر آیا گردن توڑ کے مار ڈالا ندیم رب العالمین مرد پاک خدا کی مصیبت پر غمگین ہوئے
حیرت اور تعجب کے عالم سے ہوش گم کئے فقال یا الٰہی رجل صالح یحبہ وتحبہ
تسلط علیہ کلبا من کلاب یفترسہ درگاہ صمدیت مین عرض کی اے رحیم
یہ کیا مصلحت ہے تیری ایک بندہ شایستہ جو تجہے دوست رکہے تو بہی اوسکی محبت کا اقرار
کرے اوسپر دنیا کے کتون سے تیر اسکاری تازی دوڑے جان ماری استخوان توڑے اور کہال
فاتاہ الندا نعم یا موسٰی ھکذا افعل باحبائی واولیائی ابتلیھم فی دار
الھوان واسکنھم عندی فی غرفات الجنان اوسدم واقعہ عجیب کا ندا غیب سے
عجیب ہوا ہان اے موسی اپنی اولیا سے ہمیشہ اسی معاملہ رہا ہے نہیں گذرتا ہے ابتدا سے انتہا تک سلوک

مقدمۃ الکتاب

رہتا ہی اونکو دنیای غدار مین مبتلای زحمت رکھتا ہون دار ناپایدار سی لیجا کی آخرت مین بعوض عنایت

قصر جنت کا مکین کرتا ہون ایضاً رُوِیَ اَنَّ رَجُلاً جَاءَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ فَوَقَفَ بَیْنَ یَدَیْہِ

جلد بحار مین اس روایت کو ذکر کیا کہ عہد نبی مین ایک شخص رسول خدا کی پاس کھڑا ہوا فَقَالَ

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اُحِبُّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ لَہٗ اِسْتَعِدْ لِلْبَلَاءِ کہا ای سید انبیا

مین بہت دوست ہون ایزد باری تعالی کا فرمایا پس آمادہ رہنا ابتلای درد اور ایذای دنیا کا

فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اُحِبُّکَ فَقَالَ لَہٗ اِسْتَعِدْ لِلْفَقْرِ عرض کی ای خیر الوریٰ مین دل سی

تمہارا چاہنی والا ہون ارشاد کیا ہمیارہ نادار ہکو فقر و فاقہ مین بحال زبون فَقَالَ لَہٗ وَاِنِّیْ

اَیْضًا اُحِبُّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْطَالِبٍ فَقَالَ لَہٗ اِسْتَعِدْ لِکَثْرَۃِ الْاَعْدَاءِ پھر گذارش کی

اوسنی ای رسول مقبول مین کہتا ہون کہ علی ابن ابیطالب سی بھی محبت کا دم بھرتا ہون اوس حضرت

جل و علانی جواب دیا کہ ای مرد انتظار مین بیٹھیا غلبہ اعداو فور ایذای دنیا کا زیادتی دشمنان بید و جفا کا

جور و جفا کا وَلَمَّا کَانَ الْاِمَامُ الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ حَبِیْبَ الْمَلِکِ الدَّیَّانِ وَابْنَ

وَلِیِّ الْوَاحِدِ الْمَنَّانِ حُجَّۃَ اللّٰہِ عَلَی الْعِبَادِ یونہین تہی امام حسین علیہ السلام دوست اور پیار

حضرت رحمان کی بیٹی ولی اور خلیفہ ایزد منان کی امام و پیشوای خلق خدا تہی جہان مین ہادی و

برگزیدہ جن انس و جان مین لَاجَرَمَ اِبْتَلَاہُ اللّٰہُ بِاَہْلِ الْعِنَادِ اس لیٔی رب داور نی فرزند

پیغمبر کو آفات مین مبتلا کیا اونپر اعدا کا طغیان بی انتہا گذرا وَہَلْ اَصَابَتْہُ تِلْکَ السِّہَامُ

وَالْمِحَنُ الْعِظَامُ مِنْ قَوْسِ الَّذِیْ وُتِرَ عَلٰی اَبِیْہِ وَاَخِیْہِ سخت محنت اور مصیبت کی تیر

پی در پی چلی اوس جناب پر کہ فگار بنایا ایسی کمان کینہ سی جسنی اونکی باپ اور بہائی کو نشان

آزار بنایا رُوِیَ فِیْ کِتَابِ النَّوَادِرِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زِیَادِ الْعَطَّارِ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا

عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ قَوْلِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ کتاب نوادر مین حسن ابن زیاد عطار سی روایت مستجاب

۲۵

مقدمۂ کتاب

کی ہی جو اوسنی کہا یعنی حضرت صادق سی ارشاد الہی کی تفسیر پوچھی ہی اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ قِیۡلَ لَہُمۡ کُفُّوۡۤا اَیۡدِیَکُمۡ وَ اَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتُوا الزَّکٰوۃَ یعنی آیا نہین دیکہتی طرف مخاطب الیہ کی جو کہا گیا اونکو کہ زبان روک لو اور ہاتہہ کو تہام رکہو قیامِ نماز کو برپا کرو مال سی زکوٰۃ کو پہنچا دو قَالَ نَزَلَتۡ فِی الۡحَسَنِ بۡنِ عَلِیٍّ اَمَرَہُ اللّٰہُ بِالۡکَفِّ مخبرِ صادق نی فرمایا اس آیت پر امام حسن ابن علی علیہما السلام کو اشارت ہی اونکو سکوت اور گوشہ نشینی کی امرِ خدا سی بشارت ہی قَالَ قُلۡتُ فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیۡہِمُ الۡقِتَالُ راوی ناقل ہی امامِ برحق سی یعنی عرض کی اس آیتِ ثانی سی کیا مرادِ علّامُ الغیوب تہی یعنی جب لکہا اونپر اقدام لڑائی کا اعدای دین اور منکرین پر احکام جنگ کا قَالَ نَزَلَتۡ فِی الۡحُسَیۡنِ بۡنِ عَلِیٍّ کَتَبَ اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ عَلٰۤی اَہۡلِ الۡاَرۡضِ اَنۡ یُّقَاتِلُوۡا مَعَہٗ جعفر ابنِ محمد علیہما السلام نی فرمایا کہ یہ قول باریتعالی شان مین امام حسین علیہ السلام کی آیا خالقِ بی ہمتانی اونکو جہاد کا اذن دیا حکمت بالغہ سی قتال کو ارشاد کیا ساری عالم پر واجب گردانا ساتہہ جناب کی مخالفون سی لڑنیکو جانا تمام اہل زمین پر قبلۂ انام کی طاعت اور مددگاری لازم ٹہری نافرمانی اور انحراف سی مَلِکُ العلام کی معصیت ٹہری جسمی جان بازی اور قربانی مین سبقت کی وہ ناجی ہی جو عداوت اور طغیانی پر آمادہ ہوا ناری ہی فی الحقیقت اندنون ہی وہ رستگار شاخص رحمت ہی خالقِ اکبر کا وسیلۂ عبادت اور مغفرت ہی جہان مین حضرتِ داور کا اونکی واسطی ایام عزا مین مصروف نالہ و فغان ہونا ذکرِ مصیبت اظہارِ سرگذشت مین ہوش کہونا گوش رغبت سی بیانِ مناقب اور نوائب کو سننا چشمِ الفت سی دو آنسو رونا خواہ شبیہ سوگوار بنانا تکرارِ ابتلا و واقعۂ جانگزا پر دوسرونکو رولانا ذاکر اور اہلِ شور و نوا کو پلانا کہلانا تہوڑا بہت نذر آقا مین فائدہ پہنچانا راہ ولایت سی زیارتِ مشاہد کو قدم بڑہانا جو خدمت ہو سکی موافق مقدور بجالانا دل و جان و مال و عیال کو شہید بنانا ہر ایک امر موجبِ وصولِ جنتِ رضوان ہی ترک

مجلس اول

خواہ شانا اسی رسم کا سبب عقوبت یزدان ہی ان افعال حسن پر جو کسی محب حسین علیہ السلام کو شایع
وہ انفعال اور ندامت اپنی جلین کی حضور جسد اور رسول مین روز قیام پانچ شعر مین انچہ شرط بلاغ
بانو سیکویم + تو خواہ از سخنم پند گیر وخواہ ملال وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب

مجلس پہلی کیفیات ولادت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ اور معجزات اور وفات

رباعی آدم کو یہ تحفہ یہ ہدایا نہ ملا + ایسا تو کسی بشر کو پایہ نہ ملا + اللہ ری لطافت تن پاک رسول
ڈھونڈھا کیا آفتاب سایہ نہ ملا + رباعی حورین گل جنت لئی دامانون مین + ہین گرد ضریح
فاتحہ خوانون مین + فانوس کی پردی مین زمین بوس ہی عرش + حاضر ملک قدس ہین
پروانون مین + رباعی روضہ مین جو بار یاب ہوجاتا ہی + وہ رتبہ مین لاجواب ہوجاتا ہی
شب جلتا ہی جو کہ قبر احمد پہ چراغ + وہ صبح کو آفتاب ہوجاتا ہی + رباعی کس طرح نہ ہو جان
فدای احمد + ہی سرمۂ چشم خاکپای احمد + آیات سی ہی ثبوت اسکا نادر + واجب ہی ہر ایک پر
ولای احمد + تمہید بکا محامد خاتم انبیا علیہ التحیۃ والثنا اصول مصیبت دنیا
نبی الوری کا ماجرای فرقت ہی + اور مقبول کبریا احباسی محمول رقت ہی + قانون محنت اور ابتلا
واقعہ انتقال سید اصفیا جانو + شجرہ کرب و بلا کی اصل حادثہ وفات جد ائمہ ہدی پہچانو اسباب
مرثیہ کا فراہم ہونا واسطی ذکر خیر البشر کی تقاضای آب وگل ہی + رحلت مین سرور عالم کی
ہر دم رونا جلای دیدہ و دل ہی + اخبار ماتم کا خطبہ شفیع امم کی سبب سی حزن افزا کہا + اشتہار نوا
ہر فقرہ ساری پیمبرونکی نام سورش غوغا کہا + چاہیئی آدم غم اولادسی قابیل آہ و فریاد کی
جہان شور و نوا مین پہیلائی + نوح الم ایمان داران غمزدہ کو دریای سکوت مین کشتی طوفان
بکا پر بٹہائی + خلیل ملال سوز سینہ مین گل داغ سوگواری کو مثال گلزار ابراہیم کہلائی + اسمٰعیل جان
ثنای تمنا مین رتبہ ذبح عظیم کی سہ نفقان کو تیغ بیتابی پر ٹرہائی + یعقوب شوق کنعان محفل مین یوسف

۲۷

مجلس اول

یوسفِ اشک دامنِ شیون پر ٹپکھولنسی دکھائی + داؤدِ خروشِ الحانِ نالہ زمزمۂ واحسرتا سی خاطر
فاسی کو زمزم نیائی + سلیمانِ اخلاص ملکِ مجلس میں جن و انس کو بساطِ نوحہ پر امرِ سینہ زنی فرمائی
ادریسِ توفیق آہالی ولا کو دنیای فرغ سی جانبِ صبری بہیائی + حضرِ مقال سرچشمۂ زاری سی
لبِ تشنگانِ وادیِ کلال کو پہنچائی + الیاسِ ابتہال منزلِ بیداری میں خستگانِ بادیۂ اہمال کو
لائی + موسیِ دریاشگافِ اندوہ طورِ ترقی پر یدِ بیضای جزع کو صدای ارنی سی چمکائی + عیسیِ مسیحادمِ
عشق احیای نفسِ قلق کو دلِ پژمردہ سی نعرۂ قُم باذنِ ربّی سنائی + کشاکش سی آرۂ تاسف کی زکریای
تحمل کا جسم دو پارہ ہو + بہ پرسشِ خنجرِ تلہف سی گردنِ یحیِی شکیب حوالۂ آہ و نالہ ہو + اس ابتدای
روزِ عاشورا اور ثانی یومِ نشور میں آشکار ہی + کہ بعثتُ المقہور میں ذکرِ احمدِ مختار سی زبانِ قدسیوں کی
تکرار ہی + صوامعِ لاہوت میں صفِ ملائکہ غلغلۂ واحمدا سی برہم + مجامعِ ناسوت بہی وفاتِ زبدۂ دنیا و
مافیہا سی درہم برہم ہیں اور ساری زمانی میں صدای خروش کا جوش + سماوات رنگِ انقلاب سی
نیلی پوش + دریا چشمِ حباب سی دُرہای سرشک بہاتی ہیں + کوہ اور صحرا خاکِ اندوہ سر پر اوڑاتی ہیں +
اسو اسطی کہ فاطمۂ زہرا کی اعضا و پہلو فگار ہیں + علیِ مرتضی کی آنکہیں خونبار ہیں + حسنِ مجتبی کا دل و جگر
صدپارہ + حسینِ بیسنوا کا سر و سینہ خونکا فوارہ + زینب اور امِ کلثوم موپریشان + زوجاتِ طاہرہ
آشفتہ و نالان + گہر میں اہلبیت کی رقّت سی کہرام + صحابہ کا فقدانِ پیغمبر سی کام تمام + مہاجر و انصار
بیتاب + منبر اور محرابِ مسجد خراب + نزولِ وحی اور برکاتِ الہ کا سلسلہ قطع ہوتا ہی + بہشت و پناہ عالم
جاتا تکہ اور مدینہ روتا ہی + منہ انجمنِ شیون میں سخن بہ حسرت کرتا ہوں + کہ رقّتِ شوق آئی + مرو
زن کو چمنِ عدن وصفِ رسالت کا دکہاتا ہوں + جو حالتِ ذوق بڑہائی + شمائلِ نبیِ عربی جو مذکور
آیات و آثار ہیں + وہ فضائلِ نسبی اور حسبی بحد و شمار ہیں + کیا کہنا منقبت کا اوسکی جو صدرِ طرازِ بزم
لامکان ہی + چاہیی درود پڑہنا اوس پر کہ سرفرازِ بساطِ قربِ یزدان ہی + جسکا پایۂ عبورِ عرش و کرسی کی

۲۸

مجلس اول

خوشی سراپا ہو قَالَ ثُمَّ جَعَلَ یَبْکِیْ عِنْدَالْقَبْرِ حَتّٰی اِذَا کَانَ قَرِیْبًا مِّنَ الصُّبْحِ راوی
کہتا ہی کہ حضرت کلمات کو ذکر فرماتی اور قبر انور پر سر رکہی روتی جاتی تا کہ آثار صبح نمودار ہوئی
اور چادر ظلمت کی تار بکہرنی لگی وَضَعَ رَاْسَہٗ عَلَی الْقَبْرِ فَاَغْفٰی فَاِذَا ھُوَ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ
قَدْ اَقْبَلَ فِیْ کَتِیْبَۃٍ مِّنَ الْمَلَائِکَۃِ عَنْ یَمِیْنِہٖ وَعَنْ شِمَالِہٖ وَبَیْنَ یَدَیْہِ
اوسوقت ناناکی تربت سی تکیہ امید دیہم لگا یا غنودگی مین آنکہونکو بند کیا سر تسلیم جہکایا
ناگاہ رسول اللہ اوکی قرین مزار سی تشریف لائی فرشتونکی غول یمین ویسار اونکی جہرمٹ کیے ہوئی
آئی حَتّٰی ضَمَّ الْحُسَیْنَ اِلٰی صَدْرِہٖ وَقَبَّلَ بَیْنَ عَیْنَیْہِ فرط شوق مین اونکی برابر
امام حسین علیہ السلام سی لی یہان تک جو سینہ سی لگا کی پیشانی کی بوسی لیی وَقَالَ
حَبِیْبِیْ یَا حُسَیْنُ کَاَنِّیْ اَرَاکَ عَنْ قَرِیْبٍ مُرَمَّلًا بِدِمَائِکَ مَذْبُوْحًا بِاَرْضِ
کَرْبٍ وَبَلَاءٍ مِنْ عِصَابَۃٍ مِّنْ اُمَّتِیْ فرمایا ای روشنی چشم دلکی چین پیاری نواسی
ناناکی یا حسین وہ دن قریب ہی کہ تجہی اپنی لہو مین ڈوبا خاک پر لوٹتا دیکہون اور اوہا
زمین محنت اور بلا یعنی کربلا مین امت اشقیا کی ہاتہ سی سرکٹا پاون ؕ وَاَنْتَ مَعَ ذٰلِکَ
عَطْشَانُ لَا تُسْقٰی وَظَمْاٰنُ لَا تُرْوٰی اوس حال مین تو پیاسا ہو کوئی پانی نہ دی مانند
مچہلی کی تڑپتا ہی ایک قطرہ دل خبر نہ لی حَبِیْبِیْ یَا حُسَیْنُ اِنَّ اَبَاکَ وَاُمَّکَ وَاَخَاکَ
قَدِمُوْا عَلَیَّ وَھُمْ مُشْتَاقُوْنَ اِلَیْکَ ای آرام جان یا حسین بہشت مین کہ تیری والد اور مادر

۲۴۱

ثم تقدم ... فقال ... بعدہ شوذب مولی شاکر فقال السلام
علیک یا ابا عبد اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
استودعک اللہ ثم قاتل حتی قتل رحمہ اللہ ولم یزل یتقدم
رجل بعد رجل من اصحابہ فیقتل حتی
لم یبق مع الحسین علیہ السلام الا اہل بیتہ
خاصۃ فتقدم ابنہ علی بن الحسین علیہ
السلام وکان من اصبح الناس وجہا وله
یومئذ بضع عشرۃ سنۃ فشد علی الناس
وھو یقول: انا علی بن الحسین بن علی
نحن وبیت اللہ اولی بالنبی تاللہ
لا یحکم فینا ابن الدعی ففعل ذلک
مرارا واہل الکوفۃ یتقون قتلہ
فبصر بہ مرۃ بن منقذ العبدی لعنہ اللہ
فطعنہ فصرعہ واحتواہ القوم فقطعوہ
باسیافہم فجاء الحسین علیہ السلام
حتی وقف علیہ فقال قتل اللہ

چھٹی مجلس عشرہ محرم روانگی سید الشہدا مدینہ سے و وداع قبر نبی و خبر کمالات رسول اپنی اہلبیت سے

برادر میری پاس آئی ہین وہ سب مشتاق ملاقات انتظار مین کھڑی ہدیہ سلام لائی ہین +
وَاِنَّ لَكَ فِي الْجِنَانِ لَدَرَجَاتٍ لَنْ تَنَالَهَا اِلَّا بِالشَّهَادَةِ تیری واسطی بہشت (مین)
ایسا بڑا درجہ رکہا ہی کہ اوسکو بدون شہادت کی پا نہین سکتا ہی فَجَعَلَ الْحُسَيْنُ فِي مَنَامِهٖ
يَنْظُرُ اِلٰى جَدِّهٖ وَيَقُوْلُ يَا جَدَّاهُ لَا حَاجَةَ لِي فِي الرُّجُوْعِ اِلَى الدُّنْيَا فَخُذْنِي
اِلَيْكَ وَاَدْخِلْنِي مَعَكَ فِي قَبْرِكَ امام حسین عالم رویا مین جد بزرگوار کو دیکہتی تہی
اور یہ کلام حسرت انجام عرض کرتی تہی ای نانا مجہی اب دنیا مین جانا گوارا نہین اس (مصیبت مین)
زندگی فانی کا مزہ رہا نہین نظر توجہ سی اپنی دیکہو میرا ہاتھ پکڑو اپنی قبر مین داخل کر لو جوار (رحمت مین)
رکہو فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَا بُدَّ لَكَ مِنَ الرُّجُوْعِ اِلَى الدُّنْيَا حَتّٰى تُرْزَقَ الشَّهَادَةَ
وَمَا قَدْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكَ فِيْهَا مِنَ الثَّوَابِ الْعَظِيْمِ رسول خدا نی فرمایا ای حسین دنیا مین (رہنا ہی)
اور بلا سہنی کیا لئی ضرور تم جاؤ تا شہادت اور جو مرتبہ عظیم ثواب کا خدا نی اوس وعدی پر (مقرر کیا)
وہ پاؤ قَالَ فَانْتَبَهَ الْحُسَيْنُ مِنْ نَوْمِهٖ فَزِعًا مَرْعُوْبًا راوی کہتا ہی کہ وہ جناب خواب (سی)
وحشت اور ہراس مین جاگی آمادہ ہوی واقعہ شہادت اور مصیبت کربلا کی فَقَصَّ رُؤْيَاهُ
عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ پس امام حسین چشم پر آب دل مضطر گہر مین تشریف لائی عالم رویا کا
قصہ حسرت زدہ بہن بہائی اور فرزندونکو سنائی فَلَمْ يَكُنْ فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ فِي مَشْرِقٍ وَلَا
مَغْرِبٍ قَوْمٌ اَشَدُّ غَمًّا مِنْ اَهْلِ بَيْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ عجب طرح کا غم اور الم او پر طاری ہوا
گویا روز عاشورہ کا صدمہ اونکو دکہائی دیا فرط الم سی یارائی ضبط اور قرار نہ رہا سب عورتین
اور مرد فی رقت وزاری مین حال تباہ کیا مشرق اور مغرب مین کوئی مکان عزادار کا ہو گا ایسا
جس شدت سی گہر مین اہلبیت کی اوس روز غم اور ماتم کا چرچا پہیلا قَالَ وَتَهَيَّاَ الْحُسَيْنُ
لِلْخُرُوْجِ مِنَ الْمَدِيْنَةِ راوی کہتا ہی کہ سید الشہدا نی اندیشہ جور و جفا سی اعدا کی ہجرت

چھٹی مجلس تذکرہ وداع سید الشہداء قبر فاطمہ زہرا و حسن مجتبیٰ علیہما السلام

وطن کا ارادہ کیا اور بحکم قضا و قدر سامان سفر اوٹھا لیا روضۂ احمد کو داغ فراق دیا و مضی فی جوف اللیل الی قبر امّہ فاطمۃ الزہراء فودّعہا جب سایبان ظلمت کا صحن جہان پر چھایا امام حسین علیہ السلام نے والدہ فاطمہ زہرا کی مزار پر قدم رکھا با تحیّت قبر سے لپٹے وداع کی روتی رہے پھر مناسب مقام زبان حال سے گویا ایسے کلام کہے ای مادر گرامی تمہین میری محبت مین ذرات قرار نہ تھا ملاحظہ رنج و محنت سے یارای صبر نہ تھا دل زار تڑپتا آپ دیکھئے کہ بعد پدر اور برادر ہم پر کیا مصیبت کی پہاڑ ٹوٹی ہین نرغۂ اعدا سے گھر بار سے نیز اور اقربا سے چھوٹی ہین رسول باری نانا کی مزار سے حسرت مین جدائی ہے تمہاری تربت اور بھائی حسن کی قبر سے دور ہونا آفت کی چڑہائی ہے اس موسم طوفان مخالف مین وطن سے مجبور جاتا ہون اوٹھا بہن زینب اور ام کلثوم بیٹی سکینہ کو بھی سفر مین ساتھ لیے جاتا ہون کیا کرون علی اصغر طفل شیرخوار متحمل صدمات راہ کا نہین ہماری اہلبیت کی چھوٹی بڑون کو دشت و کوہ و صحرا مین پناہ نہین ہے ثم مضی علیہ السلام الی قبر اخیہ الحسن علیہما السلام ففعل ذلک اوس بقعۂ طاہرہ سے محزون اور دیدۂ پرخون باہر نکلے روضۂ برادر بزرگوار حسن مجتبیٰ مین جا کے قبر سے لپٹے برسم وداع یہ کلمات زبان حال پر لائے نالہ ہذا فراق بینی و بینک ایسا کیا جو درد دلوا تھرائی ملا علی تقی بروجردی نے حکایت سوز و گداز کہی ہے اپنی کتاب مخزن البکا مین سندی کی جبکہ امام حسین علیہ السلام سب مزاروں سے بکمال شور و شین رخصت ہوئے اپنی بیت الشرف کو پھرے تدارک سفر مین وطن سے ہجرت کی مستعد رہے سرور انام کی ایک چھوٹی بیٹی فاطمہ نام اون اوقات مین بہت مریض ہو رہی تھی سات برس کی عمر مین تھوڑی ایام پیشتر ماں بھی دار دنیا سے گذر گئی تھی وہ صغیرہ زار و ازار مین بیماری اور بے مادری کی انتہا کا گرفتار اور لیل و نہار سوز حسرت سے مثال شمع اشکبار تھی محترقہ مین سینہ خشک لب پر تپان صدمۂ درد سے چہرہ زرد جی نڈھال جسم ناتوان

چہٹی مجلس مدینہ سی عزم روانگی سید الشہدا بروایت عین البکا و داع فاطمہ صغرا

تمثال تشبیح پوست اور استخوان صورتِ گذران مین زندگی وبالِ جان روز وشب قلق و
رنجورؔ اندوہ وتعب سی مادر کی فراق مین ناصبورؔ باپ اور بہائی کی وصال سی تسکین پاتی
پہوپہی کی ملاقات مین اپنی جی کو بہلاتی واسطی تسلی کی ہر وقت شاہدین اوسکو چہاتی سی
لگاتی دامنِ محبت مین رات کو ارام سی سلاتی مشہور ہی چہوٹی بچی کو علاقہ الفت کا بزرگی
طبیعت مین پیدا در مادر سی بڑہتا ہی اپنی پالنی والون سی رنج اور محنت مین ایکدم کی جدائی
پر سامنا ہو سکتا پڑتا ہی فاطمہ کو بہی والدِ بزرگوار سی موانست کمال تہی حضرت کی پاس
ونرات رہنی مین راحت سی مالامال تہی زانوی پدر کو بالینِ فرحت کا تکیہ جانتی خوشبوی
صحبت کو دماغِ صحت کا نخلخہ پہچانتی تقریب معتدل اوسکی مزاج کو شربتِ دیدار تہا قدم
عیادت سی سرور کی پاشویہ بخار تہا لاکن اس آفت کی خبر نہی کہ دستِ قضا جدائی پر باپکی
آئینا نکر یگا چہوٹی عمر مین بڑی مصیبت کی بار اوٹہانی کو دیکہا عنقریب آغوش مرحمت سی
باپکی ہی کنار بٹہائی گا اور تپ سوزان مین جلانی سی علاوہ عزیز داشت باپکا تازہ فراق
دکہائیگا امام حسین علیہ السلام نی ہرگاہ عزم سفر کو جزم ٹہرایا جنبۂ مرضیہ کی وداع کو بالین
فاطمہ پر قدم بڑہایا جسدم نظرِ حضرت اوس نورِ چشم علیلہ کی جانب پڑی بی اختیار آنکہون سی
آنسو ہی اور لکی جہڑی عالمِ تصور مین فاطمہ کی بیکسی کا نقشہ دیکہا خالی گہر مین در و دیوار پر بیکسی کا
خیال بندہا کہ شوقِ ملاقات مین بینائی سی وہ گہبرائیگی زمانِ انتظار مین قاصد اور نامۂ وصال
در وازی سی باہر جائیگی وہ معصومہ رقتِ حضرت سی اپنی طرف پر ملتفت ہوئی کہ شاید بیماری کی
طول سی اب مدتِ زیست باقی نہی عرض کی باباجان پیشتر جو تم عیادت کو میری آتی تہی
مجہی مانگی بجرت اور تپ دردِ سر کی شدت مین تسلی فرماتی تہی اسدم کیا باعث ہی کہ دیکہی مجہی
یون روتی ہو آہِ سرد بہرتی ہوش اور حواس میری کہوتی ہو شاید پیر گہل گیا اس عارضہ سی مین

چھٹی مجلس مدینے سے عزم روانگی سید الشہدا و وداع فاطمہ صغرا

صحت نہ پاؤنگی قرینۂ حال سے یقین جانا کہ اب جلدی مرجاؤنگی کہ زندگانی مرگ نوجوانی پر اکبر
حسرت ہے بمزید الفت میں سفر اری سے یہ جوش رقت ہے ای واقف آشکارہ و پنہان اگر وا ضحی ہے
سبب ہے تو مجہی اسکی خوشی او عین مطلب ہے ہزار مرتبہ میری جان انکی قدم پر نثار ہو خدا کرے آقر باکی
سلامتی میں اجل پر ستارہو بہت اس امر سے خوشحال ہون کہ آپکی روبرو انتقال کرون آرزو یہی کہ
ہنگام نزع اپنی ہاتہ سے میری آنکہیں باندہو قبلہ رو لٹاکی یاسین پڑہو سامان غسل آمادہ کرو
رداکی دامن سے کفن دو کافور حنوط چہڑکو بہائی سید سجاد او علی اکبر کی ہمراہ نماز کو کہڑی ہو دوش
مبارک پر جنازہ اوٹہاو بقیع میں لیجا کی خاک لحد پر سلاو مٹی ڈالکی جہوٹی سی تربت بناو مزار
کی پاس جڑہاو اب رقت بہا و مگر اسید وار ہون میری قبر پر کبہی کبہی آیا کرو بہن سکینہ او اپنی بچی کی
بہی لایا کرو سورۂ قران کی تلاوت سے روح کو ثواب نیاز بخشو تاکہ عدم جانی مین ذکر فاتحہ
میری یاد کو نہ بہولو جو یہ باعث ہی تو شاد رہو غم نہ کہاو والادل کرامت منزل کا مدعا او روح
تباو امام حسین علیہ السلام نی زیادہ بیر شتاب بہا کی تاسف او دریغ فرمایا ہاتہ بڑہا کی اوسکا
اپنی چہاتی سے لگایا کہا ای غریب کم نصیب مجہی سفر درپیش ہی صدمات جانکاہ کو راہ او رگذر کی
اوٹہا تو بیمار اور مبتلای ضعف و نقاہت ہی تحمل محنت میں یہ دیس کی اندیشۂ ہلاکت ہی لہذا
ناچار مدینہ مین ام سلمہ نانی کو سپرد کر جاونگا بعد از افاقہ مرض اور حصول آرام اپنی پاس بلالونگا
اس کلام کی سماعت سے فاطمہ کی ہوش او حواس جاتی رہی جو فی الجملہ طاقت او توانائی تہی
وہ بہی گئی آنسو منہ پر بہکی کہا ای سرو الم جانتی ہو کہ میں بیمار ہون مرگ والدہ سے ماتم دار او بیمار
ہون بعد از تمہاری بہوپہی زینب اور ام کلثوم دوای علاج کو میری اپنا نہ کینگی طریق دلداری
اور پرستاری میں مجہی کب چین سے رکہین گی حضرت نی دختر مضطر کو جواب دیا وہ دونو خواہر
بہی ہمراہ لینا فاطمہ نی عرض کی بہائیون میں بہان سکو چہوڑتی اور چچا عباس خواہر عون حعفر

سبحان الله أيقتل الصبيان
أما هذا أمي وأنه ما به
فإن أزلهم حتى ... عنه
فجاء عمر بن سعد فصاح
النساء في وجهه ويكين
فقال لأصحابه لا تدخلوا
بيوت هؤلاء النساء
ولا تعرضوا هذا الغلام المريض
فقالت النسوة ... ان ...
ما أخذ من ... ليستردن به
فوالله ما رد أحد منهم شيئا

چھٹی مجلس مدینہ سے عزم روانگی سید الشہدا و وداع فاطمہ صغرا

بیمری سفارش کیا کہا ہے فرمایا وہ بہی تو سفر میں جائینگی شہر وطن میں مجالِ اقامت نہیں پائینگی
اس کلامِ پیامِ اجل سے فاطمہ کی جان پر بنی فرطِ محنت اور زاری میں ہچکیاں لینی لگی کہا ای
سب اہلِ حرم کو اپنی رفاقت میں قرینِ عزت کیا الا مجھ بیمار و ناچار کو حقیر پا کے داغِ فرقت دیا
اہلِ وطن اولادِ پنجتن کی قدیمی دشمن ہیں اکیلی گہر میں ایام دکھ اور مصیبت کی وبالِ جان تن ہیں
اگر اس مرض سے فاطمہ مر جائی تو کون سامان کریگا خاک مذلت پر شاید جنازہ بی وارث پڑا رہیگا
حضرت نے تسلی دیکی فرمایا خاطر جمع رہنا غمِ تنہائی اور جدائی کو تہوڑے دن سہنا ہرگز نہ کڑہنا
جب ملکِ عراق میں پہنچوں اور آرام پاؤنگا عباس خواہ علی اکبر کو تیری طلب میں بہیجوں اوسکا اوسی وقت
کلامِ فاطمہ اور مقالِ امام سے رفقتِ اہلبیت کا جوش اور خروش ہوا ہر ایک نے جدا جدا گلی لگا یا
اور وداع ہو کے بیہوش کیا فنظم لمو لفہ گہری جو نکلی سرور دین آستین فشان وہ ماجرا
جسکا نہیں ہو سکے بیان فریاد واہ و زاری و رقت کی تہی یہ دہوم جیسے کہٹا برسنے کو اوٹہی ہی
جہوم جہوم لرزان وہ فرطِ غم سے مزارِ بتولِ پاک حالِ رسول کیا کہوں دامن کفن کا چاک شبیر تہا
جانِ حیدر و زہرا و مصطفا مرنی کو جاتی پیاسا یہ ہی بیٹی کی جا روز وداعِ فاطمہ برہم مدینہ
فاطمہ مثالِ حشر کی غل کا قرینہ تہا

ساتویں مجلس تمہید کا تذکرہ افرادِ اہلبیت اشعارِ عزم سید الشہدا من المدینہ الی مکہ معظمہ

سر ہاتھی لکھوں جو نہ یہ حدیث نہ رہ جائی تحریر کروں ہجوم قسمت نہ جائی گر دو دن میں صدف
گوشہ کی منہ سے تشبیہ قطرہ جو صدف میں ہو گہر بنجائی سر ہاتھی ہجوم غم شاہ سے جو سینہ ہی
واللہ وہی سینہ ہی کینہ ہے اوس شخص کا یہ مرتبہ ہی ابد فنا ہر خشت لحد عزت آئینہ ہی
سر ہاتھی ایک کو فردوس کا گلزار دلی عاصی کو بہی دوزخ کا نہ آزار دلی گر حشر میں ہو شفیع

ساتوین مجلس تذکرۂ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا وداع ام سلمہ ومحمد حنفیہ اور بیان تحفہ کربلا

لطفِ حیدر + ڈھونڈ ہو تو نہ پھر کوئی گنہگار ملی + سر باجی گر سبط نبی کی مہربانی ہو جای +
مردہ نکو نصیب زندگانی ہو جای + ڈرتی نہین دوزخ سی ہواخواہِ حسین + سایہ ڈالین تو آگ
پانی ہو جای + پیشنوانی ملولفہ یثرب کی شور وشین سی برہم ہوا حجاز + پیر وجوان کی
دل پہ کیا غم نی ترکتاز + اندوہِ سینہ جوش مین ایا گیا شکیب + ہی اشک زیب دامن و رخسار
طراز + سوسن کی آبرو ہی سیہ رشک و چشم تر + قربِ خدا کا سوزِ الم ہی وسیلہ ساز + ہر گھر مین
اہلبیت کی رقت کا ذکر ہی + شیون بکا مین فرض خوشی سی احتراز + روتی ہین عین طاعتِ حق کا
ثواب ہی + خمس و زکوۃ و روزہ ہی حج ہی نماز + رتبہ مصیبتِ شہ بیکس کا دیکہ او + کعبہ ہیا
پوشِ عزادار بی نیاز + روح ہی وحیدر و زہرا کی آہ سی + رضوان ہی شغل نالہ مین گیسوی حور واز
جبریل مضطرب ہو کس طرح سی تپ + ماتم سرای قدس ہی عرش کا فراز + آیا نظر جو نوح کا طوفان اندنون
خشکی مین ڈوبا آل رسالت کا ہی جہاز + سامان سوگواری گلگون قبا کرو + چھاتی کو پیٹو خاک بسر ہو
جگر گداز + بزمِ جہان مین منصب ناظم ہوا دو چند + خالق سی مدح خوانون مین پایا ہی امتیاز +
تمہید بکا تنبیہ امر باب افترا حاضرین محفل عزا + جالسین منزل بلا یہ صدق یقین جانو
ہر گز وسوسہ شیاطین کو نہ مانو درگاہِ خدا مین سید الشہدا کا مرتبہ بہت اعلاہی ۲ اور محبِ سلطانِ
کربلا دارین مین برگزیدۂ امت خیر الوری جو شخص امام حسین علیہ السلام کی مصیبت مین روتا ہی
مشمولِ رحمت پروردگار موصول احمد مختار ہوتا ہی جب کوئی موزون طبع اونکی تعزیت سی شعر و نظم
مرثیہ کہتا ہی سب خلق دنیا سی اپنے اظہار کا مقبول اور باکرامت رہتا ہی ذاکر آلِ نبی کو امام برحق
اپنا محسن اور مددگار فرمایا ہی مجلس مین فراہم ہوکی سرگذشتِ حسن سننی کو ثواب عبادت سی زیادہ
بتایا ہی مداح اور مرثیہ خوان شاہِ کربلا خدا کی پیاری ہین اونکی ثنا اور صفت مین ارشادِ پیغمبر سی
صد ہا اشارے ہین کتاب لسان الذاکرین مین ملا ہادی نایتی لکھتی ہین کہ امام حسین بانی تھی

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور مدحت مرثیہ گو شعرا

ترجمان سی یہ حدیث کہتی من قال فینا بیتا بنی الله تعالی بیتا له فی الجنة یعنی جو (سخنور)
ہماری مدحت خواہ محنت پر ایک بیت سی گویا ہوگا خالقِ عالم اوسکی لئی عوض مین ایک گھر بہشت کا
پیدا کریگا ایضا ما قال مومن بمدحنا شعرا الا بنی الله له مدینة فی الجنة
اوسع من الدنیا سبع مرات دوسری جا وارد ہوا فرمایا کوئی ناظم اور مومن ہماری (مدح) وا(سطی)
شعر نہین کہتا ہی مگر یہ کہ خداوند مصرع کی صلہ مین ایک شہر زمین بہشت پر بناتا ہی وہ سات (مرتبہ)
برابر دنیا سی زیادہ ہوگا اوسمین شاعر کا قیام بی تقطیع مدام ہوگا و یزوره کل مومن
مخلص وملک مقرب ونبی مرسل مومنین خالص اور ملایکہ مقرب اور پیغمبران مرسل
مادح کی زیارت کو اوس جا آینگی تحیت اور سلام کی تحایف ثناخوان خیر الانام کو دینگی مرحبا
ثنا اینکی اگر شگفتہ قافیہ عالی فکر کو لازم ہی کہ غواصی بحر شہرت مین حدیث مقبل اور قول (مردود کا مضمون)
ہموزن بتیان ہرگز نہ کہی اوپر خدا و رسول اور اپنی امام و اہلبیت کی افترا باندھنی سی بچتا رہی
واسطی رد انکی سامعین کو یہ روایت تو تالیف اور تازہ عراق اور کربلا سی نہ منگائی واہ واہ کی
خاطر خانہ دین بلکہ ہمزہ اسلام اپنا اور حاضرین کا تباہ نہ بنائی جو عبارت جدید حاشیہ بالای
مولوی صاحب وغیرہ فضلا کی پائی اوسمین بنظر غور عصمت و رتبہ امامت کی مناسبت کو دیکھی
تو زبان پر لائی ورنہ فتح نامہ یزید نقل مقابلہ اور شکست ہر شہید تمہید تازہ بتازہ نو بنو جہان (سی)
ایسکی صفحہ کتاب کو مزین کذاب اور جو تقلید ملا دربندی پر ہوا اوڑائی کیونکہ اس خطا سی آدمی کا
دین اور دنیا مین چہرہ کل سیاہ بلکہ قابل مواخذہ ہوتا ہی اہل خلافت کا دست طعنہ دراز کو (کی)
دہنی کو اب ملامت کو ہو عرق خجالت مین ڈوبتا ہی بخوای کلام امام اور فتوای علمای فام (کی)
مناسب ملال حسب ابتہال ساختہ زبان حال کی ذاکر کو پڑہنا شایان ہی جیسا کہ مضامین (اکثر) م
اون شعرا کی جو روبروی آئمہ انام اپنی تصانیف کو پڑہتی رہی عیان ہی یارو جب زینہ منبر اور (سطر)

فغضب ابن زیاد واستشاط
فقال عمرو بن حریث انها امرأة
لا تؤاخذ بشیء من منطقها
فقال لها ابن زیاد قد شفی الله
نفسی من طاغیتک والعصاة
من اهل بیتک وقت زینب
فبکت وقالت لعمری لقد
قتلت کهلی وابدت اهلی و
قطعت فرعی واجتثثت اصلی
فان یشفک هذا فقد اشتفیت
فقال ابن زیاد هذه سجاعة ولعمری لقد کان
ابوها سجاعا فقالت ما للمرأة والسجاعة ان لی
عن السجاعة لشغلا ولکن صدری نفث بما قلت
وعرض علیه علی بن الحسین علیه السلام فقال
من انت قال انا علی بن الحسین قال الیس قد قتل الله
علی بن الحسین علیه السلام فقال کان لی اخ یسمی
علیا قد قتله الناس فقال ابن زیاد بل الله قتله
فقال علی بن الحسین علیه السلام الله یتوفی الانفس
حین موتها فغضب ابن زیاد وقال بک جراة
لجوابی وفیک بقیة للرد علی اذهبوا به فاضربوا
عنقه فتعلقت به عمته زینب وقالت یا ابن
زیاد حسبک من دمائنا واعتنقته
وقالت والله لا افارقه فان قتلته فاقتلنی معه
فنظر ابن زیاد الیها ساعة وقال عجبا للرحم
والله انی لاظنها ودت انی قتلتها معه
دعوه فانی اراه لما به ثم قام من مجلسه
حتی خرج من القصر ودخل المسجد فصعد المنبر
... ۲۴۸ ...

[illegible]

۶

ساتوین مجلس تذکرۂ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا اور واردت مرثیہ کو شعرا تغنیہ ارباب افترا

عرشہ پر جبکہ پیغمبر بیٹھا ہوا وس رتبہ مین ذرا داور محشر سی تقریر زبان پر جو نہ بیان آور ہو سشمم کرو جہوٹ فضیلت اور ذکر مصیبت کو ہرگز روا نہ کہو احادیث مین قول سی راوی مفوضہ اور غالی کی با تمیز رہو اپنی سوالا کو ترک سلوک سی ائمہ اثنا عشر کی ایذا نہ دو کہنی اور سنی مین اصحاب حضرت کی طریق حق پر چلاؤ یہ کیا روا ہی کہ ہر فقرہ مرثیہ مین صدا ہاتف کی غیب سی آتی اور نبی و علی و فاطمہ و حسنین علیہم السلام کی روح فی بولتی ہو یہ بات فرمائی نہ مین مقتل کو زہرا کی بالون سی جہڑواتی ہو پنجتن اسمای خدا کو حر کی استقبال مین بلواتی ہو روال تمول عذرا کو ان رانجی کی آنکہون پہ باندہنی سی اپنی تصارت جمعیت چہپاتی شادی قاسم سی غم افزا تہا جو نسبت مین علی اکبر اور عباس رضی اللہ عنہما کی دہوم اوٹہاتی بیاہ رچاتی ہو جو ظلم اعدائی نہین کیا مزید رقت کو دل سخت گری نم بڑہاتی ہو وہ جور و جفا جو ہوا کہ تمہاری نزدیک تہوا ہی کہ اوسپر شاخ و شانی لگاتی ہو ہم عشرہ محرم سی اہلبیت پر کہانا پانی بند کرتی بیخبر تہی ہو شب عاشورا کو بیس مشک پانی بہر لانا جناب عباس اور ہلال ابن نافع کا نہین پڑہتی ہو پیاس کی شدت مین سر امام حسین علیہ السلام زبان باہر نکلی پکارتی ہو حیوان تر بانکی قیاس پر نور خدا کا سیدہ ایسا اپنی منہ سی پکارتی ہو خرابہ مین ہند زن یزید کی لانیکو دشمن کا جاہ و حشم کذب محض و کہاتی ہو زینب خاتون سی باہم انکار مین قسم پہراتی ہو افسوس یہ عمل خیر جو شیطان سی باطل ہو سکا و عمل پسندیدہ ادس مین نجواہش زر او طلب شہرت خلل ڈالا انشاء اللہ سرگذشت مصیبت اور روایت صحت کو مجالس آئندہ مین ثبت دیکہو کی جو کتاب خوان اور مرثیہ گو اور حدیث طراز دیکہا یا ہی اوسکی حقیقت ہو جو کی سخوان رسیّا یہ ذکر امام حسین علیہ السلام کو دنیا و دین مین کیا کرتی ہی جو اوسکی قدر و منزلت مین زبان بیان کو ادراک خیالات ہی بہشتین چشم خود اس تعبیر احسان پہ کہو محبین نہ عالیہ ذاکر اور باکی دہیان کرو ہرگاہ سامعین کا قصور کثرت مین کیف در یا خواہ گریہ

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا ہیت واذ عبل کو پیغمبر سی خلعت ملنا اور ابی بارن کا قربیہ

صحرا سی زیادہ گنہا جاوی آفتاب عذاب کبہی پا تہجر کی پرسی برابر باہر نکلی دریای مغفرت بسبب عصیان کو بہا ئی محبت شاہِ ولایت کی ساتہہ اگر اقتضای بشریت سی کوئی مبتلای طغیان ہوتا ہی البتہ جناب احدیت اوسکو مزید کرم او امتنان سی عفو کرتا حسنات کر دیتا ہی حکایت

رُوِیَ عَنِ ابنِ دِعبِلِ الخُزَاعِی قَالَ اِذَا بَلَغَتْ رُوحُ اَبِی عِندَ التَّرَاقِی اِسوَدَّ وَجہُہُ

ابن دعبل شاعر خزاعی سی یہ حکایت نقل کی ہی اور کتاب عاشر بحار مین بسند صدق لکہی ہی اونہون کہا ہی کہ آخر عمر مین باپکی مرنی کا وقت قریب ہوا سکرات موت کا صدمہ اوسپر سخت گذرا تشنہ جان کا بند گلی مین اٹرا زبان بند ہوئی سارا منہہ کالا پڑا وَکُنتُ عَلٰی ذٰلِکَ کَئِیبًا قَلِقًا مَہمُومًا دَاعِیًا لَہٗ بِالمَغفِرَۃِ اوس حالت کی ملاحظہ سی مین بہت غمگین اور حزین ہا پدر کی واسطی طلب آمرزش مین مناجات کرتا کیا خلایق سی پنہان اپنی والد کو غسل دیکی کفن پہنایا جنازہ پر نماز پڑہی قبر مین لٹایا وہ ماجرا کسیکو نہین بتایا اِذ رَاَیتُ اَبِی بَعدَ اَیَّامٍ قَلَائِلَ وَجہُہٗ مُنِیرًا کَالشَّمسِ الطَّالِعِ مُکتَسِیًا بِاَفخَرِ الاَلبِسَۃِ اتکو باہزار فکر اور اندوہ سوتا تہا بعد اندک زمان عالم رویا مین اپنی باپ کو دیکہا اوسکا چہرہ آفتاب سا چمکتا اور تبسم تہا شادمانی ہی بدن مین لباس عمدہ بہت سفید اوسپر ایک بڑای نورانی ہی فَقُلتُ یَا اَبَتَاہُ مَا اَمرُکَ عَلَی الرَّغمِ مَا رَاَیتُکَ عِندَ المَوتِ مین پوچہا ای بابا کیا عجب حال ہی تمہارا مرتی وقت یہ صورت کالی دیکہی اور اب کہری وہ تیرگی باقی نہین ہی قَالَ یَا بُنَیَّ اِنَّمَا اسوَدَّ وَجہِی عِندَ النَّزعِ جَزَاءً لِمَا شَرِبتُ الخَمرَ وَکُنتُ بِذَالِکَ بَعضِ المُنکَرِ جواب دیا ہان ای فرزند ساعت مین سکرات کی میرا نقشہ بگڑ گیا اوسکا سبب یہی کہ مینی زندگی مین شراب کو بہت پیا تہا اوسکی پاداش سی جو مرتکب کبایر ہوا تہا قبر مین بہی وہ سواد کردار میری ساتہہ تہا اِذ جَاءَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ عَلَیَّ حُجرِیّ وَخَاطَبَنِی

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا روایت دعبل کا حضور امام قصیدہ پڑہنا

رہا فقط ناگاہ تحدیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ نی بالین پر قدم رکہا مزید لطف و مدارات
پکار کی مجہسی پوچہا اَنْتَ دِعْبِلُ تَرْثِیْ شُہَدَاءَ اَہْلِبَیْتِیْ تو دعبل خزاعی ہی کہ میری
شہدا اہلبیت کی مصیبت مین مرثیہ کہتا ہی اور سامعین کو وہ بین سنا کی حال ملال پر مدام
رولاتا رہتا ہی قُلْتُ نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مین خواب مین اس جواب سی شادکام ہا
کہ ہاں ای نبی رب علا دنیا مین یہی کام تہا میرا قَالَ اِرْثِ مَا قُلْتَ فرمایا کہ اوسکو پڑہکی سنا
جو تونی انشا کیا کلام اپنا قُلْتُ لَا اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّ الدَّہْرِ اِنْ ضَحِکَتْ وَآلُ اَحْمَدَ
مَظْلُوْمُوْنَ قَدْ قُہِرُوْا مینی یہ اشعار جانسوز بیان کئی بی تکلف روبروی حضرت
پکار کی پڑہی خدا خوشی ندی زمانی کو جب چاہی کہ شاد رہی افسوس اولاد احمد کو ظلم اور ستم سی
وہ برباد کری مُشَرَّدُوْنَ نُفُوْا عَنْ عُقْرِ دَارِہِمْ کَاَنَّہُمْ جَنَوْا مَا لَیْسَ یُغْتَفَرُ
جبر و تعدی مین اعدانی اونکو گہر سی باہر نکالا گویا ایسا گناہ اونسی ہوا کہ لائق بخشش کی نتہا
قَالَ دِعْبِلُ اَنَا اُنْشِدُ الْاَشْعَارَ وَہُوَ یَبْکِیْ بُکَاءَ الثَّکْلٰی دعبل نی کہا مینی اپنی
قصیدہ کی اشعار یونہین پڑہی پیغمبر خدا اسکی مانند زن پسر مردہ روتی رہی اِلٰی اَنْ انْتَہَیْتُ
اِلٰی اٰخِرِ مَا قُلْتُ یہانتک کہ جو مرثیہ مینی تمام کیا اور تکلم سی آرام لیا فَکَسَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ
بِتِلْکَ الْکِسْوَۃِ وَشَافَعَنِیْ وَعَاطَفَنِیْ وَقَالَ مَرْحَبًا یَا دِعْبِلُ خیر الوری نی اپنی دوش
مبارک سی لبادہ اوتارا وہ حلہ حضرت بسیم خلعت دست عنایت سی مجہی اوڑہایا درگاہ جدا بین
گناہوں کی شفاعت سی آمرزش والی لطف و کرم سی بہت تسلی کی شاباش فرمائی یہی امری یہ
بہ نور صورت دعای خلیفہ داور کا ظہور رہی اور درخشانی جامہ حضرت بن بلیجیس اور تعلیم خبیر البشیر سی
منقول ہی اَیْضًا فِیْ اَخْبَارِ الْاَحْزَانِ عَنْ اَبِیْ ہَارُوْنَ الْمَکْفُوْفِ قَالَ دَخَلْتُ
عَلٰی اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ لِیْ اَنْشِدْ فَاَنْشَدْتُہٗ کتاب اخبار الحزن

وقتل منهم ...
تاسع عشر نفسا هم منهم العباس وعبدالله وجعفر
وعثمان بنو امير المؤمنين عليه السلام امهم
ام البنين وعبيدالله ... ابنا امير المؤمنين عليه السلام
وقال الشيخ المفيد ابو عبدالله
فاما اصحاب الحسين عليه السلام فانهم مدفونون حوله ولسنا نحصل لهم اجداثا
على التحقيق ...
كان له عليه السلام ستة اولاد علي بن الحسين الاكبر زين العابدين بن علي عليه السلام امه
شاه زنان بنت كسرى يزدجرد بن
شهر بانو وعلي الاصغر قتل مع ابيه
امه ليلى بنت ابي مرة بن عروة بن
مسعود الثقفية والناس يغلطون
فيقولون انه علي الاكبر وجعفر
للحسين وامه صاحبة ماتت

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا روایت دعبل کو پیمبری خلعت ملنا اور ایک روز کا مرثیہ پڑھنا

ابی ہارون مکفوف سے روایت کی ہی کہ اس حکایت مین شعر اکو عجب ترقی فکر بحر حسنات سے ملی کہا
راوی کہتا ہی ایکروز اپنی مولا کا شوق غالب ہوا تو جعفر صادق علیہ السلام کی پاس گیا حضرت نی
جب مجھی دیکھا تو مرحبا فرمایا اور ارشاد کیا کچھہ نظم حسن ازن افزا سنا کہ دل بھر آیا ہی جو کلام
حسرت فرجام یاد ہتا پڑھا آداب تمام سی امام کا منتظر تحسین ہا فَقَالَ لَاكَمَا تُنْشِدُونَ
وَكَمَا تَرْثِيهِ عِنْدَ قَبْرِهِ کہا ای ابا ہارون شعر پڑھنا یون نہین چاہتا ہون بلکہ جیسے
ویسا سنون اور قرین زاری و فغان رہون جو تم قبر امام حسین علیہ السلام پر بی تکلف ہوکر تی ہو
ذاکر اور سامع فراہم اتی نالہ و بکا سی پہنچتی آہ کا دم بھرتی ہو فَأَنْشَدْتُهُ اُمْرُرْ عَلَى جَدَثِ
الْحُسَيْنِ فَقُلْ لِأَعْظُمِهِ الزَّكِيَّةِ یعنی گذر کر تربت امام حسین مظلوم پر اور اونکی مان فاطمہ کو دی
خبر قَالَ فَلَمَّا بَكَى أَمْسَكْتُ أَنَا راوی کہتا ہی جب اوس جناب کو بیتابی رقت کا صدمہ ہوا بہ
لحاظ کی ادبی خاموش حسرت زدہ رہا فَقَالَ مُرْ فَمَرَرْتُ پھر اشارہ کیا اور بشیر سنا ہی
چند بیت کو زیادہ پڑھا ثُمَّ قَالَ زِدْنِي زِدْنِي فَأَنْشَدْتُهُ بار دیگر بولی مجھی زیادہ سنا یعنی ہری
ہونی لی اور ہڑھا راوی کہتا ہی مینی دوسرا قصیدہ شروع کیا جو مضمون تعزیت کا دریا بہا یَا مَرْيَمُ
قُومِي وَانْدُبِي مَوْلَاكِ وَعَلَى الْحُسَيْنِ فَأَسْعِدِي بِبُكَاكِ ای مریم ثانی بتول عذرا
کھڑی ہو اوٹھکر ہو حسین شہید پر نوحہ و نالہ سی اشک جاری کرو قَالَ فَبَكَى وَتَهَايَجَ النِّسَاءُ
قَالَ فَلَمَّا أَنْ أَمْسَكْنَ ابو ہارون کہتی ہین کہ حضرت بہت روتی رہی اور حرم سرا سی بیبیان
عورات کی خروش بلند ہوتی دیر تک اندر گہر کی ماتم سی شور تھا اور خود بھی جب سر حلقہ فرمان دہ چپ
ہو ٹھہرا قَالَ لِي يَا أَبَا هَارُونَ مَنْ أَنْشَدَ فِي الْحُسَيْنِ فَأَبْكَى عَشَرَةً ثُمَّ جَعَلَ
يَنْقُصُ وَاحِدًا بَعْدَ وَاحِدٍ حَتَّى بَلَغَ الْوَاحِدَ فَلَهُ الْجَنَّةُ پس ارشاد کیا ای ابا ہارون
جو شعر کہی مرثیہ امام حسین علیہ السلام کی یاد دل پرخون بکائین الی دس آدمی کو سامعین سی

ثم حوّ ابيه ولا عقب له وعبدالله قتل مع ابيه صغيرا وهو في حجر ابيه وذكرت فاطمة وسكينة بنت الحسين عليه السلام وامهما الرباب بنت امرء القيس بن عدي بن اوس وهي ام عبدالله بن الحسين ايضا وفاطمة بنت الحسين عليه السلام وامها ام اسحق بنت طلحة بن عبيدالله تيمية

الباب الثالث في ذكر الامام الرابع سيد العابدين علي بن الحسين عليه السلام وفيه فصول الاول في ذكر القابه وكناه وتاريخ مولده ومبلغ عمره ووقت وفاته وموضع قبره كنيته ابو محمد ويكنى بابي الحسن ايضا وبابي القاسم ولقبه سيد العابدين وزين العابدين والسجاد وذو الثفنات وانما لقب بذلك لان مواضع السجود منه كانت كثفنة البعير من كثرة سجوده وولد صلوات الله عليه بالمدينة يوم الجمعة ويقال يوم الخميس في النصف من جمادى الآخرة وقيل للنصف من جمادى الاولى سنة ثمان وثلثين وقيل سنة سبع وثلثين ۲۵۲ وامه شاه زنان وقيل شهربانويه بنت يزدجرد ...

[illegible]

فو

العمل عليه في تصحيح ايمانه
الكل ائمتنا عليهم السلام
النظر والاختلاف وذلك
الانبياء عليهم السلام
التقية والاختلاف في زمان الغيبة
شيعتهم من ذكر فضائلهم
ما يوجب فضلهم ووصفهم
من قلدهم فيما لا يدل على ما ثبت من وجوب

سا تویں مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا روایت فضیل کا حضور امام قصیدہ پڑہنا

پھر ایک ایک رونیوالی کو قصر کیا نہ مرہ حزین ہی وہ جنت کا بیت اور قطعہ نعیم صلہ مین پای گا
نتیجہ طبع رسا قافیہ غفران کا ردیف دنیا سی جای گا فقال من انشد فی الحسین
شعرا فابکی واحدا فله الجنة پھر کہا اگر موزون کری واسطی ابی عبداللہ کی اوتنہا
ایک شخص کو رولائی وہ بہی خلعت رضا جاگیر خلد سی لذت بی تقطیع اوٹہائی ثم قال من
ذکرہ فبکی فله الجنة پھر بولی جو اپنی نظم سی آپ روئی وہ بہی فردوس مین داخل ہوگا
حکی عن فضیل بن عبد انه قال دخلت علی الامام موسی بن جعفر علیهما
السلام فقلت له یا سیدی انی انشدک قصیدة جلیۃ عاشر بحار مین فضیل ابن
عبد سی حکایت کی ہی اوسنی کہا ایک دن اپنی امام موسی ابن جعفر علیهما السلام کی زیارت
سی مشرف ہوئی اونسی عرض کی بڑی تمنا مین آیا ہو رخصت پاؤن تو قصیدہ پڑہکی حضور کو سناؤن
قال اجل ثم انه علیه السلام امر بستور فسدلت وابواب فتحت
واجلس حرمه من وراء الستور فرمایا بہت اچھا اور خادم سی امر کیا پردہ ڈالین
اور دروازہ کہلوایا حرم محترم کو بلوایا اوسکی پیچہی بٹہایا پس عورات حرم ہو کی پشت حجاب
آئین مرثیہ جد بزرگوار کی مشتاق رہین ثم قال انشد یا فضیل یا رحمک الله فبایت
مجہی اجازت دی بسم اللہ شروع کرو ای فضیل خدا برکت اور کرامت مین رکہی تجکو فانشدت
قصیدة السید الحمیری اولها امرر علی جدث الحسین فقل لاعظمه الزکیة بہی اوسی قصیدہ کی ابیات پڑہی اول امتحان ...
[Note: the above line reads:] قصیدة السید التی اولها لام عمرو باللوی مربع بہی اوایل تہی وہ ابیات
پڑہا جو سید اسماعیل نی کہا اور اول یہی اوسکا لام عمرو باللوی مربع طامسة
اعلامه بلقع فلما بلغت الی وجهه کالشمس اذا طلع وسمعت نحیبا
من وراء الستر وذلک بکاء اهلبیته وعیاله راوی کہتا ہی مین نظم پڑہتا
جاتا تہا تا کہ مصرع مذکور تک ذکر پہنچا ناگاہ شور بکا دولت سرا کی اندر سی اوٹہا کہ وہ شور

وما سمعهم فيما لا يدل على ما ثبت من
طريق النظر العقلي ما ثبت من امة محمد صلى الله
السلام من التي لا يخرج من امته في زمان سيد
العصمة وان الحق لا يتعدى العصمة في زمان من
عليه وآله ولا احد يتعدى الا من قال بالامامة
العابدين عليه السلام الا من قال بامامة محمد بن الحنفية
الامامية او من قال بامامة الكيسانية
الا انه لا يرتب ... وفاته ... الى ابيه
... عليهما السلام ... وقول من ...
والامامة وبطل قول ...
صفحہ نمبر ۲۵
وجدہ فيكشمها ما رواه محمد بن يعقوب
عن محمد بن يحيى عن محمد بن الحسين واحمد بن محمد
بن اسماعيل عن منصور بن يونس عن ابي الجارود
عن ابي جعفر الباقر عليه السلام قال ان الحسين
عليه السلام لما حضره الذي حضره دعا ابنته
فاطمة الكبرى فدفع اليها كتابا ملفوفا ووصية
ظاهرة وكان علي بن الحسين مبطونا معهم
لا يرون انه يبقى بعده فلما قتل الحسين عليه السلام
ورجع اهل بيته الى المدينة دفعت
فاطمة الكتاب الى علي بن الحسين عليهما السلام
ثم صار ذلك الكتاب والله الينا يا زياد
وعنه عن عدة من اصحابه عن احمد بن
محمد عن علي بن الحكم عن سيف بن عميرة
عن ابي بكر الحضرمي عن ابي عبد الله
عليه السلام قال ان الحسين عليه السلام
لما سار الى العراق استودع ام سلمة
رضي الله عنها الكتب والوصية

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا روح الامام کا عفو خطای حمیری کو فضیل سی کہنا

اور نالہ مخدرات عیال اور اطفال جناب کا تہا و بکی ھو ایضا لانہ کان دقیق القلب

سریع العبرۃ حضرت آپ بہی شدت سی روئی اور بیقرار تہی کہ بہت ملایم طبع نرم دل

اشکبار تہی فقال یا فضیل لمن ھذہ فقلت ھذہ للسید الحمیری

فقال یرحمہ اللہ پہر گاہ رقت سی افاقہ پایا مجہسی پوچہا ای فضیل یہ قصیدہ کس کا کہا

ہین عرض کیا سید اسماعیل حمیری نی موزون کیا ہی فرمایا اوسپر خدا کی رحمت ہو کہ ناصر ہمارا

فقلت لہ یا مولای انی رایتہ یرتکب المعاصی فقال یرحمہ اللہ یعنی عرض

کی ای مولا اوسی گناہان کبیرہ کا مرتکب دیکہا بارہا وہ محبت خالق پہر ناطق ہوی آمرزش

کری اوسکی باری تعالی فقلت انی رایتہ یشرب نبیذ الرستاق فقال

یعنی الخمر فقلت نعم قال یرحمہ اللہ یعنی گذارش کی اپنی آنکہون سی مشاہدہ کیا ہی

جو اوسنی مدام نبیذ کو لیا اور پیا ہی فرمایا یعنی وہ شراب خوار تہا جو ابد یا ہی بات ہی ای مقتدا

حضرت نی اوسپر ہی ارشاد کیا رحمت مین داخل کردانی اوسی ایزد کبریا وما ذا علی

اللہ یسیر ان یغفر لمحب جدی علی بن ابیطالب علیہ السلام ان یشرب

الخمر پہر زبان مبارک سی کہ بار ہوی میری اوپر ابواب اقتضا کہول دی پروردگار کیا دشوار

فرید رحمت سی گناہ کبیرہ کا بخشنا ہمارا جدی علی ابن ابیطالب علیہ السلام کی محب سی شراب خوار کو

معنوکرنا فقلت الحمد للہ علی ولایتہ وحبہ ثم انی اکملت القصیدۃ

الی اخرہا وھو علیہ السلام مع ذلک یبکی اوسوقت یہ سنکی مین گویا ہوا کہ شکر

واہب العطایا کا جسنی ہمکو بنایا دوست اور پیرو علی مرتضی علیہ التحیۃ والثنا کا پس میں نی قصیدہ کی

باقی اشعار سب پڑہی اور وہ جناب آخر تک سماعت سی روتی رہی اب ای حاضران بزم

عزا تمنی پہچانا ذاکرون کی قدر کی انتہا کو اور فضل رب علا سی جانا ولایت حیدر مین آمرزش کا

۲۵۷

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا روایت ام سلمہ کا وداع مین نقشہ کربلا دیکہنا

پانا جنت و طوبی کو اس صورت مین لازم ہی کہ دامن وقت سخن تعزیت مین زیادہ پھیلاؤ
مادام حیات لوازم محبت اور صدق ارادت سے ہاتھ نہ اوٹھاؤ نظم لمؤلفہ شبیر کی
ماتم سے حاصل وہ شرافت ہی بخشش پہ گناہون کی محشر مین فراغت ہی + فردوس جای گا
جو روی رولائی گا + فرمودہ صادق سے یہ ہمکو بشارت ہی + چاہو کہ خدا راضی ہو خوشنود پیمبر ہو
ذرات رہو نالان افضل یہ عبادت ہی + اقلیم تجمل کا دارین مین ہو مالک + جسکو شہ مردان سے
دعوای ولایت ہی + تا یہ سے مولا کی ناظم لکہی وہ نظم + دیکہو تو ہر ایک مصرع دیوان سعادت

مصیبت سید الشہدا وداع ام سلمہ سے اور کہنا دشت کربلا کا اور محمد حنفیہ کی مرثیہ ساتھ جانا اثر وقت وداع

مجاوران روضہ حسرت و بیقراری + و محافظان شیشہ اندوہ و زاری + ناظران صفحہ رقت و
ملال + وداعیان معرکہ مصیبت و ابتہال + بیقراران عرصہ شیون و بکا + و صابران واقعہ تسلیم و رضا
سانحہ دشت کرب و بلا کو انگشت شہادت تماشے دیدہ خون افشان عزا مین یون لکہتی ہین +
کہ جب فتنہ مدینہ مین طوفان سے جو بنی امیہ کی بہار آل نبی تباہی مین آیا + یزید کی چارسو طغیان
ناخدای ورطہ بلا نی اقامت کا لنگر اوٹھایا + شہرای نوحہ مشغول نالہ ہای بین و بسیار ہر قطرہ
آسمان فرسا + تلاطم دریای شیون مین مقیاس صبر و شکیبائی کا تہا ہوش بر جا + کشتی چشم
ہر لشکر کی گرداب سرشک سے چکر مین آئی + سفینہ سینہ کی کوہ ماتم سے ہوای مخالف مین تکر
کہائی + سکان سماوات سے سطح عرش تک قلب غم و الم پر گران عنبری عبرات جن و انس کی
تیہ آہ و فغان مین کنارہ دامن کو روان + روضہ سیہ ثقلین سامان زاری اور شیون بڑہا + جہدی
امام حسین علیہ السلام سے روح پیغمبر کو قبر مین چین جاتا رہا + تربت بتول وفرا پر غم اندوہ چہایا
او دامن کا شامیانہ بندہا + چراغ مزار گل ہوا جو محمد کا مجاور تہا سما فراوہ مشہور زمانہ بنا + گنبد

٢٥٥

ساتوین مجلس کہ بعزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا روایت ام کا وداع مین نقشۂ کربلا کا کھینچنا

مسجد پر فریاد و واویلا بلند کہ مقتدای محراب اور مصلا قدم نہین ٹھہراتا ہی+ پایۂ منبر بھی جلسۂ
خلق کا پابند کہ صدر آرای بلا فراق کا خطبہ سناتا ہی+ حرم اہلبیت طہارت مین قیام عزا کی
صف بچھی کہ جماعت نماز مین تفرقہ پڑا+ رکن مین اذان و اقامت کی تکبیر بکا کا شور اٹھا+
کہ امام نیت ہجرت پہ کھڑا ہوا+ گھر سے باہر تک زن و مرد مین آہ و نالے سے کہرام ہر ایک بانی
حضرت شاہ امم کا نام کوئی یتیم نوازی اور بیوہ پروری کو سوا کی بیان مین لاتا+ کوئی دلسوزی
اور کرم گستری مخفی و آشکار کا ماجرا کہتا+ کوئی زینب خاتون کی ضعیفی اور صعوبات سفر سے
ہولناک خوفسی گرمی کی خردسالی سکینہ اور علی اصغر مین ہلاک+ کوئی عباس کی جوانی اور اخلاق
حسنی کا ذکر تاسف سے کرتا+ علی اکبر کی شیرین زبانی اور کم سنی قاسم کا اندیشہ تلہف رکہتا+
حسرت مین کہتی افسوس ایسے شمشاد قامت رعنا پردیس کو چلے ہمارا شہر ویران ہوا+ صد حیف
کہ یہ پرستار غربا ہمیں امداد کا آسرا اٹھا دل پریشان ہوا+ ہو کون کو اس دولتسرا سے کہانا
بٹتا تھا+ ننگون کا تن جامہ خانۂ عطا سے کیسا وزرات دیکھا تھا+ بیمارونکی عیادت کو انکی سواکون
آئیگا+ بیکسونکو پناہ حمایت مین اب کون رہیگا+ دریغ و درد کہ بزرگان بنی ہاشم کا مکان عالیشان
خاک مین ملا+ خاندان رسالت اور امامت کا نشان دنیا سے چلا+ وَاَنَّہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ لَمَّا
عَزَمَ عَلَی الْخُرُوْجِ مِنَ الْمَدِیْنَۃِ اَتَتْہُ اُمُّ سَلَمَۃَ کتاب منتخب مین اپنی سندی
روایت کی ہی امام حسین علیہ السلام نے عزم سفر سے حبیب دوست و اقربا کو خبر دی تھی لیکن
اسباب روانگی سب اہل خلاف سے مخفی رکھی+ جناب عباس کو اہتمام سرانجام سے خدمت
سپرسامانی بخشی بس عزیزونکا نام دفتر ہمراہیون مین خط غبار سے لکھا+ ساری رفقانی پرکا
امام کی ترک قیام پر قدم رکھا تا ناگاہ ام سلمہ زوجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے یہ سنا+ بہی
تاب ضبط و قرار دل سے کھو بیٹھی بھاگی بہرآئی چادر حضرت سر پر ڈالی نقاب رقت منہ سے ہٹا دی+

ساتوین مجلس محرم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا ام سلمہ کا وداع ہین حادثہ کربلا پر نظر کرنا

عصای نالہ و آہ کو لئی فرزند بتول کی پاس پہنچی امام اور پیشوای آفاق کو معراج شہادت کے واسطی سوار براق فراق پایا مسافر ملک عراق کو رواق ہجر مین پا برکاب کئی دیکہا تو جذبہ اشتیاق نی جوش کہا فَقَالَتْ يَا بُنَيَّ لَا تُحْزِنِّي بِخُرُوجِكَ إِلَى الْعِرَاقِ فَإِنِّي سَمِعْتُ جَدَّكَ يَقُولُ يُقْتَلُ وَلَدِي الْحُسَيْنُ بِأَرْضِ الْعِرَاقِ يُقَالُ لَهَا كَرْبَلَا رونی کا تار بندہا یا رای صبر نرہا باحواس پریشان بدن لرزان یون کہا ای قبای نام و نشان آل عبا ای مقتدای دودمان مصطفی ای یادگار خاندان پنجتن ای سردار بزرگان وطن ای نور عین غمدیدہ یا حسین بمنت پروردہ مین ایک ضعیفہ عاجزہ پیرزال ناتوان ہون تمہاری جد و پدر و برادر کی ملال سی نالان ہون دن رات اونکی ماتم سی روتی تمہاری زیارت سی تسکین دل نسلی ہوتی جہجوری رسول دوری بتول نی میری جان تمام کی مصیبت علی اور شہادت حسن مین طاقت قعود اور قیام نرہی عوض مین اسکی تجہ ہی صدمہ پہنچی میری تسکین و امید ہی اپنی قرین پاس کرتی ہو چاہتی کہ فرقہم وصال میری ناسور دل پر مرہم رکہو نہ یہ کہ نمک سوز فراق زخم جگر پر چہڑکو نام سفر سی اندیشہ میری خاطر ناشاد مین پڑی اسواسطی کہ تمہاری نانا مخبر صادق اکثر سناتی تہی یا حسین عاجز او بیکس غربت مین جا کر زمین عراق مین جسی کربلا کہتی ہین شہادت پاینگا اس قصد کو کہنا مانو ترک کرو سفر پر خطر سی میری نزدیک حضر بہتر مبادا انکی خبر سچ ہو پہر تمہین نہ دیکہون نا سو گوار ہی ساری بزرگون کی تازہ مصیبت مین بیٹہون فَقَالَ لَهَا يَا أُمَّاهُ وَأَنَا وَاللهِ أَعْلَمُ ذَلِكَ وَإِنِّي مَقْتُولٌ لَا مَحَالَةَ وَلَيْسَ لِي مِنْ هَذَا بُدٌّ جواب دیا ای نانی قسم خدا کی مین اپنی ساری کہانی جانتا ہون سب جگہ موت کو سر پر آئی زندگانی اب محال الامکان پاتا ہون وَإِنْ لَمْ أَخْرُجْ إِلَى الْعِرَاقِ يَقْتُلُونِي أَيْضًا اگر جانب عراق نہ جاؤن تو بہی نہ بچونگا اعدا کی جفا سی امان سلامتی نہ پاؤن جہان رہونگا وَإِنِّي وَاللهِ لَأَعْرِفُ الْيَوْمَ الَّذِي

ساتویں مجلس عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا ام سلمہ کا وداع میں حادثۂ کربلا نظر کرنا

أَقْتَلُ فِيهِ وَأَعْرِفُ مَنْ يَقْتُلُنِي والدہ میں او سکو جسمیں مارا پڑونگا جانتا ہوں اپنی
قاتل کی نام و نشان کو پہچانتا ہوں وَأَعْرِفُ الْبُقْعَةَ الَّتِي أُدْفَنُ فِيهَا وَإِنِّي أَعْرِفُ
مَنْ يُقْتَلُ مِنْ أَهْلِبَيْتِي وَقَرَابَتِي وَشِيعَتِي میری دہیان میں ہی وہ زمین جہاں
گڑونگا رفقا کی ساتھہ مجہہ پر کہلا ہی اہلبیت اور اقربا و محبوں میں کون مریگا کس کی ہاتھہ فَقَالَ
لَهَا يَا أُمَّاهُ قَدْ شَاءَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَرَانِي مَقْتُولًا مَذْبُوحًا ظُلْمًا وَعُدْوَانًا پہر کہا
ای امان قدر و قضا میں گذرا ہی پیر ظلم و عدوان سی شہید ہونا خدای تعالی نی چاہا ہی یکی فریح کا
جان کہونا وَقَدْ شَاءَ أَنْ يَرَى حَرَمِي وَرَهْطِي وَنِسَائِي مُشَرَّدِينَ وَأَطْفَالِي
مَذْبُوحِينَ مَظْلُومِينَ مَأْسُورِينَ مُقَيَّدِينَ شاہ حقیقی کی ارادہ میں گذرا ہی میری
اہل حرم اور ناموس داو اولاد کا در بدر پہرنا بچونکا تیغ جفاسی اعدا کی گلا کٹنا فرزند و نکا باپہر و ستم
اوٹہانا پابند قید اور اسیری میں پہنسکی غل نہ ہیانا وَهُمْ يَسْتَغِيثُونَ فَلَا يَجِدُونَ نَاصِرًا
وَلَا مُعِينًا وہ ایسی دکہہ میں پڑیں کہ ناچار فریاد و داد پکارا کریں یارا و مددگار کہیں او نکو نہ ملیں
کوئی پناہ دینی والا اپنا نہ کہیں وَإِنْ أَرَدْتِ يَا أُمَّاهُ أُرِيكِ حُفْرَتِي وَمَضْجَعِي وَ
مَصْرَعَ أَصْحَابِي پس ای والدۂ ملول اور ہمخوابۂ رسول اگر تم چاہو تو اپنا موضع شہادت اور
جای تربت بتا دوں قتلگاہِ اصحاب اور سرگذشت اقربا الان تمہاری نظر میں کہینچ لاؤں تاکہ
جانو کیا مصیبت اوٹہا دونگا حسرت میں کیونکر مارا جاؤنگا کس طرح خاک و خون میں غلطاں ہونگا
تعدی منافقین کہاں تک ہوئیگا جب اوس خدیجۂ ثانی اور جانِ حواو مریم نی یہ کلام سنا
شدت اندوہ سی بی آرام ہو کی سر دہنا کہا وہ ماجرا تمہاری دشمنوں کا مشاہدہ کروں حسا
اور بیاکر تقدیر باری میں رہوں ثُمَّ مَسَحَ بِيَدِهِ عَلَى وَجْهِهَا فَفَتَحَ اللهُ عَنْ بَصَرِهَا
پس آئینۂ حق نمای یا معنا اور پردہ کشای نہان و آشکارا صاحب بیضای اعجاز وارث کرا

ساتوین مجلس عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا ام سلمہ کا وداع مین حادثہ کربلا نظر کرنا

انبیای بی نیاز فرزند ید اللہ نی اپنا دست خدا پرست بڑہایا ام سلمہ کی چہرہ پر واسطی کہولنی حجاب راز کی پنجہ مشکلکشا پہرایا قادر مطلق نی اونکی قوت بینائی مین معنوی نور دیا کہ واقعہ آیندہ صفحہ امکان مین رأی العین سی مشاہدہ کیا ثُمَّ اَشَارَ الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ اِلٰی جِہَۃِ کَرْبَلَا پہر امام ارض وسمانی زمین کربلا کی جانب اشارہ فرمایا عجائب قدرت کا عالم ایجاد مین نقشہ تازہ بنایا فَانْخَفَضَتِ الْاَرْضُ حَتّٰی اَرَاہَا مَضْجَعَہٗ وَمَدْفَنَہٗ وَمَوْضِعَ عَسْکَرِہٖ وَمَوْقِفَہٗ وَمَشْہَدَہٗ مدینہ سی نینوا تک ساری زمین تحت اقدام تہی اور یہ دوری جو مزاحم نظر تہی سامنی سی اوٹہی صفحہ دشت بلا نی روبرو جلوہ کیا پہر روز عاشورا صاف دکہائی دیا ایکطرف سو کہی ریتی پہ خیمی آسمان سا اونمین عورات حرم سراحجوبشور و نوا لشکر حسینی کا پرا چند طفل و جوان و پیر سی بندہا ہوا ماہ بنی ہاشم اونکی درمیان علم نور افشان لیئی کہڑا ہوا مقابل مین سپاہ خونخوار کا اثردہام آخت اور تاز پہر قتل سادات کی اہتمام امام حسین علیہ السلام کی ہر ایک رفیق اور عزیز کا مارا جانا سوار و پیادہ کا دریای خون مین باری باری نہانا فریاد العطش سی چلانا اکیلا رہکی سردار کا تسکین عورات کو آنا تن تنہا ہزارون سی پیاسا لڑنا کثرت زخم سی نیزہ و تلوار و تیر کی خاک پر گرنا جسد مطہر پر سی اوسکی جراحات کا پہٹنا رگ رگ دون سی خنجر قاتل کی رگہای گردن کا کٹنا سر کو نیزہ پر چڑہا کی دور میدان مین پہرانا لاش کو ٹاپون سی سوارونکی روندنا اور گہوڑی دوڑانا یہان تک جو لشکر مخالف چارطرف سی دوڑا سراپردہ جلایا اسباب کی لوٹ مین تہلکہ پڑا عورات کا فریاد کرتا ہوا باہر نکلنا چادر و معجر زیور کی چہن جانی سی دکہہ ملا چہوٹی بڑی شہیدونکی سرکٹی گور و کفن کی بدنی زخم دل پہ لیئی مستورات ذلت اور خواری مین اسیر ہوئین قیدی جاکی مقتل اقربا اور اشہای شہدا پر گرین مار کوٹ کی جب سپاہ ظلم نی کوچین قدم بڑہایا جنازون کو خاک وخون مین جمیع وحوش اور طیور

ساتوین مجلس تذکرہ عزم روانگی سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور محمد حنفیہ کا وداع و نصیحت کرنا

پایا او سوقت انکہونمین ام سلمہ کی غبار ماتم سی اندہیرا چہا پایا بانوی بیقرار کو شدت غم اور کثرت
الم سی غش ایا فعند ذلک بکت ام سلمۃ بکاءً شدیدًا وسلمت امرہ الی اللہ
ہرگاہ قدری ہوش ایا رقت اور نالہ مین وہ حالت کی جو ساری حاضرین کو شیون مین طاقت
باقی رہی ناچار شوق بیتابی مین دوڑ کی امام حسین علیہ السلام کو سینہ سی لگایا اونکا اقرار شفقت
اور تقدیر خدا کو سونپا اور بار صبر اوٹہایا کیون نہ کہ ماین علی مرتضی علیہ السلام اگر واقعہ کربلا ہم دیکھتی
تو کیا کہتی سانحہ عاشورا مین مصائب آقا اور مولا نظر پڑتی تو کیا کرتی کب ہوسکی اونہین وہ
حادثات گذرین عجب قدم پیشتر نہ دہرین بیحد عجب ہی کہ اقربا و انصار سید الشہدا جان و تن
ہم تم چہکی رہین وہ کیا دوست امام تہی جو سامنی کہڑی ہوکی تن پر زخم کہاتی حمایت مین الیا
نہی کی بدن و فرزند کو چہد جانی و نسب فی کیسی وفاداری کی حبیب فی کس طور جان بازی کیا
طیاری کی غلامان باوفائی پاس نماسی سر و پا پچہوڑن نکہ فی ادای حق رفاقت مین قدم لیا
فاقبل الیہ اخوہ محمد بن الحنفیۃ وقال لہ یا اخی انت احب الناس الی
لانک نفسی وروحی وبصری وکبیر اہل بیتی یا اخی تخرج الی مکۃ
پس اوسوقت بیتاب ہوکی محمد ابن حنفیہ امام حسین علیہ السلام کی پاس آئی با دیدہ پر آب اور تشویش
تمام قرین پاس یہ کلام سنائی ای بہائی تم ساری زمانی سی زیادہ مجکو پیاری ہو میری جان
اور تن و روح و روشنی چشم اور زہرا کی دولاری ہو اگر ناچار وطن کی سکونت کو چہوڑتی ہو ہمارا
کہر بار جس سی فراق کی توڑتی ہو تو نہایت سمت عراق اور کربلا نہ جاؤ بلکہ جانب مکہ امان خدا مین
امید آسائش پر قدم اوٹہاؤ فان اطمانت بک الدار والا لحقت بالرمال و
شعوب الجبال اگر وہان شہر اعداسی پناہ ملی تو خاطر جمع رہو والا دشت و صحرا یا شگاف
کوہ مین جا کی چہپو وتنقّل من بلد الی بلد ایک شہر سی دوسری کو ہمیشہ سفر کرو محبت

ساتوین مجلس تذکرۂ عزم روانگی سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور محمد حنفیہ کا وداع مین نصیحت کرنا

غربت اور دربدری کو سوچتے تنظر ما یؤول اللہ الیہ امر الناس ویحکم اللہ بیننا وبین القوم الفاسقین تا ہم دیکہین خلق کا اخر کار کیا ہو تا کہان پہنچا ہی ہما دشمن فاسق پر خدا تعالی کیونکر حکم دیتا ہی قال فقال الحسین یا اخی واللہ لو لم یکن فی الدنیا ملجاء ولا ماوی لما بایعت یزید بن معاویۃ فقطع محمد بن الحنفیۃ الکلام وبکی فبکی الحسین علیہ السلام معہ ساعۃ امام حسین علیہ السلام نی فرمایا ای برادر بخدا قسم ہرگاہ دنیا مین مجہی کہین امان وآسایش نہ ملی تیغ ظلم اور تعدی ہر چا گردن پر چلی تو بہی یزید کی بیعت نہ کرونگا صدمات جور وجفای اعدا سہونگا پہر محمد حنفیہ نی بہت قطع سخن زاری اور بکا کی امام حسین علیہ السلام کو بہی اونکی ساتہہ رقت عظیم دیر تک طاری رہی ثم قال یا اخی جزاک اللہ خیرا فقد نصحت واشرت بالصواب وانا عازم علی الخروج الی مکۃ فرمایا ای بہائی خدا سی تمکو جزای خیر کی آئی جو تمنی صلاح اور مشورہ نیک مجہی بتائی مین حرم الہی کو جاونگا اور مکہ مین پناہ یزدان سی راحت پاونگا وقد تہیات لذلک انا واخوتی وبنو اخی وشیعتی امرہم امری ورایہم رایی یہی سامان ادر تدارک سفر کرتا ہون بہائی بہن اور بہتیجی اولاد اور شیعہ اپنی کو ہمراہ لیجاتا ہون اونکا سارا کام تو تفاق میرا ہی اور مجہی اونسی اتفاق رای کا بہروسا ہی واما انت یا اخی فلا علیک ان تقیم بالمدینۃ فتکون لی عینا علیہم لا تخفی عنی شیئا من امورہم الکن ای برادر کچہہ نہین جو مدینہ مین رہو میری آنکہون کی جا حال اعدا و نزات دیکہو مجہی خبر کرو پس محمد حنفیہ سوای رقت اور صبر کی چارہ نہ ملا حضرت سی قد وبالا دیکہا ہاتہونکو بوسہ دیا گویا دست سلیم زاری مین فرقت کی علامت پائی اور آئینہ ضمیر نی شہادت برادر کی صورت دکہائی پہر تکرار عراق مین ہمیشہ امام کا دہیان رہتا اور ایذای مخالفین کا اندیشہ مدام دل مین گذرتا کیا

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا آخر کو ماجرا بازگشت اہلبیت میں محمد حنفیہ کا ملنا

کتاب ملا محمد حسن یزدی میں منقول ہے کہ جیسا محنت زدونکا معمول ہے اہل حرم نے ہنگام بازگشت کربلا شہر کے باہر نخلستان میں مقام کیا کوچہ و بازار میں نوحہ قَدْ قُتِلَ الْحُسَیْنُ کا چرچا پہیلا یہ خبر مصیبت اثر جب گوش انتظار میں محمد حنفیہ کے پڑے اندوہ شدتیں ایہ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ پڑہی بیتاب ہوکے خارج مدینہ گئے باغ میں قدم رکہے دور سے خیمہ بی بی صاحب اور مرکب سیاہ پوش دیکہے کنار سراپردہ حبیدم نالہ و افغان اہل حرم بلند پایا بی اختیار نعرہ واحسینا اور خروش وامظلوما سے غش آیا کسی نے دوڑکے امام زین العابدین علیہ السلام کو یہ واقعہ جتایا کہ بہجوم غم اور بہائیں تمہارے عم نے اپنا حال غیر بنایا ہے سید الساجدین بیقرار چچا کی بالین پر تشریف لائے زمین سے اونکا سر اوٹہا کی زانو پر دہرا سیر شک بہائے ہرگاہ محمد حنفیہ کو قدرے افاقہ ہوا فرزند برادر کو سرہانے روتا دیکہا آہ وزاری میں کہا اَیْنَ اَخِیْ وَقُرَّةُ عَیْنِیْ وَثَمَرَةُ فُؤَادِیْ وَخَلِیْفَةُ اَبِیْ یا علی میرے بہائی صاحب کہاں ہیں کیوں پارۂ جگر نور نظر آنکہوں سے نہاں ہیں جانشین پدر بزرگوار قبلہ حرمین نور ثقلین کیا ہوے ساتہی لیث و اقربا امام حسین علیہ السلام کے ساتہہ کس کہیں ہے بیمار کربلا نے زبان حال میں جواب دیا یَا عَمّیْ اَتَیْنَاكَ یَتِیْمًا مِنَ الْكَرْبَلَا اے چچا اہل بدعت نے ہم پر ظلم عظیم روا رکہا اونکی جفا سے میں گرفتار بلا یتیم ہوکے پہرا کاش تم صحرائی ماریہ میں قدم رنجہ فرماتے جو مصائب سید الشہدا پر گذرے ملاحظہ کرتے محمد حنفیہ نے پوچہا اے وارث آل عبا بیان ہو سکے تو کہو کیا سانحہ جفا و ستم پیش آیا مجہے سنا دو فرمایا خلق کوفہ نے ہزاروں خط لکہے صدہا قاصد پیغام فریب سے غلبہ ارادہ و نصرت کا وعدہ سوگند سے کہا عراق میں بلانے کو بیعت ہوکا دیا بر خلاف عہد روز عاشورا دشت نینوا میں طغیان جور و ستم سے گہیر چہوٹی بڑی انہار و اقربا کو دوپہر میں جان سے مارا فرات کی

اور رحمة وإعلامهم والرد إليهم والتسليم لهم فيما
وروى الكشي عن سورة بن كليب ... قال والله
معرفة الأئمة ... يقول إنما كلف الله سبحانه
عليه السلام أنه قال سمعته ... ذهب ولا على فضة ... زرارة عن أبيه قال كنا عند أبي جعفر عليه السلام ... الكميت فاستأذن فأذن له فأنشده من ... السلام يا كميت لا تزال مؤيدا بروح القدس ما ... فقال عليه السلام ...

۲۶۳

سانوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور بازگشت اہل بیت مین محمد حنفیہ کا ملنا

پانی سی جو سیاب خوک وحش و طیر سیراب تہی ہمین روکا بہوک اور پیاس کی صدمات سی
اطفال اہلبیت کا برا حال ہوا چھوٹا جان تہی وہ وقت کا ہجوم نہین کہیا کہ جسم علی اکبر و قاسم و عباس
کٹنا پاش پاش تہا خیمہ گاہ مین زاری و افغان کا ہر دم کہرام رہا بے دفن و کفن لاشونکا انبار
خاک مقتل مین لہو بہا ایک چلو پانی کی لیئی حلق علی اصغر کو ہدف تیر بنایا بیکسی مین پدر
بزرگوار نی وہ استغاثہ فرمایا کہ زمین و زمان آسمان ہی تہرایا ضرب نیزہ اور تلوار سی
امام حسین علیہ السلام کا لہو بہایا گرسنہ اور تشنہ بدن سارا چور کہوڑ سی گرایا شمر نی سر کاٹ کی
سنان پر چڑہایا عمامہ و ردا و پیرہن غارت گری اوتار لیا تمازت آفتاب مین جسد عریان کو
رہنی دیا بدن سادات شہدا کو سم ستور سی روندا حرم محترم کا زیور اور تبرک لوٹا چیز سی باہر
نکالا پردہ چہوڑا مانند اسیران کہا اونٹون پر بٹہایا اولاد رسول کو در بدر شہر و بین پہرایا
ضرب و شتم سی دختران بتول کو بہت ستایا عابد بیمار کو بیماری مین طوق پہنایا زنجیر سی باندہ
گلا یا اہلبیت کو رونی سی و داع مقتولین مین منع کیا دربار ابن زیاد و یزید مین مثل گنہگار و
تقصیر وار کہا اور طعنہ دیا زندان کوفہ اور شام کس کس سی کہا قید مین ہزارون طرح کا جفا سہا
شرح مصیبت ہماری سلسلہ بیان مین طولانی ہی ماجرای عترت نبی دنیا مین لاثانی ہی
اس کلام حسرت انجام سی محمد حنفیہ کو فرط شیون مین ہوش نہ رہا چارون طرف سی غلغلہ آہ و فریاد کا
خروش اوٹہا نظم مولفہ زیادہ اس مین مناسب نہین حدیث کو طول کہ تا ہوئی نہ کہین
طبع سامعین ملول فغان و نالہ سی برہم ہوا ہی بزم بکا زمانہ سوگ نشین ہی برای آل رسول
نزول رحمت باری مین ہی مقام دعا بزرگوار خدا یا یہ تعزیت ہو قبول یہ تحفہ ہی مری باکی
افتخار جہان مراد و مطلب ہی شیدا ہو وی جلد حصول خصوص ناظم افسردہ حال حسرت
مقال کہ دل سی رہتا ہی رخصت سرای غم کا ملول

آٹھوین مجلس تذکرہ روانگی امام ہدی مدینہ سے شایعت فاطمہ صغرا وداع پدر و مادر اور سکینہ سے

مجلس آٹھوین روانگی امام ہدی مدینہ سے شایعت فاطمہ صغرا وداع پدر و مادر و سکینہ سے

رباعی غافل تُسی تو یہ دم نکلجاوی گا + اور گور مین سارا جسم گل جاوی گا + جانا ہی سفر کو

زاد رہ کی کر فکر + گر آج نہین گیا تو کل جاوی گا + رباعی جسدم نزدیک وقت رحلت ہوگا

یارہ کیا ہی مقام حسرت ہوگا + کوئی عمل خیر جو ہوگا تُسی + آخر کو وہی رفیق تربت ہوگا +

رباعی دو دنکی حیات پہ عبث غرّہ ہی + خورشید نہین خاک کا تو ذرّہ ہی + ہر شخص کی نخل زندگی

کی خاطر + یہ اندیشۂ نیشہ نہین اترہ ہی + رباعی ای مومنو اس بات کا اب رونا ہی + تاریکی

مرقد مین ہمین سونا ہی + اور اسکا الم ہی کہ گنا ہونکی سبب + محشر مین خدا جانی وہ کیا ہونا ہی

تمہید بکا حدیث فضائل محبان سیّد الشہدا بیان مراتب اہل ولا و وفا

ای سامع الدعا واہب العطا + طلاقت زبان کو نطق کذب سی بچا + روایت حدیث بین قال

صدق کو مدد پہنچا + عنایت وکرم سی حال عزا دونی فرما + جو کلام صحیح حسرت پسند امام ہو

انجام پر نالہ و رقت سی کہرام ہو + ہر تضمین بین خلد برین سی صدای آفرین آئی + سرور دین کی

مصیبت مین دیدۂ رُوح الامین سی سرشک بہائی + رسولخدا صلی اللہ علیہ و آلہ صدر نشین مجلس

رقت ہون تو خلعت رضا دین + بتول عذرا پردہ دار تعزیت ہون + تو انعام مرحبا سو کرین

علی مرتضی علیہ السلام سی شربت طہور کی جام ملین + حسن مجتبی علیہ السلام سی دور نشور کی کام نکلین

اہلبیت سی وارین بین دعا بری کہ تمہاری الم کو رکہتی ہین سید سجاد پر توسل کا تکیہ رہی کہ حسین علیہ

السلام کی ذکر فضیلت اور مصیبت کو پڑہتی ہین یہ صحبت غم ہمکو ہزار بزم جنت سی خوشتر حالت

رقت صف ماتم تخت جم اور افسر سلطنت سی بہتر + شاہ شہدا کی غلامی سی ازادی عقاب کا زینہ ہاتھ

آتا ہی آئمہ ہدی کی پیروی مین رہائی حساب کا سند ی ہتا ہی + ہماری ممدوح کا تو مرتبہ بہت اعلا ہی

آٹھوین مجلس تذکرہ اخبار نبی وعلی شہادت خامس آل عبا مدینہ مین غم روانگی سید الشہدا

متوجہ ہوکی سنو منقبت کرنیوالون نی کیا درجہ پایا ہی مل عن جابر عن ابی جعفر علیہ السلام

قال قال امیر المومنین زارنا رسول اللہ وقد اھدت لنا ام ایمن لبنا وزبدا

وتمرا فقدمنا منہ فاکل جابر ابن عبد اللہ اور حضرت ابی جعفر علیہ السلام نی کہا کہ امیر المومنین

فرماتی ہین ایکروز ہماری گھر سید انبیا نی قدم رنجہ کیا حسن اتفاق سی ام ایمن کا ہدیہ دہی اور مکھن و خرما آیا

اوسکو اگی رکھا ہم سب نی ملکی اونکی ہمراہ کھایا ثم قام الی زاویۃ البیت فصلی رکعات

فلما کان فی اخر سجودہ بکی بکاء شدیدا بعد ازان گوشہ حجری مین جاکی مشغول نماز ہوی

جب سجدہ آخر کیا تو شدت سی رونی لگی فلم یسالہ احد منا اجلالا واعظاما لہ فقام

الحسین فی حجرہ وقال لہ یا ابہ ہما لعظمت وجلال سی کوئی وجہ رقت دریافت نہین کرسکتا تھا

ناگاہ حسین اونکی آغوش حجر پر گوار مین جا بیٹھا کہا ای بابا لقد دخلت بیتنا فما

سررنا بشیء کسرورنا بدخولک ثم بکیت بکاء غمنا فما ابکاک بدرستی کہ جب ہماری

گھر مین آپ ائی تو سب چیزسی زیادہ ہمنی سامان مسرت پائی پھر غم دیکھو جناب گریان ہوی

تو ہمین بھی غم والم فراوان ہی کیا سبب ہی زاری اور اشکباری کا حضرت انکو ہرگز نہ دیکھا ہی

روز دل آزاری کا فقال یا بنی انی نظرت الیکم الیوم فسررت بکم سرورا

لم اسر بکم قبلہ مثلہ فہبط جبرئیل انفا فاخبرنی انکم قتلی وان مصارع

شتی جوابدیا ای بیٹا آجکی دن جو تم سبکو مینی فراہم دیکھا تو ایسا شاد مان ہوا کہ ہرگز کبھی اتنا

بشاش نہوا تھا پس جبرئیل امین آئے اور مجھکو تمہاری ماری جانیکا سانحہ زبان پر لایا اور آخبار

جائگاہ پیارونکی قتل کا سنایا اور یہ کہا کہ مدفن سب کا دور دور متفرق ہوگا فقال لہ یا

ابہ فمن یزور قبورنا ویتعاھدھا علی تشتتھا قال طوائف من امتی

یریدون بذلک بری وصلتی امام حسین نی عرض کی ای پدر بزرگوار ہماری پریشان قبرون کی

٢٦٥

آٹھویں مجلس مدینہ سے عزم روانگی سید الشہدا تذکرہ غبار نبی و سطی شہادت خامس آل عبا

آئیگا اور وہان زیارت غربا کا اداب سلام بجا لائیگا + فرمایا ایک طایفہ میری امت سے قصد مشاہد کرینگی مزید محبت اور الفت سے واسطی آستانہ بوسی کی پہنچینگی فقال یا ابۃ فما لمن یزور قبورنا کہا ای والد مہربان جو ہماری مزار شہدا پر آئی وہ کیا اجر و ثواب درگاہ خدا سے پائیگا + فقال وحقیق علی ان آتیہم یوم القیامۃ حتی اخلصہم من اھوال الساعۃ من ذنوبہم ویسکنہم اللہ الجنۃ مخبر صادق نے ارشاد کیا مجہپر لازم ہی کہ روز قیامت اونکی امداد کو جاؤن تاکہ دغدغہ صراط و میزان و حساب قیامت سے چہڑاؤن گناہان صغیر و کبیر کو شفاعت میں بخشواؤن خلد برین میں رہنی کو عالی قصر جنت تک پہنچاؤن مثل عن ابی جعفر علیہ السلام قال کان رسول اللہ اذا دخل الحسین اجتذبہ الیہ ثم یقول لامیر المؤمنین امسکہ ثم یقع علیہ فیقبلہ ویبکی کتاب کامل الزیارت میں ابی جعفر علیہ السلام سے منقول ہی کہ فرماتی جب امام حسین علیہ السلام نانا کی خدمت میں آتی + پیار سے ہاتہ بڑہا کی گلی لگاتی + امیر المومنین کو سفارش نگہبانی سناتی پہر اونکی سینہ و گردن پہ منہ جہکاتی + بجذب الفت میں بوسی لیتی اور بہت روتی جاتی فیقول یا ابۃ لم تبکی فیقول یا بنی اقبل موضع السیوف منک وابکی قال یا ابۃ واقتل قال ای واللہ وابوک واخوک وانت مظلوم کربلا سائل ہوتی کہ یا ابتاہ آپ کیون گریان ہین جواب دیتی ای فرزند جای تلوار کو تمہاری بدن کی چومتا روتا ہون کہ زخم کی نشان ہین + پوچہا ای واقف اسرار کیا ہم ماری جائینگی بولی ہان قسم خدا کی تو اور برادر اور پدر تیری سب خون میں نہائینگی قال یا ابۃ فمصارعنا شتی قال نعم یا بنی قال فمن یزورنا من امتک عرض کی یا جداہ پس ہماری تربتین بہی باہم دور ہونگی کہا ایسا ہی قضا و قدر کی تجویز حکم خدا سے ٹہری + سید الشہدا نے حلیمہ بالیسی سوال کیا + تمہاری امت میں کون ہماری مزار پر آئیگا

آٹھویں مجلس بیچ غم روانگی سید الشہدا تذکرہ اخبار میں شہادت اور ثواب زیارت کا

قَالَ لَا يَزُوْرُنِيْ وَيَزُوْرُ اَبَاكَ وَاَخَاكَ وَاَنْتَ اِلَّا الصِّدِّيْقُوْنَ مِنْ اُمَّتِيْ

سمجھایا کہ میری اور تیری باپ بھائی کی قبروں پر نہیں قدم دہرینگی مگر وہ لوگ جو امت

مرحومہ سی درجہ صدیق و محب خاص پائینگی مل عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِيْ غُنْدَرٍ عَمَّنْ حَدَّثَهُ

عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللهِ قَالَ كَانَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ذَاتَ يَوْمٍ فِيْ حِجْرِ النَّبِيِّ يُلَاعِبُهُ

عظمت اور بزرگواری اعتماد میرا تجھہ پر ہی سایہ طوبی کی راحت واسطی اوسکی
جسکا تو مولا ہی طُوْبٰی لِمَنْ کَانَ خَادِمًا اَرِقًا × یَشْکُوْ اِلٰی ذِی الْجَلَالِ
بَلْوَاہُ خوشا حال اوس عبد کا جو بلا زم وخادم ہو تیری کرم کا اور خدا سے اپنی
حاجت کو شکوہ بلا وزحمت مین تجہسی مانگتا اور کہتا رہی وَمَا بِہٖ عِلَّۃٌ وَلَا سَقَمٌ
اَکْثَرُ مِنْ حُبِّہٖ لِمَوْلَاہُ اوسکی دلمین کوئی اندوہ وآزار نہین ہی زیادہ شوق
محبت سی جو اپنی مولا کی ساتہہ رکہتا ہی اِذَا اشْتَکٰی بَثَّہٗ وَغُصَّتَہٗ اَجَابَہُ
اللّٰہُ ثُمَّ لَبَّاہُ جب شکایت کری رنج والم کی خدا قبول توجہ کریگا ساری مطلب اور
مراد کو بر لاوی ندای لبیک دیگا اِذَا ابْتُلِیَ بِالظَّلَامِ مُبْتَہِلًا اَکْرَمَہُ اللّٰہُ
ثُمَّ اَدْنَاہُ جو ابتلای ظلم سی زار ونالان ہو دعا کو اکرام سی اجابت کو پہنچای شاد
ہو فَنُوْدِیَ عَلَیْہِ السَّلَامُ پیر جواب مین اوس جناب کی منادی غیب
آواز آئی اور اوسنی یہ عبارت دلنواز پکار کی سنائی لَبَّیْکَ عَبْدِیْ وَاَنْتَ
فِیْ کَنَفِیْ × وَکُلَّمَا قُلْتَ قَدْ عَلِمْنَاہُ لبیک ای خاص بندی تو ہی میری
پناہ وحمایت مین ہی تو نی جو باتین اور جو راز ونیاز کی باتین کہین وہ ہمکو معلوم
ہو گئین صَوْتُکَ تَشْتَاقُہٗ مَلَائِکَتِیْ × فَحَسْبُکَ الصَّوْتُ قَدْ سَمِعْنَا
ملائکہ سماوات میری مشتاق تیری صدای جان فزا کی ہین بس کافی ہی یہ کہ ہم
اس آواز کو سنا دُعَاکَ عِنْدِیْ یَجُوْلُ فِیْ حُجُبٍ × فَحَسْبُکَ
السِّتْرُ قَدْ سَفَرْنَاہُ تیری دعا حجاب جلال اور قرب وصال مین ہماری پھرتی ہی

١٩٢

ثم وأنفذ بعض خدامه ... [illegible]

... [illegible] عن محمد بن الفضل قال اختلفت الرواية بين اصحابنا في ... [illegible]

عليه السلام حيث قال
ان اصحابنا قد اختلفوا
في مسح الرجلين فان
رايت ان تكتب الي بخطك ما يكون عملي عليه فعلت
ان شاء الله فكتب اليه
ابو الحسن فهمت ما ذكرت
من الاختلاف في الوضوء
والذي آمرك به في ذلك
ان تمضمض ثلثا وتستنشق
ثلثا وتغسل وجهك ثلثا وتخلل شعر لحيتك
وتغسل يديك الى المرفقين ثلثا
وتمسح راسك كله وتمسح ظاهر اذنيك
وباطنهما وتغسل رجليك الى الكعبين ثلثا
ولا تخالف ذلك الى غيره فلما وصل الكتاب
الى علي بن يقطين تعجب مما رسم له فيه
مما اجمع العصابة على خلافه ثم قال مولاي
اعلم بما قال وانا ممتثل امره فكان يعمل في وضوئه
على هذا الحد ويخالف ما عليه جميع الشيعة
وقيل له انه رافضي مخالف لك فقال الرشيد
لبعض خاصته قد كثر عندي القول في علي بن يقطين
٢٩٣
فقيل له ان الرافضة تخالف الجماعة في الوضوء
فتخففه ولا ترى غسل الرجلين فامتحنه
من حيث لا يعلم بالوقوف على وضوئه
فتركه مدة ثم وناطه بشيء من الشغل
في الدار حتى دخل وقت الصلاة وكان
وقف الرشيد من وراء حائط الحجرة
بحيث يرى علي بن يقطين ولا يراه
هو فدعا بالماء وتوضأ على ما امره
الامام فلم يملك الرشيد نفسه حتى
اشرف عليه بحيث يراه ثم ناداه
كذب يا علي بن يقطين من زعم
انك من الرافضة وصلحت حاله
عنده وورد كتاب ابي الحسن ابتداء
الان يا علي بن يقطين توضأ كما
امرك الله اغسل وجهك مرة
فريضة واخرى اسباغا واغسل
بذلك من الرافضة كذلك

نورِ مجلّیٰ نذکرہ درِ کعبہ پہ جبرئیل کا دست سید الشہدا کو پکڑنا واسطے بیعت خدا کی خلق سے کہنا

اور یہ بزرگی بس ہے کہ پردۂ دوری اوٹھہ گیا توجہ خاص رہتی ہے کو هَبَّتِ
الرِّیحُ مِنْ جَوَانِبِہٖ خَرَّ صَرِیعًا لَمَّا تَغَشَّاہُ اگر نسیم لطف اوسکی اطراف سے
حرکت مین آئے ہر آئینہ وہ ظہور تجلی دیکھہ کے سجدے مین جہک جائے نسج عن ابن
عباسٍ قَالَ رَأَیْتُ الْحُسَیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَبْلَ اَنْ یَتَوَجَّہَ اِلَی الْعِرَاقِ
عَلٰی بَابِ الْکَعْبَۃِ وَکَفُّ جِبْرَئِیْلَ فِیْ کَفِّہٖ کتاب تخریج مین ابن عباس
رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ سفر عراق سے پہلے ایکروز امام حسین علیہ السلام کی
زیارت کی ہے درِ خانہ کعبہ پردۂ سرور کھڑے تہے اور جبرئیل بصورت مرد نورانی اونکے
برابر متوقف ہوکے اون ید اللہ کا ہاتہہ پکڑے تہے وَجِبْرَئِیْلُ یُنَادِیْ ہَلُمُّوْا
اِلٰی بَیْعَۃِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ جبرئیل وہ دست حق پرست کو اوٹہا کے ندا کرتے تہے
اور سرگشتگان مقام غفلت کو فضایل کبریٰ جتاتے تہے اے گروہ خلایق اس کعبہ
سعادت وشرف کو پہچانو اور نتیجہ فرزند مشکلکشا پر اکے خالق ارض وسما کی بیعت
کرو یہ حجت اور نشانہ لطف خدا ہے یہ تیہہ ضلالت سے منزل نجات کا راہ نما ہے
یہ وارث کرامات انبیا واولیا ہے یہ صاحب معجزۂ ید بیضا ہے یہ است مرحومہ کا
امام اور پیشوا ہے یہ نقیب ینتہی آل عبا ہے پس اے مومنین حاضرین سنا تھی گوش
صدق ویقین سے فضایل کو قرب ومنزلت رب العالمین سے امام المتقین کی ہا
افسوس کہ اس امت بے شرم وحیانی محبوب حق تعالیٰ پہ یہ انتہا ظلم وجفا کیے
خانۂ خدا سے مہمان بلا کے بہوک پیاس مین تلواروں کے زخم کہائے کو دئے ہزاروں خط
وعدۂ یاری اور غمخواری کے لکہے صدہا قاصد واسطے طلب ہدایت کی اوس برگزیدۂ
باری کو بہیجے اونکے قول کو دیا غربت مین ذلیل وخوار کیا تاب جلیل کا سے فرزند کی

نویں مجلس شہادت مسلم بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ

سر کاٹ لیا جنازے کو لہو بہتا کوچہ و بازار میں پھرایا + دفن و کفن کے عوض دروازۂ قصر میں لٹکایا + فاتحہ و قرآن پڑھنے کی جا ڈھول و نقارہ شادی کا بجایا + غم و ماتم کے مقام پہ فرشِ انبساط یزید کو بچھایا نظم للمؤلفہ اولادِ مصطفی پہ یہ رنج و محن دریغ آلِ زیاد کامروا خندہ زن دریغ + محبوبِ کبریا و دل و جانِ بوتراب + دشتِ بلا میں ذبح ہو تشنہ دہن دریغ + اطفالِ اہلِ شام تو سوتے ہیں بہ نازو + در بدر پھریں یتیمِ حسین و حسن دریغ + بے چادر و نقاب خواتینِ اہلبیت + بے دفن و بے کفن شہ گلپیرہن دریغ ناظم عجب مذاق ہے تیری کلام میں + اس طرز کو نہ مانے جو اہلِ سخن دریغ

شہادت مسلم ابن عقیل علیہ الرحمۃ منقول مقتل ابو مخنف

رسولانِ کشورِ بلا و محنت + و پیغمبرانِ شہرِ بکا و رقت + مسافرانِ دیارِ حسرت و پریشانی + و صاحبانِ بادیۂ غربت و سرگردانی + قاصدانِ حاملِ تسلیم و رضا و پیروانِ منازلِ امتحانِ قضا پیام زاری و ابتہال کو واقعۂ شہادتِ مسلم ابن عقیل سے مجمع احباب میں یوں پہنچاتے ہیں کہ جب بیوفایانِ کوفہ نے رفاقتِ مسلم سے کنارہ کیا اور خوفِ ابن زیاد سے مہمانِ غریب کو تن تنہا چھوڑ دیا + ثُمَّ اِنَّ مُسْلِمَ ابْنَ عَقِيْلٍ خَرَجَ حَتّٰى اَتٰى اِلٰى دَارِ امْرَاَةٍ يُقَالُ لَهَا طَوْعَةُ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ مقتل ابو مخنف میں لکھا ہے کہ وہ بے وطن مسجد جامع سے نمازِ مغرب پڑھ کر جو کھڑے ہوئے تو دیکھا کہ سب بیعت کرنیوالے اپنے گھر کو بھاگ گئے اور عہد و پیمان پر کوئی ثابت قدم نہ رہا + ناچار حیران و پریشان دروازہ سے نکلے + بازار و کوچہ و دار العمارت سے ناواقف تھے + ایک خدا پرست سے کہا کہ راہِ عافیت اونکو بتائے کہیں آشنا و دوست

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ الرحمۃ

جو منزلِ نجات و رِفاہ تک پہنچائی اندھیری رات کو شب و فراز میں ٹھوکر
کہاتی پھرتی اطرافِ محلات میں کوفہ کی بے یار و مددگار پھرتی شہر سے نکلنے کی واسطے
سُنسان اور بے سر و سامان جاتی تھی کوئی مکان ایک شب کی توقف کو بھی جا
نہیں باقی تھی حسرت دیتی باتیں دیکھ کی گھبراتی تھی بھوک پیاس میں نہایت ہوکی
غم کہاتی تھی کبھی گوشۂ خلوت میں کھڑی ہو کی مناجات کرتی طرفِ مکہ امام حسین علیہ
السلام کی تصور میں آ سر دھرتی ناگاہ اثنای راہ میں ایک ضعیفہ کی گھر پر کہ
اوسی طوعہ کہتی تھی آئی اوس عورتکو دروازی میں کھڑا دیکھ کی یہ سخن لب پر لائی
فَقَالَ يَا هٰذِهِ اَضِيفِينِي فِي هٰذِهِ اللَّيلَةِ کہا ای نیک زن ہو سکتا
کہ تو قدم ہمت آگی دھری اور آجکی رات مجھ پردیسی مسافر جان کی اپنا مہمان کری
فَاِنْ اَنَا عِشْتُ كَافَيْتُكِ وَاِنْ مُتُّ فَقَعَ اَجْرُكِ عَلَى اللّٰهِ اگر
میری زندگی باقی رہی تو عوض میں سلوک اچھا کرونگا اور اگر مارا گیا تو خدا
اسکا اجر دیوی یہی کہونگا قَالَ فَاَخْلَتِ الْمَرْاَةُ لَهُ مَخْدَعًا وَاَخْدَمَتْهُ فِيهِ
راوی کہتا ہی کہ اوس مومنہ نی خوش ہو کی جلدی سی اپنی مکان میں ایک حجرہ
خالی کیا اور مسلم کو وہاں لیجا کی بہت عزت سی بٹھا دیا وَجَعَلَتْ تُكْثِرُ
التَّرَدُّدَ اِلَيْهِ وَكَتَالَهُ عَنْ حَالِهِ مسلم کو کنج سعادت جان کی گوشۂ حجرہ میں
مخفی رکہا آب و طعام جو میسر تہا وہ لاکی روبرو رکہا دقیقۂ خدمت کچہا نہ رکہا
و تسلی دلداری کی وہاں آتی جاتی سوالِ نام و نسب میں رو رو کی شرماتی
جسکا طوعہ میں اخلاص و محبت کا نشان ملا مسلم نی زبانِ حال سی اپنا واقعہ سب
بیان کیا ہم اہلبیت پیغمبر کی اقربا ہیں درد و مصیبت میں مبتلا ہیں اہل کوفہ نی

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ الرحمۃ

اٹھارہ ہزار نامہ اور صدہا قاصد بھیجکر بلایا امامت اور ہدایت کا لایق جانکی
وعدۂ نصرت سنایا مجہی امام حسین علیہ السلام نی نامہ برونکی ہمراہ بھیجا اپنی وکالت
کی منصب سی افتخار دیا مینی اس شہر مین خطِ فرزند رسولِ خداکو لاکی پڑہا جبہی ہزار
خلایق کا بیعت مین دستِ طاعت آگی بڑہا اب خوفِ ابن زیاد سی سارا زمانہ
پہر گیا ہمکو ذلیل و خوار دشمنون کی ہاتہہ مین گرفتار چہوڑ دیا غریب بیابان
در بدر پہرتا ہون کوئی دوست کا گہر اور وطن جانی کا طریق نظر مین نہین کہتا ہو
اہل و عیال سی بحسرت دوری ہی امام حسین علیہ السلام کی مہجوری مین ناصبوری ہی
زغم جفای اعدا سی شیشۂ دل چور ہی صدمات مصیبت مین تن بیمار رنجور ہی
روضۂ نبی اور شہر مدینہ بہت یاد آتا ہی اپنی فرزندونکا غم فرقت در ذات ولانا
تنہائی مین بیکسی اور حسرت ساتہہ پہرتی ہی گران جانی مین موت سر پر ہاتہہ
دہرتی ہی اگر زندگی باقی ہی تو دیکہون تقدیر کہان لیجایگی ہرگاہ مارا جاؤن
حسین علیہ السلام کی آرزو مین قبر ہی خوش نہ آیگی یہ ماجرا اسکی طوعہ رو تی تہی
مسلم کی جان پر خایف ہوتی تہی وَکَانَ لَهَا وَلَدٌ صَغِيْرٌ لَا يَا رَبَّ اللهُ
فِيْهِ راوی کہتا ہی اوس پیرزال کا چہوٹا بیٹا تہا وہ آیا ناگاہ گہر مین داخل ہوکر اوسنی
ماں کو تشویش مین مبتلا پایا فَقَالَ لَهَا يَا أُمَّاهُ مَالِي أَرَاكِ تُكْثِرِيْنَ التَّرَدُّدَ
إِلَى هٰذَا الْمُخْدَعِ ماں سی اپنی پوچہا کیا سبب ہی کہ آجکی رات اس حجری مین بہت
آمد و رفت کرتی ہو کونسی تشویش ہی کہ جسکی تردد مین آہ سرد بہرتی ہو فَقَالَتْ لَهُ
يَا بُنَيَّ اُكْتُمْ عَلَيَّ فَإِنَّ ضَيْفَنَا اللَّيْلَةَ رَجُلٌ مِّنْ آلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ جَدُّ أَبِيكَ
ای فرزند اس رازکو پوشیدہ رکہنا اور دشمنون سی دین کی ہرگز نہ کہنا ہماری گہر مین

نویں مجلس شہادت مسلم بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ من رب جلیل

پیغمبر کی اہلبیت سے ایک مہمان آیا ہے وہ محنت کشیدہ خوف اعدا سے یہاں پناہ
لایا ہے فلما قالت له ذلك قاد الكلام في صدره وكان ابوه ساعيا
لعبيد الله بن زياد جب اوس نابکار نے یہ کلام اپنی ماں کا سنا بغض و کینۂ آل
محمد سے دل نے سینہ میں تاؤ پیچ کھایا اوس طفل کا باپ شوہر طوعہ کہ کہاہے کہ ابن
زیاد کا مصاحب مقرب تھا فمضى الى عند ابيه اسيد الحضرمي فقال
له يا ابة ان ضيفنا الليلة رجل من اهل بيت النبي عليهم السلم وہ اپنا
ماں کی آنکھ بچا کے پدر کے پاس دوڑ گیا آہستہ سے اوس کی جیب کے کان میں کہا
اے بابا ہمارے گھر میں اقربائے پیغمبر سے ایک مرد مہمان ہے میری ماں کی محبت سے کہ
حجرے میں پنہاں ہے فسمعه الملعون عبيد الله فقال له ما يقول هذا
الصبي ناگاہ اوس شریر کی تقریر کو ابن زیاد نے سنا اپنے مصاحب سے پکار کے
پوچھا اے اسید یہ لڑکا کیا کہتا ہے اور کہاں کی خبر دیتا ہے فقال ابوه يقول
ان مسلم بن عقيل ضيف عند اهلي اوس نے جواب دیا اے امیر یہ فرزند مژدہ
نیک لایا ہے کہ مسلم ابن عقیل ہمارے مکان میں مہمان ہوا ہے ففرح بذلك و
ادعا بمحمد بن اشعث الكندي یہ خبر سنکے وہ ظالم مسرور ہونے لگا اور محمد ابن
اشعث کندی کو بلایا وضم اليه خمسمائة فارس وقال امض فأتني به
پانچ سوار اوس کے ہمراہ کیے اور کہا جلدی جا طوعہ کے مکان سے مسلم کو میرے پاس پکڑ لا
فمضى الى منزل المرأة ... الامرأة ... ومعه محمد ابن اشعث
رسالہ سواروں کا لیکے دوڑ گیا اوس پیرہ زن کا حجرہ ہر طرف سے گھیر لیا طوعہ کو
جسدم گھوڑوں کی آواز سم کان میں پہنچی پریشان و مضطر ہو اس پاس کھڑی ہوئی

تزئین مجالس شهادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ من اللہ الجلیل

جاتا کہ لشکر واسطی گرفتاری مسلم کی آتا ہی اسیّد عزیز مظلوم و بی گناہ اونکی جو روشم
مارا جاتا ہی فقصدت الی درعٍ کان لزوجہا فلبستہا وتقلدت
بسیفہا وخرجت الی لقاء القوم وہ مومنہ جان نثاری کی ارادہ پر
دوڑی اپنی شوہر کی زرہ بدن مین پہنی اوسکی تلوار گلی مین حمایل ڈالی جہاد کی حمایت مین
گہر سی باہر نکلی لڑنیکو اوس لشکر سی مقابل ہوئی فصاح بہا مسلم بن عقیل
ارجعی ایتہا المرأۃ الی منزلک مسلم نی جب یہ ماجرا دیکہا عورت
مومنہ پکار کی کہا ای زن جوانمرد اس ارادہ سی ہاتہہ اوٹہا تحمل کر کی مکان کو اپنی
پہر جا فان اللہ تبارک وتعالی قد رفع الجہاد عن النساء خدا تعالی نی
جہاد کو عورات سی معاف کیا ہی مرحبا کہ تو نی ہم ذریہ رسول کا ساتھہ دیا ہی
فرجعت وہی تقول واخیبتاہ وہ نیک سیرت فی الابد مراجعت کی
بہت حسرت و افسوس کرتی تہی فقال لہا مسلم لا خیبتی علیک تقبّل
سعیک وعملک مسلم نی فرمایا تیری واسطی کوئی ندامت و نا امیدی نہین اللہ
قبول کری جو تو نی ہماری طرفداریان کین ثم اتی بماءٍ فاتتہ ماءً فا
غتسل بہ ولبس ثیابہ ووضع علیہ درعہ وتقلد بسیفہ ای
تہوڑا پانی جو نہانی کو لا دی جبکہ اوسنی فرمایش جہان آمادہ کی مسلم نی بدن مبارک
اپنا دہویا اوس پر لباس کو بصورت کفن پہنا زرہ کو زیب پیکر شہادت کیا تلوار کو
گردن مین لٹکایا ورکب فرسہ وخرج الی لقاء القوم فقال لہم
یا ویلکم وما الذی تریدون منّی با توکل خدا گہوڑی پر سوار باہر نکلی اوس
فوج شقاوت موج سی مقابل ہو کی بولی ای گمراہو وای اوپر تمہاری کیا چاہتی ہو

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ من اللہ الجلیل

کیونکہ میری طرف ہجوم لاتی ہو اس روایت مین یہ عبارت خارج از پایۂ اعتبار ہی
کہ مسلم کا نہاکہوڑی پر چڑہنا دونو منافی اختیار ہی فقالوا یا مسلم استأمن
الینا بخیر الامیر تجیر لک فیصفح عن ذلک اون اشقیا نی کہا ای مسلم
پاس بیکی امیر سی انکر ملو ابن زیاد کی خدمت مین ہماری ساتہ چلو تمہاری
گناہونکو بخشدیگا کچہ خطای گذشتہ کا مواخذہ نکریگا فقال لہم یا ویلکم
ایعطی رجل من اہلبیت محمد انقیاداً من نفسہ واللہ لا یکون
ذلک ابداً مسلم نی فرمایا عذاب الہی نازل ہو اوپر تمہاری کوئی آدمی اہلبیت
پیغمبر سی دشمن کی ہاتہ مین اپنی جان کو نہین دیگا اور کبھی ہمی ذلت کا قبول کرنا
نہوگا ثم حمل علی القوم وحملوا علیہ باجمعہم بعد ازان وہ دلاور لشکر
ستمگر پر حملہ آور ہوی اور سب اشقیا ہی ایکبارہ اوس خستہ جگر پر ٹوٹ پڑی
فما تحمل النہار حتی قتل منہم مائتین وخمسون فارس مسلم نی میمنہ
میسرہ کی شجاعت اور بہادری کا ہنر دکہایا یہان تک کہ تہوڑا دن چڑہا تہا
جو دو سو پچاس سوار وںکو مارا باقی کو بہگایا فبلغ ذلک الی عبید اللہ بن
زیاد فنفذ الی محمد بن الاشعث یعاتبہ وہو یقول یا ویلک
انفذناک الی رجل واحد تأتینا بہ یہ ماجرا جبکہ عبید اللہ ابن زیاد نی
سنا محمد ابن اشعث کو پیام عتاب وسرزنش دیا ای مردود تجہی ایسا مجمع
ایک آدمی کی پکڑنیکو سونپا ہی اوسپر تو نی اتنا عرصہ کیا اور کچہ کام نہین بنایا
فانثلم من عسکرک ہذہ الثلمۃ العظیمۃ اس لشکر سی تدارک فساد مین رخنہ
بندی کرو ہوسکی جلدیسی دام تدبیر اور فریب کی وہر فبعث الیہ الکلینی

نویں مجلس شہادت مسلم بن عقیل رحمۃ علیہ من رب جلیل

یقول أتظن انک انفذتنی الی جرامقۃ الجزیرۃ او الی یہودی
پسر اشعث نی جواب دیا ای امیر تو گمان کرتا ہی کہ جولاہان جزیرہ خواہ یہودیان
بی حقیقت کی پکڑنیکو بہیجا ہی بل قد انفذتنی الی اسد ضرغام و
لیث ھمام من آل بیت محمد بلکہ مجھی اوسکی ہم قتال پر مامور کیا ہی جو شیر
بیشہ جلادت اور دلیر خاندان رسالت سی یکتا ہی فبعث الیہ یقول علیہ
اعطیہ الامان اوس سکار نی تعلیم کی تمکو چاہیی کہ مسلم کو امان دو اور اس
تدبیر سی قابو مین لاکی پکڑ لو فقال مسلم وای امان لکم یا غدرۃ الفجرۃ
مطابق کہنی ابن زیاد کی وہ اشقیا چلای کہ ای مسلم تمکو امیر نی پناہ دی ہی وہ
مظلوم نی فرمایا تمہاری قول کا ہرگز اعتبار اور امان پر بہروسا نہین ثم انہ
حمل فیہم وانشاء یقول پہر اوس بہادر نی اونپر حملہ کیا اور یہ اشعار کو پڑہنی
لگا اقسمت لا اقتل الا حرا ان وجدت الموت کأسا مرا قسم کہا
ہر اینہ سر کریم قتال رہونگا تمکو اپنی تلوار سی مارونگا تاکہ موت کو پاونگا مانند
تلخ اوسکو پیونگا + اخاف ان غدرا او اغرا اقتلکم ولا اخاف الفقرا
تمہاری فریب اور غدر کو اندیشہ کرتا ہوں سبب کو قتل کرونگا ہمت اور بلا
نہین ڈرتا ہوں + قال ولم یزل یقتل فارسا وراجلا حتی قتل منہم
الثلثماتہ رجل وہ صفدر لڑتا رہا تا کہ بہت اشقیا مارے اور تین سو
پیادہ اور سوار تلوار کی گہاٹ اوتارے ثم انہم اوقعوا جراحا واخذ
اسیرا ہر طرفسی غریب مظلوم پر دشمنو نکا ہجوم کثرت زخم سی اوسکا بدن چہید
گیا کسینی سینہ حضرت دفعیہ پر تیر مارا کسینی بہالا عداوت سی پہلو مین لگایا +

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ من اللہ الجلیل

بعضون نی دو رسی جسم پاش پاش کو سنگ باران کیا کسینی تو دہ خاک اوٹھا کر سر پر
پہینکا نا ریون نی بوریا مین اگ لگا کی اوس جگر سوختہ پر ڈالی ایک مردود نی کمین سی
دوڑ کی برچھی ماری اوسکی صدمہ سی مسلم خاک پر گرا اشقیای کوفہ نی چار سمت سی گہیر کی
پکڑ لیا بازوی مجروح کو رسن بیداد سی کس کی باندھا لہو بہتا جانب دار الامارہ کہینچا دو کل
بہ سایق وکان فظًّا غلیظًا جو متوکل سنگدل او سیہ تر رہوا بہت بی رحم تند خو او
دشمن تہا فمر بدار فیہا کیزان مآء اقان و خیزان سید مظلوم کو لیجلی ناگاہ اس
مکان سی گذری کہ دروازی پر کوزہ ہای آب سرد رکہی تہی فقال لسائقہ اسقنی
شربۃ من الماء پیاس کی شدت مین مسلم کی جان پر بنی زبان خشک تالو سی چمٹی تہی
حال تباہ مین اپنی نگہبان سی کہا اسدم تہوڑا پانی مجہی لیکی پلا فان عشت کافیتک
وان مت وقع اجرک علی اللہ رب محمد علیہ السلام اگر اس بلا سی چہٹ کی
جیتا رہونگا تو عوض مین تیری ساتھ نیکی کرونگا اور اگر جور و جفا سی مارا جاونگا تو رب
محمد مصطفی پر اسکا اجر دینا ہوگا فقال لہ ہیہات ان تذوق الماء او تذوق
الموت غصۃ و جرعۃ اوس ظالم نی جواب دیا ہرگز تجہی پانی نہین ملیگا بلکہ شربت ناگوار
موت کو تو چکہی جان دیگا قال فالح علیہم فی طلب الماء فاتوہ بقدح فیہ
ماء راوی کہتا ہی دوبارہ اوس غریب نی منت و زاری سی پیاس کا شکوہ کیا بیکسی سی
ایک خدا پرست نی پیالہ بہر کی لا دیا وکانت قد اصابت شفتہ العلیا ضربۃ
فلما وضع القدح علی فیہ سقطت ثنایاہ فی القدح ضربت سی مسلم کا
لب بالا کٹا تہا جب پانی پینی کو قدح منہ سی لگایا سب دانت اوسمین گر پڑی اب
جو پیی پینی کی قصد کیا صار الماء دمًا عبیطًا وہ برتن زخم دہن کی لہو سی بہر گیا

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ اللہ الجلیل

خون تازہ کی سرخ ہوا فَامْتَنَعَ مِنْ شُرْبِهٖ وَسَالَهُمْ غَيْرَهٗ فَمَنَعُوْهُ مِنْ ذٰلِكَ
اوس تشنہ لب کو سیراب ہونیسی محروم رکہا ہرگاہ وہ سراپا پیاسا تہا اور کسی رحم دل نے
بہر کی دیا تو اون کافرون نی منع کیا گویا مقدر یون ہوا تہا کہ سید الشہدا کی اقربا اور انصار
دنیاسی پیاسی جائین ساقی کوثر کی ہاتہ سی جنت مین زلال رحمت پائین بہت شبیہ گذرا ہی
یہ واقعہ مسلم غریب کا ساتہ ماجرای سلطان کربلا کی جسدم وہ جناب تن تنہا زغہ اعدا مین
باقی رہی کثرت عطش مین لشکر سی پیاسی طالب ایک جام آب کی ہوی وہ اشقیا نی رکہا
جواب صاف دیا فرزند رسول کو پانی سی محروم رکہا جناب نی بالب خشک اور چشم تر
نہر کی طرف گہوڑا بڑہایا چلو مین پانی اوٹہا کی پینی کا ارادہ تہا ناگاہ کمین بلاسی منہہ پر سنگ
دغا یا تیر جفا ایسا لگا کہ لب و دہان مجروح اور پاش پاش ہوا دندان گوہر فشان کرنی لگی
فواری بہنی لگی لہو بہری پانی کو ہاتہ سی پہینک دیا پیاس مین آپ خنجر سی گلا ترکیا
وَاُدْخِلَ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ فَقَالُوْا اَسْلِمْ عَلَى الْاَمِيْرِ راوی کہتا ہی مسلم کو
کشان کشان ابن زیاد کی روبرو لائی واسطی اداب سلام کی نقیب پکارتی آئی فَقَالَ
لَا يَنْفَعُنِي السَّلَامُ عَلَيْهِ مسلم نی فرمایا کہ اس دشمن خدا کو رسول کی عترت سی کینہ ہی
ہمارا سلام کرنا ایسی ظالم کو بیفائدہ اور بیقرینہ ہی فَقَالَ الْمَلْعُوْنُ مَا عَلَيْكَ
سَلَّمْتَ اَوْلَمْ تُسَلِّمْ لَا بُدَّ مِنْ قَتْلِكَ ابن زیاد بولا چاہو سلام کرو خواہ انکار کرو
بالضرور تم میری تلوار سی مقتول ہو قَالَ مُسْلِمٌ يَا وَيْلَكَ اِذَا كَانَ وَلَا بُدَّ مِنْ قَتْلِي
فَاَمْهِلْنِي بِقَدَرِ حَتّٰى اُوْصِيَ اِلَيْهِ بِوَصِيَّةٍ مسلم نی کہا وای اوپر تیری او ظالم ہرگاہ
میری قتل کا ارادہ مقرر ہی تو کوئی مرد ثقہ بلادی کہ اوسکو مین وصیت کرون جو حق واجب
الادا ہی اوسکا مشغول الذمہ ہون فَقَامَ اِلَيْهِ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ وَقَالَ لَهٗ اَوْصِنِي

نویں مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ من اللہ الجلیل

ابن سعد کھڑا ہو کی نزدیک آیا اور کہا مجھی وصی کروانا فقال لہ اوصیک اولًا بتقوی
اللہ وایثار طاعتہ فرمایا کہ اول مین تجھی سفارش کرتا ہون طاعت خدا کی تقوی
اور پرہیزگاری سی عبادت مین سرگرم رہنا اوسکی واذا انا قتلت فادفن جثتی
دوسری یہ کہ جب مین شہید ہو جاون تو جنازی کو اوٹھانا نماز پڑہکی قبر مین سونپا جا
چہپانا وبع درعی ہذہ وادفع ثمنہ الی البقالین فی الجزیرۃ وان لہم
علیّ دین تیسری یہ زرہ کو میری لاش سی اوتار کی بیچنا اوسکی زر قیمت کو بقالان جزیرہ کی
ہاتھ مین دینا کہ اونکا قرض مجھپر آتا ہی چند مدت سی انفقہ اور خوراک مرکب کو دیا ہی
وتکتب الی الحسین علیہ السلام ان لا یجیئ فانہ مقتول لا محالۃ
چوتھی یہ کہ میری طرف سی امام حسین علیہ السلام کو عرضی لکہنا یا ابن رسول اللہ زنہار کوفہ کا ارادہ نکرنا
یہاں کی مخلوق بہت بیوفا ہی اہلبیت کی واسطی قصد غدر و جفا ہی اندیشہ رکہتا ہون وہ تمہا
اس دیار مین ایک فرقہ ستمکار اور ظالم غدار کی ہاتہ سی مارے جاین عمر سعد نی جواب آن
باتون کا پکار کی کہا تاکہ حضرات مدعا کو ابن زیاد نی سنا فقال عبید اللہ اما انت
فلا بد من قتلک فلا نبالی ما تصنع بجثتک اوسنی کہا یا مسلم ضرور مین تجکو
قتل کرونگا اور میت سی کچہہ مزاحمت نکرونگا جو چاہی وہ لیجای قبر کہودی اور دفنا
وما درعک فالرجل مخیر فیہ ان شاء یؤدیہ اولا تیری زرہ سی جو
مین کیا سروکار ہی وصی تیرا قرض کی ادا کا مختار ہی واما الحسین فلا بد ان
نکتب الیہ نخدعہ حتی یخرج ونقتلہ ونستریح منہ لاکن امام حسین کو
البتہ فریب سی خط بہیجونگا کہ مکہ سی نکال کی کوفہ مین مارونگا تاکہ اوکی ہاتہ سی یزید کو آرام
ملی اور اوسکی سلطنت خلش امامت جاتا رہی ثم ان عبید اللہ امر ان یصعد بہ

دسوین مجلس ذکر مسمار کشتی و تاویل کہیعص و روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا

اِلیٰ اَعْلَاءِ الْقَصْرِ جَلَادٍ فِیْہِ وَ اُلْقِیَ عَلیٰ اُمِّ رَاْسِہٖ پس جلاد کو ابن زیاد نی حکم کیا
مسلم کو بالای قصر لیجا کی اولٹا پہینک دیا فَاَنْدَقَّتْ عُنُقُہٗ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ
سر و گردن کو اوس مظلوم کی چور کر ڈالا مرغ روح نی شاخسار طوبی پر آشیانہ کیا اور دوسری
روایت مین وارد ہی کہ اوس شقی نی کہا ای جلاد پشت بام قصر پر مسلم کو لیجا سر کاٹ کی
پہری پاس لا بدن کو رسی مین لٹکا یہ ماجرا خلایق کو واسطی عبرت کی دکہلا قاتل نی حسب تلوار
بیان ہی نکالی مسلم نی چار طرف بحسرت و یاس نظر کی اہل کوفہ کو دیکہا تماشی کو جمعیت
کرتی ہین بعضی واقعہ آفت سی روتی بعضی ہنستی ہین اوس قربانی کعبہ وفا نی مکہ کی جانب منہ
کر دن پہیری حالت رقت مین پکار کی یون مناجات کی خدایا میرا سلام امام حسین سید انام کو
کہیو اہل بدعت سی جو محنت مجہپر گذری ہی اسکا گواہ رہنا فقط لمولفہ ای غلا ملک علی
سوسیم افغان آیا + نوحہ و نالہ و فریاد کا سامان آیا + غم شبیر مین اوٹہا ہی دل اہل ولا چشمہ
دیدہ خونبار کا طوفان آیا + زخم کہا کی کو دیکہی پیتی آب خنجر تشنۂ خون ہر ایک قاتل جہان آیا
دشت غربت مین ہوی وارد مقتل شہ دین + شمر مردود سر و جان کا خواہان آیا + شعر نا ظلم کا
جو مضمون ہی رقت افزا + سنکی ہر فرد بشر اوسکا ثناخوان آیا +

دسوین مجلس بذکر مسمار کشتی و تاویل کہیعص و روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا

دو باجی آدم اشکون سی منہ کو دہویا کرتی + اندوہ الم مین عمر کہویا کرتی + شبیر کی حال سی
نہین کرچہ خبر + پر ہای حسین کہکی رویا کرتی + دو باجی دشمن جو یزید ستم ایجاد ہوا محبوب
خدا کا باغ برباد ہوا + افسوس ہی کربلا مین گہر زہرا کا + ایسا اوجڑا کہ پہر نہ آباد ہوا + دو باعی

جا بالکسر والقصر ایک راہ ہی مشرق و مغرب کی جمع

دسوین مجلس روانگی سید الشہدا کی اسی جانب بلا بہانہ تمہید بکا مرثیہ مصائب قتیل الطف جسمی الخلا

دوڑی ہوی مانند صبا پہنچین گی + فردوس مین وہان پہنچکی جا پہنچین گی + ای انس ملکگا
تب گل باغ مراد + جب ہند سے تا کربلا پہنچین گی + باعث پری آی عذار نورہوی +
یاران شباب پاس سی دور ہوی + لازم ہی کفن کی یاد ہر وقت انیس + جو مشک سی
بال تہی وہ کافور ہوی + تمہید بکا مرثیہ مصائب قتیل الطف جسمی الخلا
دروانگی سید الشہدا کی بلا ہر جاندار کو مکروہ طبعی ناگوار ہی + اور آزار
درد کی لیی طبیب و پرستار درکار ہی تا واپسی کو غذا بیمار کو دوا + عاشق کو وصال یار +
غریب کو بازگشت دیار + غریق کو ساحل نجات + حریق کو اطفای لہبات + اسیر قید کو
رہائی + عریان کو لباس کی زیبائی + جراحت کو مرہم کی وصلت + خوف و دہشت کو امن
پیاسی کو پانی کا جام + بہوکی کو توشہ طعام + مسافر کو سلامتی راہ + مصیبت کو تسلی
بخش خیرخواہ + موت کو تجہیز و تکفین و اقامت عزا و رشتہ اطفال یتیم کو ماتم پرسی اقربا و احبا
جیسا کہ سانحہ وفات مین رسول خدا کی ہوا کہ امیر المومنین نی غسل دیا کفن مین خود لپیٹا
ساری اصحاب نی دو روز مین نماز پڑہی دفن کیا فرش و عرش پر ہی کی حزن اور ملال
علم شیون پہیلا + ایسا ہی واقعہ سیدۃ النسا فاطمہ زہرا تہا + ہرچند جنازہ مخفی اور مستور اوٹہا
مگر اعزا سے غم و الم کا سارا دستور کیا + حسنین و زینب وام کلثوم کو ماں کا سوگ
یونہیں حادثہ علی مرتضی مین ایک عالم نی ماتم کیا کیا خوب اسلوب سی غازی کا ساتا
کیا + موالی اور اہالی سیاہ پوش + کلک و رعیت و سپاہ مین عزا کا جوش + آخر کو ماجرای حسن
مجتبی ہی اگرچہ دلخراش ہی مگر موت و توقیر کی اسباب سی تسلی دہ جگر پاش پاش ہی تمام
بنی ہاشم سب جوان بہائی اور بیٹی امام حسین علیہ السلام کی ساتہ روتی تہی تابوت کی
پیچہی عزادار نوحہ گر روتی ہین جان کہو تی تہی لاکن نائی الہی ماہی مین سب

جانہ ودفع ... الامام ... فاوجب علیہم ... الیہ من کان ... الاقرار ثبت النص ... المنفعل ... المنفعل من لہ ...

و لہ العہد الوارد ہ من ابیہ ... النصوص الواردۃ من یعقوب بن یقطین
ما رواہ محمد بن یعقوب عن الحسن بن نعیم ... علی بن یقطین
قال کنت انا و ہشام بن الحکم و علی بن یقطین ببغداد فقال علی بن یقطین کنت عند العبد
الصالح علیہ السلام جالسا فدخل علیہ ابنہ علی فقال لی یا علی بن یقطین ہذا علی سید
... قال ... ابن ...

٣٠٥

عنہ احمد بن مہران عن محمد بن علی ...
واسمٰعیل بن عباد القصری ... عن
داود الرقی قال قلت لابی ابراہیم علیہ السلام
جعلت فداک انی قد کبرت ...
فاخبرنی من الناس ...
قال فاشار الی ابنہ ابی الحسن علی الرضا
علیہ السلام فقال ہذا صاحبکم من بعدی
وعنہ عن عدۃ من اصحابنا عن احمد بن
محمد عن معاویۃ بن حکیم عن نعیم القابوسی عن
ابی الحسن موسی علیہ السلام قال ابنی علی ...
اکبر ولدی ... و اسمعہم لقولی ...
... وہو ینظر معی فی الجفر ... ولم ینظر فیہ الا نبی ...
... وصی نبی ... وعنہ عن ... عن عبداللہ
بن محمد عن معلی بن ... عن ابی عبید عن محمد بن
الحسین عن ابی ... عن عبداللہ ...
اسحاق بن عمار قال قلت لابی الحسن
الاول علیہ السلام الا تدلنی الی من ...

دسوین مجلس روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا مرثیہ مصاب قتیل الطف جسمی الخلا

سید الشہدا کی نوبت مصیبت آئی تو دست روزگار نی ستم و جفا کی بہت طغیانی دکہائی
غریب نہتی مگر بیکس اور غریب بنایا عزیز و مکرم تہی لاکن بی بس و خوار کا شبہ پایا بہن تہی
مگر زغہ اعدا سی مجبور بٹیا علیہ بیماری سی مجبور بیٹی تہی جو رونی نہین پاتی تہی بی بی آفت
دیکہتی دور کہڑی پچہاڑین کہاتی تہی بہائی جنازہ اوٹہانی والی خود بی گور و کفن پڑی ہوی
سوالی اور انصار سوگ رکہنی کو گرد و پیش سر کٹی قدم پر دہری ہوی جراحت کو بخیہ مرہم کی
ٹاپوںسی کہوڑونکی روندا کفن اور کافور کی عوض سر تا پا لباس بدن کو لوٹا خیمہ تہا مگر تن بی سر
دہوپ مین پڑا رہا فرش و بستر کی مقام پر لاشہ خاک و خون مین اٹا تہا نوحہ و بکا کی بدلی نقارہ
شادی بجایا تابوت کی نام چوب نیزہ و تیر پر جسد مجروح اوٹہایا تین روز تک قبر بلکہ دفن
ہوتی سر و تن کی جدائی پر ساری محب چہاتی کوٹکی روتی ہی شیعہ مُصَابُ قَتِيلِ
الطَّفِّ جِسْمِي الْبِلَا وَكَدَّرَ دَهْرِي وَعَيْشِي مَاخَلَا کشتہ صحرای کربلا کی یا
مصیبت نی میرا بدن گہلا دیا اور اوسکی ابتلای آفت کی تصور نی عیش زندگانی کو بدمزہ کیا
اندوہ امام حسین علیہ السلام سی مجہی ہمیشہ ملال ہی اور وہ غم نیش زن رگ اتصال ہی
فَمَا هَلَّ شَهْرُ الْعَشْرِ اِلَّا تَجَدَّدَتْ بِقَلْبِي اَحْزَانٌ تُوَسِّدُنِي الْبَلَا
ہلال ماہ محرم دیکہتا ہون میری دل مین حزن و الم تازہ ہوتا ہی ہرگاہ گذارش عاشورا کی
بیان کیا جاتا ہون بستر غم پر ہوش ماتم پڑتا ہی وَاَذْكُرُ مَوْلَايَ الْحُسَيْنَ وَمَا جَرَى
عَلَيْهِ مِنَ الْاَرْجَاسِ فِي طَفِّ كَرْبَلَا جو اپنی مولا امام حسین علیہ السلام کا ذکر زبان پر
لاتا ہون اور اونکی ماجرای بلا کو جو دشت کربلا مین گذرا ہی شمار کرتا ہون شدت رنج سی
کلیجہ منہ کو آتا ہی آنسو کا دریا آنکہون سی بہتا آہ کا نعرہ آسمان کو جاتا ہی کہ اوس مظلوم کو
امت پر جفا نی کس درجہ ستایا روضہ احمد و خانہ خدا سی جبر و اکراہ مین نکالا کوئی قریہ اور

٣٠٦

دسوین مجلس عشرہ محرم روانگی سید الشہدا مدینہ سے طرف کربلا روایت مسماۃ جبرئیل کا لانا نوح کا سفینہ مین لگانا

بلد مین ارام سے رہنے نہ دیا چارون طرف سے نرغہ جور و جفا مین گھیر لیا فواللہ لا انساہ بالطف قائلا لعترۃ الغر الکرام ومن تلا قسم خدا کی مجھے نہین بھولی کا امام حسین کا فرمانا جو اپنی اولاد و اصحاب کو دشت نینوا مین کہا الا فانزلوا فی ھذہ الارض واعلموا بانی بہا امسی صریعا مجدلا یہان سواری سے اترو خیمہ برپا کرو یہیا آفت و بلا ہوا اور یہ زمین کو پہچانو یہان ہم بھوک پیاس مین ختم ہوجائینگے ضرب تلوار و نیزہ سے خاک مین گرائے جائینگے اس ریت مین صحرا کی ہمارے بدن پڑے ہونگے چھوٹے بڑے مردان اہلبیت کی سرتن سے کٹے ہونگے واسقی بہا کاس المنون علی ظماء ویصبح جسمی بالدماء مغسلا یہان شدت تشنگی سے پانی کو ترسینگے پیکان آبدار و سنان نیزہ و تلوار کی وار بدن پہ برسینگے ہو کے حلق کو آب گلو گیر خنجر و مرگ ناگہانی عدو پلائینگے لاشہای کشتگان آل رسول کو لہو مین نہلائینگے یہ ہم غریبونکا مقتل اور مدفن ہے سوختہ سپید اس مین اور دشت مین ہمارا مسکن ہے ع جیج من تاریخ محمد النجار باسنادہ مرفوع الی انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ انہ قال لما اراد اللہ ان یہلک قوم نوح اوحی الیہ ان شق الواح الساج کتاب خرایج مین تاریخ محمد نجار اور اسکی اسناد سے روایت کی ہے کہ انس ابن مالک نے رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ کی زبانی سنی ہے کہا کہ جب اللہ نے ارادہ کیا اپنے غضب مین ہلاکت قوم نوح کا او تنزیل وحی سے خبر طوفان خبردی تاچوب ساج کی تختی چیرین اور تجویز کشتی ہوئی فلما شقھا لم یدر ما یصنع بہا فھبط جبرئیل فاراہ ھیئۃ السفینۃ و معہ تابوت بہا مائۃ الف مسمار و تسعۃ وعشرون الف مسمار جبرئیل مع نقشہ سفینہ کی تختی اسکے پاس ائے اور صندوق مین ایک لاکھ انتیس ہزار میخ

دسویں مجلس روانگی سید الشہدا مکہ سے طرف کربلا روایت مسمار جبرئیل کا لانا نوح کا سفینہ میں لگانا

لانی قسمر بالمسامیر کلہا السفینۃ الی ان بقیت خمسۃ مسامیر پس نوح نی
موافق تعلیم روح الامین کی تختی جوڑی میخین لگائین اخیر کارین پانچ عدد کیل اونمین سی باقی رہین
فضرب بیدہ الی مسمار فاشرق بیدہ واضاء کما یضیء الکوکب الدری
فی افق السماء پہلی کیل پر جب ہاتھ دوڑایا کر اوسکی نصب کرین اوسی جا ایسی برق تجلی اوسمین سی
دست تصرف پر شکل جیسی آسمان مین ستارہ روشن کی ضیا پھیلی وہ دیکھی فتحیر نوح فانطق
اللہ المسمار بلسان طلق ذلق فقال انا علی اسم خیر الانبیاء محمد بن عبد اللہ
نوح بحیر تحیر ہوی یہ کیسا اسرار نظر کیا ناگاہ خدا نی اوس کیل کو توفیق نطق دیا پکار کی زبان
چرب و نرم بہ تمام فصاحت یہ کہا مین نام ہون محمد ابن عبد اللہ کی جو ہی اشرف انبیا فھبط جبرئیل
فقال لہ یا جبرئیل ما ہذا المسمار الذی ما رایت مثلہ فقال ہذا باسم
سید الانبیاء محمد بن عبد اللہ اسمرہ علی اولہا علی جانب السفینۃ الایمن
پس جبرئیل کا نزول ہوا نوح نی کہا ای حامل وحی خدا پہلی کیل مین کیا بھید تھا کہ ویسا کبھی
نہ دیکھا نہ سنا روح الامین بولی یہ اسم سید الانبیا محمد ابن عبد اللہ علیہ الصلوۃ والسلام پر ہی سبب
پہلا لو کشتی کی اول سری مین جانب راست اسکو ہونکو ثم ضرب بیدہ الی مسمار
ثان فاشرق وانار فقال نوح وما ہذا المسمار فقال ہذا مسمار اخیہ
وابن عمہ سید الاوصیاء علی بن ابی طالب فاسمرہ علی جانب السفینۃ
الایسر فی اولہا پھر نوح نی دوسری کیل اوٹہائی اور مانند ماہ و مہر چمکنا نظر آئی پوچھا
ای برادر یہ کیا اسرار تہا جواب دیا اسی اونکی وصی و ابن عم بہترین خلفا علی ابن ابی طالب کا نام ہی
اسکو بھی اگلی اجزا و سری پر طرف چپ لگا و ثم ضرب بیدہ الی مسمار ثالث فزہر
واشرق وانار فقال جبرئیل ہذا مسمار فاطمۃ فاسمرہ الی جانب مسمار

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا طرف کربلا اخبار سانحہ عاشورا حروف کہیعص کا اشارہ بجناب زکریا

آیہا ہرگاہ تیسری مرتبہ ہاتہہ دوڑایا مسمار ثالث کو بہی پر نور وضیا شعشعہ فروز پایا روح القدس نوح سی بولا کہ یہ فاطمہ زہرا دختر نبی الورٰی کی نام سی درخشان ہی مسمار والدکی طلبی کا دینا ثم ضرب بیدہ الی مسمار رابع فزہر وانار فقال جبرئیل ھذا مسمار الحسن فاسمرہ الی جانب مسمار ابیہ پہر دست طلب اکی بڑہایا رابع سیخ اوٹہا نیکا قصد دل نوح مین آیا چمک دمک نی چکاچوند چہایا جبرئیل امین زبان بیان لایا یہ حسن مجتبٰی کی نام کا اثر تہا اسکو بہی یا نوح مقدمہ سفینہ مین جڑنا پہلوی مسمار مین اونکی پدر کی نصب کرنا ثم ضرب بیدہ الی مسمار خامس فزہر وانار واظہر النداوۃ فقال جبرئیل ھذا مسمار الحسین فاسمرہ الی جانب مسمار ابیہ اخرکا پانچوین کیل نجی اللہ نی کف نیاز پر اوٹہائی کہ وہ برق ساطع سی کہین زیادہ عرصہ نظر مین چمکی اور تراوت دکہائی جبرئیل نی کہا یہ نام حسین کو بہی اوسی برابر مسمار حیدر کرار اونکی الدکی جڑو فقال نوح یا جبرئیل ما ھذا النداوۃ فقال ھذا الدم فذکر قصۃ الحسین وما تعمل الامۃ بہ فلعن اللہ قاتلہ وظالمہ وخاذلہ نوح نی پوچہا ای حامل وحی خدا یہ رطوبت کا سبب بتا کہا خون کی علامت ہی جو بدن سی اونہین بہیگا جب تلوار و تیر و نیزہ سی وہ جسم گل پیرہن چور ہویگا پس سارا قصہ امام حسین علیہ السلام کا بیان کیا جو ظلم و جفا امت بیدین کریگی وہ ماجرا سنا دیا نوح نی رقت و زاری میں قاتلان و ظالمان و دشمن سرور کو نفرین کی اسمی اونکی واسطی زیادتی عذاب سقر طلب کی عن سعد بن عبد اللہ قال سألت القائم عن تاویل کہیعص قال ھذہ الحروف من انباء الغیب اطلع اللہ علیہا عبدہ زکریا سعد ابن عبد اللہ کہتا ہی ایک روز امام حسن عسکری علیہ السلام کی حضور مین کہا ان حروف مقطعات کی تاویل کو صاحب الامر

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا جانب کربلا اور دلیل این حروف کہیعص کے جنہا رسانحہ عاشورا ایجاب کرتا

صلواۃ اللہ علیہ سی پوچہا فرمایا یہ اخبار غیب سی ہین مانند رمز و کنایہ جو اللہ نی اوسپر اپنی بندہ شایستہ زکریا کو واقف کیا ثم قصہا علی محمد علیہ وآلہ السلام وذلک ان زکریا سئل اللہ ربہ ان یعلمہ اسماء الخمسۃ فاہبط علیہ جبرئیل فعلمہ ایاہا پہر اوس ماجرا کو اپنی خاتم المرسلین محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ سی دوہرایا اور وہ یون تہا کہ زکریا نی اللہ سی دعا کی جہی نام مبارک پنجتن کی تب جبرئیل وہیر نازل ہوئی اسمای مقدسہ آل عبا تعلیم کئی فکان زکریا اذا ذکر محمدا وعلیا وفاطمۃ والحسن سری عنہ ہمہ وانجلی کربہ واذا ذکر اسم الحسین خنقتہ العبرۃ ووقعت علیہ البہرۃ پس زکریا جب نام محمد وعلی وفاطمہ وحسن علیہم السلام کو زبان پر لاتی غم دور ہوتا اور سرور دلمین بڑہتا شادمان ہوجاتی ہرگاہ اسم حسین مظلوم کا ذکر آتا پریشان ہوتی بہلا ہر تاسہ چشم کا دریا بہتا رقت سی دم گہبراتا فقال ذات یوم الہی ما بالی اذا ذکرت اربعۃ منہم تسلیت باسمائہم من ہمومی واذا ذکرت الحسین تدمع عینی وتثور زفرتی ایکدن عرض کی بار الہا کیا باعث ہی جہی جب چار نام کو پڑہتا ہون حزن والم سی تسکین پاتا خوشی مناتا ہون جبہم پانچوان اسم حسین حال شور و شین کہتا ہون روتا و نالہ و فریاد سی جوش مین آتا ہون فانباہ اللہ تبارک وتعالی عن قصتہ وقال کہیعص فالکاف اسم کربلا والہاء ہلاک العترۃ الطاہرۃ والیاء یزید وہو ظالم الحسین والعین عطشہ والصاد صبرہ پس حق تعالی نی اوس قصہ کا اخبار زکریا کو سنایا اور تاویلات حروف سی پردہ خفا دور کیا اور بتایا یعنی کاف سی مراد زمین کربلا مہبط کرب وبلا اور ہا سی ہلاکت وقتل عام اولاد نبی روز عاشورا پاسی کشندہ عترت طاہرہ یزید اور وہی امر ظلم وجفا عین سی اشارہ پیاس کی شدت مین جان کا جانا

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا اطراف کربلا تا ذیل کہیعص مین جیسا بر سانحہ عاشورا بجناب زکریا

صادر ہی صبر و تسلیم و رضا پر انکا ثابت رہنا فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ زَكَرِيَّا لَمْ يُفَارِقْ مَسْجِدَهُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَمَنَعَ فِيهِنَّ النَّاسَ مِنَ الدُّخُولِ عَلَيْهِ وَأَقْبَلَ عَلَى الْبُكَاءِ وَالنَّحِيبِ وَكَانَ يَرْثِيهِ جب زکریا نی سارا واقعہ جانگزا سنا مسجد مین جا کی صف ماتم بچھا کی تین شب و روز آنا جانا سبکا بند کیا رونا پیٹنا نالہ و فریاد کی شور ہر دم برپا ہوتی تھی آواز سوز و گداز سی گرمی ہنگامہ عزا مین مرثیہ پڑہتی تھی پس ای پیروان امام ہدی اور محبان پیشوای ارض و سما اُنکی غم اور الم کا تصور کرو اور اس ایام کی واقعہ جانکاہ سی غافل نہ ہو کہ مولا ہماری احاطہ مصیبت مین گرفتار تہی بعزم شہادت پر جان و مال فدا کرنیکو طیار تہی فنظم لمولفہ کعبہ سی جب امام امم کربلا چلی + ارض قدس اپنی رونق ہو کی مصطفی چلی نکلا حرم سی قافلہ یون اہلبیت کا + جیسی ریاض خلد سی باد صبا چلی آگی علم نبی کا نشان علی لیی + سایہ مین جسکی اوج کی نور خدا چلی اوس ان سوار دوش نبی کی رکاب مین میکائیل و جبرئیل بصدق و صفا چلی + انصار و اقربا شہ والا حشم کی ساتھ + مقتل مین سر کی دینی کو راہ رضا چلی ارواح انبیای سلف مین یہ شور تہا + حق کی وصول وعدہ پہ اہل وفا چلی چاروں طرف سپاہ بلا نی کیا ہجوم شمشیر و تیر و نیزہ لیی اشقیا چلی + کاٹین جگر کو حیدر و زہرا کی اسلی شمر و عمر کی خنجر ظلم و جفا چلی + محتاج مغفرت ہی نظیر حزین ترا + عقبی مین جسکی ساتھ سبہ شاہ کربلا چلی

مجالس وداع امام حسین علیہ السلام از مکہ معظمہ و ملاقات شتا بسوی او در ہر منزل شوق

رہروان منزل مقصود و قدم زنان محفل قرب معبود + مشتاقان کوی وصال و جانبازان معرکہ ابتہال و ارز دمندان درد و بلا و مسافران وادی کربلا اخبار ہجرت امام حسین علیہ السلام کو مکہ سی طرف عراق پر نفاق کی یون بیان کرتی ہین کہ سبط اکرم و قبلہ عالم کا امام

وكان تصنيف اليمين في المسجد الذي ينزل الحاج في كل سنة
في المنام قد رأيت الناس
رأيت رسول الله صلى الله عليه وآله
بن عبيد عن ابي حبيب الناجي قال
ابو عبد الله الحافظ باسناده عن محمد
مسائل بعينها ومن ذلك ما رواه الحاكم
فقال لي يا علي ان احتجت هذه وجوابها

دسوین مجلس روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا راہ مین ششتر سوار کا خبر کوفہ لانا اور شہادت مسلم کا آنا

معبود مین ایسا ہوا کہ جیسی چشمِ اعمٰی کو نور اور دلِ شیدا مین سرور آیا۔ پس ہم اصناف بنی آدم مقدمِ مکرم کی زیارت کو آتی اور تمتع دارین مناسکِ طوافِ خدمت سی پاتی خازنانِ کنوزِ سعادت مفتاحِ رحمت سی ابوابِ ہدایت کہولتی تہی اور واقفانِ رموزِ غایت طریقِ شہادت اور سبیلِ شفاعت کی رہبر ہوتی تہی معاندین کو رشک و حسد کا جوش آتا اہلِ کین مشرکین کا پیام ہر روز شام کو جاتا۔ امام حسین کی رونقِ ایام زیادہ ہوتی ہی ہر طرفسی خلق اونکی پاس اژدہام کرتی ہی یزید نی اپنی سپاہ کو حج کی بہانی سی کعبہ مین بہیجا۔ اور در پردہ گرفتاری شاہ یثرب و بطحا کا حکم دیا۔ سبحان اللہ کیا دنیا کا انقلاب ہی کہ جسکی نانا کا لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ خطاب ہی اوسی کو کوئی قطعہ زمین پر آرام نہ لی جانو مال سی کہین مطمئن نہ ہی اگر اہل و عیال کو وطن سی نکالی خانۂ خدا مین پناہ لی تو وہان بہی ستانی کو اشقیای امت کی روسیاہ چلی آوین حرمِ محترم مین ہر جا نثار جتنی کبوتر کی فدائی جوانانِ ربانی تہی فرزندِ خیر الورٰی دلبندِ علیِ مرتضٰی پارۂ دلِ فاطمۂ زہرا کی نام وہ باقی نہ ہی یہ خبر سنکی حضرت مایوس و پریشان ہوی ناچار تدارک سفرِ عراق کی سامان کیی مروی ہی اَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا عَزَمَ عَلَى الْخُرُوْجِ قَامَ خَطِيْبًا سندِ معتبر سی روایت کی ہی کہ جب مسافرِ منزلِ خلد کی سواری طیار ہوئی امام حسین علیہ السلام فی مقامِ ابراہیم مین جلوہ کنان امامت کا خطبہ کہڑی ہوکی پڑہا وَقَالَ مَنْ كَانَ بَاذِلًا فِيْنَا مُهْجَتَهُ وَمُوَطِّنًا عَلٰى لِقَاءِ اللّٰهِ نَفْسَهُ فَلْيَرْحَلْ مَعَنَا فَاِنِّيْ رَاحِلٌ مُصْبِحًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فرمایا جو کوئی سعادت کردار ہم اہلحرم کیواسطی اپنی جان کو نثار کری اور سبیلِ شہادت سی لقای پروردگار جویا ہووی میری ساتہ چلی کہ انشاء اللہ فجر کو یہان سی جاونگا جہان تک تقدیرِ الٰہی لیجائی قدم تسلیم و رضا بڑہاونگا وَطَافَ بِالْبَيْتِ وَسَعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا محمد حنفیہ کا منع کرنا

اَحَلَّ مِنْ اِحْرَامِهِ وَجَعَلَهَا عُمْرَةً لِاَنَّهُ لَمْ يَتَمَكَّنْ مِنْ تَمَامِ الْحَجِّ مَخَافَةً وَارِث

مکہ و منی نی سات شوط بیت اللہ کی طواف کئی صفا و مروہ مین وہ قبلہ دین ساعی ہوی

اِحرام اعمال حج کو عمرہ سی بدلا اسواسطی کہ اتمام مناسک مین خوف سی رہنا ممکن نہ تہا

وَرُوِيَ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ جَاءَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِيَّةِ اِلَى

الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِي اَرَادَ الْحُرُوجَ فِي صَبِيحَتِهَا عَنْ مَكَّةَ

حضرت صادق علیہ السلام سی نقل کی ہی فرمایا جس رات کی صبح کو جناب امام حسین علیہ السلام نی

مکہ سی عزم سفر کیا محمد ابن الحنفیہ مضطرب الحال خدمت اقدس مین آئی اور ادای سلام و تحیت

رسم تعظیم و بزرگی بجالائی فَقَالَ لَهُ يَا اَخِي اِنَّ اَهْلَ الْكُوفَةِ قَدْ عَرَفْتَ غَدْرَهُمْ

بِاَبِيكَ وَاَخِيكَ وَقَدْ خِفْتُ اَنْ يَكُونَ حَالُكَ كَحَالِ مَنْ مَضَى عرض کی ای

امام و حجت رب انام اہل کوفہ کی فریب و غدر کو آپ پہچانا ہی کہ پدر نامدار و برادر عالیقدر

کیا معاملہ کیا ہی مین ڈرتا ہون جو تم وہان جاؤ کہ وہ طبع شریف بہی ایذا و ستم اونکی

ہاتہ سی اوٹہاؤ اون نامردونکی قول و قرار کا اعتبار نہین نہ وفای عہد اونکو میسر ہوا کی

آئین کہ واری نہین امیر المومنین حیدر کا فرق مبارک شگافتہ ہوا حسن مجتبی کا جگر لخت لخت زہر

تافتہ ہوا سب ابا و اجداد بزرگ مارے گئی اور تم ہیچ سادات کی نشانی باقی رہی فَاِنْ

رَاَيْتَ اَنْ تُقِيمَ فَاِنَّكَ اَعَزُّ مَنْ بِالْحَرَمِ وَاَمْنَعُهُ مناسب جانتا ہون کہ چند روز

حرم الہی مین اقامت کر و یہان امن و امان ہی عزت و حرمت مین گردش روزگار سی بچی

فَقَالَ لَهُ يَا اَخِي قَدْ خِفْتُ اَنْ يَغْتَالَنِي يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ بِالْحَرَمِ فَاَكُونَ

الَّذِي يُسْتَبَاحُ بِهِ حُرْمَةُ هٰذَا الْبَيْتِ جواب دیا ای برادر گرامی قدر یہان کہتے

رہتا ہون ارادہ ہی جو کہین چلا جاؤن مبادا یہان مجہکو قتل کریں اور حرمت بیت

دسویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا جانب کربلا اور منع محمد حنفیہ میں بیان عذر مولا

کبریا کی حرمت کو وہ بیجا ملحوظ نہ کہیں ایسا نہو کہ زمرۂ منافقین بے ادبی سے پیش آئیں حرم خدا میں
آلِ رسول کا لہو بہائیں فَقَالَ لَهُ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ فَإِنْ خِفْتَ ذٰلِكَ فَصِرْ إِلَى الْيَمَنِ أَوْ
بَعْضِ نَوَاحِي الْبَرِّ فَإِنَّكَ أَمْنَعُ النَّاسِ بِهِ وَلَا يَقْدِرُ عَلَيْكَ أَحَدٌ اے سبط مصطفیٰ
اگر اس جا رہنے سے خوف ہے بربادیِ حرمت حرم کا تو اختیار کرو سفر ملک یمن اور صحرا و بیابان
عالم کا تا وہاں جا کی پناہ و آرام ملے دست جفای اعدا عترت نبی کی دامن تک نہ پہنچے در آ
دشت غربت میں پھرتے رہو بلکہ آزار و ستم سے امید نہ رکھو فَقَالَ لَهُ أَنْظُرُ فِيمَا قُلْتَ جناب
امام حسین علیہ السلام نے جواب دیا بہت اچھا اے برادر جو تم نے کہا اوسمیں غور کرونگا فَلَمَّا كَانَ
السَّحَرُ ارْتَحَلَ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ جبکہ دن گذرا مصیبت کی رات ہوئی شاہ دین نے
سب حرم کو عماری اور محمل میں بٹھا کے جانب عراق توجہ کی فَبَلَغَ ذٰلِكَ ابْنَ الْحَنَفِيَّةِ
فَأَتَاهُ فَأَخَذَ بِزِمَامِ نَاقَتِهِ وَقَدْ رَكِبَهَا ناگاہ یہ خبر وحشت اثر محمد ابن الحنفیہ کو پہنچی
فرط قلق اور اندیشۂ خطر سے تاب توقف نہ رہی دوڑتے ہوئے سر راہ حضرت آئے مہار ناقۂ سواری
پکڑ کے چلائے فَقَالَ لَهُ يَا أَخِي أَلَمْ تَعِدْنِي النَّظَرَ فِيمَا سَأَلْتُكَ اے جان جہان ارشاد ہوا
اے سرو روان باغ رسالت آپ نے مجھ سے نہیں فرمایا تھا کہ جو مشورہ دیا ہے مراتب خیرخواہی کا ذکر ہوا
لامحالہ اوسمیں فکر و غور کرونگا جو اصلاح وقت دیکھوں اوسپر چلونگا قَالَ بَلٰى قَالَ فَمَا
حَدَا بِكَ عَلَى الْخُرُوجِ عَاجِلًا امام انام نے کہا البتہ تم سے اقرار ہوا تھا عرض کی پھر کیونکر آپ نے
جلدی قدم باہر نکالا ہماری الفت غمزدہ یثرب و بطحا کو اوجاڑا قَالَ أَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
بَعْدَ مَا فَارَقْتُكَ فَقَالَ يَا حُسَيْنُ اخْرُجْ فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ شَاءَ أَنْ يَرَاكَ قَتِيلًا حضرت نے فرمایا
اے برادر غمخوار جب تم سے رخصت ہو کے قدم بڑھائے میرے پاس نانا رسول خدا تشریف لائے پیار و
محبت سے فرمایا کہ یا حسین مکہ سے باہر جاؤ بطریقۂ سعادت چاہا کہ دشت کربلا میں آپکو پہنچاؤں

دسویں مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا اور راہ مین شتر سوار کا خبر قتل مسلم لانا

منظور مشیت وارادۂ پروردگار ہی تہین قربانی راہ وفا دکہنی ظہورِ مصلحت اسمین مشیّار ہی کہ تن سرجدا نیزی پر جابجا پھری یہ محاسن خونِ گردن سی لال ہو اور بدن سُم توسن کا پامال ہو فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِيَّةِ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اس کلام جگر خراش کی سماعت سی محمد ابنِ حنفیہ نی واحسرتاکی نعری ماری زبانِ تاسف سین اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پکاری جوشِ غم اور الم سی ہوش نہ رہی انکہونسی دریای سرشک بہی قَالَ فَمَا مَعْنٰى حَمْلِكَ هٰؤُلَاءِ النِّسَاءَ مَعَكَ وَاَنْتَ تَخْرُجُ عَلٰى مِثْلِ هٰذَا الْحَالِ دلِ بیقرار اور دیدۂ اشکبار سی بولی ای فرزندِ احمدِ مختار ای مظلومِ بیکس و بی یار ہرگاہ یہ صورت ہی تو عورات حرم کا ساتھ لیجانا ایسی سفر مین خلافِ مصلحت ہی آپ وادی غربت مین سراسیمہ و پریشان پھرینگی زنان نالان اور چھوٹی بچی بکہ شرِ اعدا سی کہان بچا کی رکھوگی بعضی ان مین سن رسیدہ ضعیفہ ہین کوئی طفلِ شیرخوار و چند بنات صغیرہ ہین کاش یہ کاروانِ ناموس کو بھی سونپ دو زینب خاتون وام کلثوم وسکینہ و فاطمہ کو یہان رکھو فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ شَاءَ اَنْ يَّرَاهُنَّ سَبَايَا اوس مظلوم نی کہا ای برادر یہ نہین ہوسکتا ہی بدستی کہ قادر توانا محلِ امتحان مین چاہتا ہی اون سبکو اسیرِ طوق و زنجیر مین گرفتار دیکہی اور میری خواہر و دختر اونٹ پر سوار پھری جو مجھی عالیہ شہادت ملی اور اہلبیت کو سوزِ بلا و محنت سی کلیجہ جلی فَسَلَّمَ عَلَيْهِ وَمَضٰى ناچار محمد ابن الحنفیہ نی یہ گفتار سنکی صبر ورضا پر توکل وسلام وتحیت ادا کیا اور مآل کار برادرِ نامدار کا حوالۂ مشیت وارادی کو سونپ دیا نالان وگریان مراجعت کی اور دلمین تشنۂ شیر جانِ عترت طہارت رہی مُرْوِيَ فِيْ كِتَابِ الْمُنْتَخَبِ لَمَّا تَوَجَّهَ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ مَسِيْرِهٖ اِلَى الْكُوْفَةِ دَنٰى اِلٰى مَنْزِلٍ اِسْمُهٗ سُوْقٌ کتابِ منتخب فخری مین لکہا ہی جب شہسوارِ دوشِ رسول خدا کا قافلہ جانب کوفہ چلا ہی اوس منزل مین وارد ہوا کہ جسکا نام سوق ہی

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین شتر سوار کا خبر قتل مسلم لانا

امام سوقت تہا قرینہ سی جا بجا خیام فلک احتشام بر پا کئی عترت طاہرہ عماری اور محمل سی اوترکی رونق افزای محل و ماوا ہوی فَجَلَسَ عَلَيْهِ السَّلَامُ نَاحِيَةً عَنِ النَّاسِ سراپردہ اما(مت) کہ ہمپایہ عرش علا تہا فرش بچہایا اور اوسمین کرسی عز و تمکین کو اوج شکوہ پر رکہا علاحدہ سب خلق سی مسند آرای سریر شہادت نی فرازین جلوہ کیا سطحہ خاک کو افلاک پر اوس جلسی کا فخر و مباہات ہوا وَاِذَا بِرَجُلٍ قَدْ قَدِمَ مِنَ الْكُوفَةِ فَسَأَلَهُ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَقَالَ مَا الْخَبَرُ نور چشم رسول چارون طرف صحرا و بیابان کو نظر یاس و حسرت سی دیکہتی تہی اور تلاش حال وکیل جلیل مسلم بن عقیل مین راہ وصول تکتی تہی ناگا ایک شتر سوار جانب کوفہ سی شتابان اور نالان آیا ہر گاہ مقابل حرم سرای جناب سرور شہیدان سی گذرا حضرت نی اوسکو اشارہ سی بلایا خبر اور نامدار کو اوس تیرا سی سوال فرمایا پوچہا ای بندہ خدا تونی میری مسافر کو ایا کہین دیکہا ہی مسلم کو اوس شہر پر دغا مین کس طور سی پایا ہی فَبَكَى الرَّجُلُ وَرَمَى الْعِمَامَةَ عَنْ رَأْسِهِ وہ برگشتہ نصیب نام مسلم سنکی بہت رویا اور اجلدی سی اوترکی سلام اور تحیت بجالایا عمامہ کو سر سی دور پہینکا گریبان جامہ صبر و شکیبائی کو چاک کیا فَقَالَ لَهُ يَا سَيِّدِيْ مَا خَرَجْتُ مِنَ الْكُوفَةِ حَتّٰى رَاَيْتُ هَانِيًا وَمُسْلِمًا مَقْتُولَيْنِ وَبُعِثَ بِرَاْسَيْهِمَا اِلٰى يَزِيْدَ قریب کرسی مولا کی کہڑا ہوا نالہ و بکا مین دلکو سینہ الاعتراض کی یا ابن خیر الوری مین کوفہ سی باہر نہین نکلا جب تک ہانی ابن عروہ اور مسلم ابن عقیل کو شہید تیغ جفا دیکہا دونوکی سر انور تن سی کاٹی گئین نیزی پر چڑہا کی یزید کو بہیجی گئین لاشین بی گور و کفن پڑی تہین ابہی قبر مین بہی نہین گڑی تہین ثُمَّ قَالَ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ امام حرم برفی پہر فرمایا کہ حکم قدر و قضا بعض کی ہلاکت مین گذر گیا ہی اور کسی کی جان کو وہ صدمہ اوٹہانا

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین شتر سوار کا سانحہ مسلم کی بہنا بنت مسلم کا ماجرا

ابہی باقی رہا ہی وَسَارَ الرَّجُلُ وَلَمْ يَعْلَمْ بِهِ اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِهِ وہ سانی لا ینو الا بعداز

ادای کلام محبت فرجام چلا گیا اور حضرت کی اصحاب و اقربا مین کسیکو اوسکا حال معلوم نہ ہوا

نُقِلَ وَكَانَ لِمُسْلِمٍ بِنْتٌ عُمْرُهَا اَحَدَ عَشَرَ سَنَةً مَعَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

منقول ہی کہ مسلم کی ایک دختر گیارہ برس کی سن مین امام حسین علیہ السلام کی ہمراہ تہی

رقیہ بنت علی خواہر سید الشہدا علیہما السلام اوسکی مادر ذیجاہ تہی فَلَمَّا قَامَ الْحُسَيْنُ

عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ مَجْلِسِهِ جَاءَ اِلَى الْخَيْمَةِ فَقَرَّبَ الْبِنْتَ وَقَرَّبَهَا مِنْهُ مَنْزِلَهَا

خامس آل عبا یہ ماجرا اسکی اپنی جا سی اوٹہی خیمہ اہلبیت مین تشریف فرما ہوکی بیٹہی بنت

مسلم کو پیار مین نزدیک بلایا زانوی محبت کی قرین عزت اور توقیر سی بٹہایا گلی لگایا پیشانی کو

بوسہ دیا دست شفقت سر پر پہیرا بالونکو پنجہ مرحمت سی سلجہایا گرد و غبار ملال چہرہ سی پونچہا

مگر جوش غم سی روی حضرت متغیر ہوا بیساختہ آنسو کا دریا آنکہو نسی بہا آہ و نالہ کو سینہ مین

ہرچند ضبط کیا مگر بیقراری دل نی پردہ رقت اوٹہا لیا فَحَسَّتِ الْبِنْتُ بِالشَّيْءِ

لِاَنَّ الْحُسَيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَدْ مَسَحَ عَلَى رَاْسِهَا وَنَاصِيَتِهَا كَمَا يَفْعَلُ

بِالْاَيْتَامِ وہ دختر اس محبت تازہ اور الفت بی اندازہ سی گہبرائی اوسی مصیبت بی پدری

اور تباہی کی دربدری یاد آئی کہ حضرت مثال آبای یتیم اوسی دلاسا کرتی تہی نگاہ حسرت

یاس مین دیکہہ کی آہ سرد بہرتی تہی فَقَالَتْ يَا عَمِّ مَا رَاَيْتُكَ قَبْلَ هٰذَا الْيَوْمِ

تَفْعَلُ بِيْ مِثْلَ هٰذَا الْيَوْمِ اَظُنُّ اَنَّهُ قَدِ اسْتُشْهِدَ وَالِدِيْ پس وہ لڑکی شدت

اندوہ سی بیقرار ہوتی غلبہ حزن اور ملال مین عرض کی ای عم کرام وای سرپرست ایتام

آجکی دن سی پیشتر آپکو اپنی نسبت ایسی مہربانی کرتی نہ دیکہا تہا یہ سلوک اطفال یتیم کی ساتہہ

ہوتا ہی جو میری اوپر لطف جدید سی ہوا گمان ہی کہ میری والد نی شہادت پائی جنابکی

دسوین مجلس مکہ سے روانگی سید الشہداء اشتر سوار کا ماجرای مسلم کہنا اور بنت مسلم و سکینہ کا ماتم کرنا

روزگار نے جو شب مصیبت دکہائی فلم یتمالک الحسین من البکاء و بکی بکاءً
شدیدًا یہ کلام حسرت انجام سنکے امام علیہ السلام کو تاب ضبط بکا نرہی ڈاڑہین مارکر
ایسا روئے کہ ریش مبارک سیل اشک سے تر ہوئی و قال یا ابنتی انا ابوک و بنایّ
اخواتک فرمایا ای آرام جان زار اب صبر و تحمل کی جا ہی تمہاری پدر کو خلق سے فانی شہید
جانا کیا ہی جو قضا و قدر سے گذری اوسمین دل حزین کو تسلی دو صدمۂ مرگ تاب کی زیادہ
بیتاب نہو نالہ و فریاد سے چپ رہو عزت و حرمت مین خاطر جمع رکہو آیندہ مجہی بجای پدر بزرگوار
سمجہو سیری بنات کو اپنی بہن اکبر و اصغر کو بہائی جانو دنزات اطفال کی ساتہہ جی بہلانا
جو حاجت ہو وہ زینب و ام کلثوم سے مانگ لانا فصاحت و نادبت بالویل
والعویل ذکر قتل مسلم سے اوس یتیم مضطر کا حال غیر ہوا رقت کا جوش واویلا کا خروش مین سے
آسمان کو پہونچا گویا زبان حال سے نوحہ اور بین کرتی تہی خاک پر پچہاڑین کہاتی تہی
ہای بابا در غربت کی مبتلا بیکس و بے اقربا مظلوم و تنہا تمہین شہر ناپرسان مین شہید کیا
بے خطا سر تن سے اوتار لیا معلوم نہین مرتی دم پیاس مین پانی بہی دیا ہی یا تشنہ لب مارا
تمہاری لاش نے کفن اور کا فور پایا ہی یا تن مجروح عریان رہا ہی کیا جانو ستمگارون نے دفنا دیا
اوٹہا یا ہی یا خاک و خون مین پڑا ہی کسی خدا ترس نے عزا و ماتم مین سوگ رکہا ہی یا رسم سوم
چہلم کو چہوڑا ہی ہای مصیبت مرتی وقت سختی و مصیبت کسکو سنایا ہوگا آنکہون پر تنہائی مین
رومال کب باندہا ہوگا افسوس تمہین خواری و زاری سی پردیس مین موت آئی جو بیٹے
سن مین ملک فنا کی بہی حسرت یتیمی دکہائی فسمعوا اولاد مسلم ذلک الکلام و سمعوا
صعدوا ابکوا بکاءً شدیدًا ورموا عمائمہم الی الارض ناگاہ یہ کلام جانکاہ
فرزندان مسلم کی سماعت مین پہنچی نوحہ اور افغان سے چلائی اہ سر دیکہ کر خواہر کی پاس دوڑی

دسویں مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا شتر سوار کا ماجرای مسلم کہنا اور بنت مسلم وسکینہ کا ماتم کرنا

شدت سی رقت اور شیون و ماتم کیا گریبان پہاڑا عمامہ سر سی اپنی پہینک دیا سارے جوانان
بنی ہاشم اونکی ساتھ مصروف عزا تہی اہلبیت کی ہموٹی بڑی او سدم مچا تہی قُلْ وَمَا قَالَ
الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي هٰذَا الْحَالِ وَقَتْلِ مُسْلِمٍ راوی کہتا ہی اس حال پرملال میں
امام حسین علیہ السلام کو جانی سی کوفہ کی توقف رہا او قتل مسلم برادر والا مقام پر کمال
تاسف ہوا وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِنَّ أَهْلَ الْكُوفَةِ هُمُ الَّذِينَ أَعَانُوا عَلَى قَتْلِهِ
أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَنَهَبُوا لِلْحَسَنِ وَضَرَبُوهُ بِالْخَنْجَرِ عَلَى فَخِذِهِ فرمایا اہل کوفہ عجیب
خلق بیوفا جماعت پر دغا اور بیحیا ہیں کہ ہم عترت رسول خدا کی ستانی پر ہمیشہ مہیا ہیں امیر
المومنین علی علیہ السلام کی قاتلوں کو سہارا دیا حسن مجتبیٰ کی مال و اسباب کو سب لوٹ لیا
اونکی رانیں خنجر ستم کا بولہ مارا شرم اور مروت کا لحاظ ایک قلم چہوڑا فَتَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ
وَبَكَى بُكَاءً شَدِيدًا حَتَّى أَخْضَبَتْ لِحْيَتَهُ بِالدُّمُوعِ ساری بہائی بہتی حضرت کے
پاس فراہم ہوکی رونی پر فرط اندوہ او قلق سی چلائی دم سرد ہہر کی بیہوش ہوئی استعبرا او حضرت کی
اشک حسرت آنکہون سی بہی کہ محاسن شریف کی بال تر ہوگئی کتاب عین البکا میں ملا
علی نقی نی لکہا ہی کہ فرزندان مسلم نی اوس وقت سید الشہدا سی کہا ہی کہ ہم جا نہ ونراتے ہیں
لینگی جب تک باپ کی قاتلون سی انتقام نہ لینگی جیسا اونکو مرتبہ شہادت ملا ہی راہ خدا میں
آفت و بلا میں ہجوم کیا ہی ہم بہی وہی راہ جائینگی بیدریغ تیغ رضا و تسلیم سی گلا کٹوا دینگی
ای اہل عزا و محبان شاہ کربلا قدر قضا نی خاندان اہلبیت مصطفی پر عجب دست جفا
بڑہایا دو صبیہ مرضیہ کو درد یتیمی میں داغ بی پدری کا دیا ایک رقیہ خاتون بنت مسلم
محزون تہی دوسری سکینہ مخزون دختر امام ہمایون تہی اگرچہ شیرین بیان سوسن ثنا لال
ضمان ہی لاکن تفاوت از زمین تا آسمان ہی رقیہ نی جو شعر غربت میں باپکا مارا جانا سنا

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا شتر سوار کا خبر مسلم لانا اور ماجرا بنت مسلم و سکینہ کا

تو سر بیت امت خیر الانام امام حسین علیہ السلام نی اوسکو چہاتی سی لگایا۔ پیار و محبت سے
پیشانی کو بوسہ دیکی اغوش ناز مین بٹہایا۔ سکینہ کو زین خونچکان سی سر مخبر کی جو والد کا
سر جدا ہونا نظر ایا۔ تو لشکر شقاوت تنکی تلوارین لیئی اوسی کو دوڑا۔ خیمہ سی نکالکی زیور
اور خلخال و معجر بہی نچہوڑا۔ زکیہ روتی تہی کہ ہای بابا کی جنازہ کو قصر مین لٹکایا ہی۔ سکینہ
دیکہتی تہی کہ پدر کی لاش پی سر پر گہوڑو نکو دوڑایا ہی۔ زکیہ کو مرگ والد مین المحرم سے
سبہا کی عزت اور توقیر بڑہائی۔ سکینہ نی شہادت پدر مین رونی پر اعدا کی مار کہائی۔
زکیہ کو عزای قبلہ گاہ کا جو سوگ اوتارا تو زیور پہنایا۔ سکینہ کو مصیبت بابا مین گوہر چہینا
تو کان سی لہو بہایا۔ زکیہ یتیم ہوکی ماور و خواہر کی ساتہ جا بہلاتی۔ بستر آرام پر سوتی رہی
آب و طعام لذیذ پیتی اور کہاتی۔ سکینہ در بدر پہرتی اور بہمرہ دوری مین والد کی جلاتی
اسیر و قید تنگی اونٹ پر سوار در بدر پہرائی جاتی۔ زکیہ اپنی مان بہن کو چین سی شاد مان
دیکہتی غم پدر اور الم غربت دل سی بہولی رہتی۔ سکینہ ساری کنبی کو نا محرمونکی مجمع میں
اور خوار نظر کرتی۔ دخترات خاک زندان اور خرابہ مین کرتی پڑتی آہ سرد بہرتی۔ زکیہ ایک
ماتم مسلم سی بیقرار و اشکبار رہتی کہ اوسکی ساتہ پرسا دینی کو ہر ایک بی بی سوگوار تہی
سکینہ اٹہارہ شہید چچا اور بہائی کی لاش خاک و خون مین دیکہہ کی فگار تہی اور اوسکی
ہمراہ تشہیر کوچہ و بازار تہی۔ زکیہ کو بابا کی سوم و چہلم مین نوازش امام جامہ نو پہنایا
ہر منزل مین سفر کی پردہ خیمہ مین حرمت اور عزت سی بٹہایا۔ سکینہ کو روز شہادت والد کی
گہر لوٹا سراپرده جلایا۔ مان اور پہوپہی کا سر کہلا دکہایا۔ مثال گنہگاران روم و فرنگ و دیلم
کی دربار ابن زیاد و یزید کی بلوی مین پہنچایا۔ زکیہ نی عزیز و اقربا کی مہربانی سی مصیبت زمانہ
فراموش کی۔ سکینہ نی شدت جفا و محنت سی اخر کو قیدخانہ مین جان بر خروش دی تا

گیارہوین مجلس کہ سی روائکی سید الشہدا خطبۂ حمد و تذکرۂ فضائل خامس آل عبا

نظم لمولفہ سخن کوتاہ رقت کا سماسہے + فلک پر شور ماتم ہو رہا ہی + محبون کو دل سے ہر دم + لبون پر آہ و افغان کی صدا ہی + ہوی پیر و جوان مصروف شیون + سر شک چشم سی دامن بھرا ہی + کوئی مومن نہین ہو لیکا ہرگز + ازل سی ہمکو غم شہ کا ملا ہی + وہ در دانگیز ہین ناظر کی اشعار + ہر ایک مصرع زبان کربلا ہے

گیارھوین مجلس غریب نینوا کا جا کر فلک سی ستارہ مین آئین کا پیا باز گشت وضع لا انتہا

وخلا ازفناکا عوض دیتہا دیتہ طور انا اولا ابی عبد اللہ کا فرزند امام حسن علیہ السلام کی شرف پایا نا

دنیا عجب مجلس ہین جہان رونیکا عمل ہوتا ہی + اوس جا کدیہ ختم رسل ہوتا ہی + داغون سے کنول دلونکی روشن کرلو + زہرا کا چراغ اہ گل ہوتا ہی + دنیا عجب فردوس سی روح مصطفی آتی ہی + پھولون مین بسی ہوئی صبا آتی ہی + کہبراین نہ گرمی سی عزا داران حسین + یہان گلشن جنت کی ہوا آتی ہی + دنیا عجب نزخلق مین مرد با حیا کو نہ ملی + کچھہ فیض امیر ون ہی گدا کو نہ ملی بازار جہان مین کیا عجب ہی ای انس + کر منفر فاوس ہی وفا کو نہ ملی دنیا عجب راحت مین ہوئی بسر کہ اپنا گذری + کیونکر تا ریک گہر مین تنہا گذری + ای گنج محمد کی زہی والو افسوس کس سی پوچہی کہ تمپہ کیا کیا گذری + تمہید بکا فضائل سید الشہدا تقدیر بلا یا کی عوض مین عطایای امامت نَحْمَدُكَ يَا مَنْ اَجَلَّ مُصِيبَتَنَا بِالصَّاحِبِ الْمُصِيبَةِ الرَّاتِبَةِ وَالدَّمْعَةِ السَّاكِبَةِ حمد و سپاس کرتا ہون خدا کی جسنے بڑہائی ہماری مصیبت ہی بسبب شہادت اور محنت اوسکی جسپر طغیانی غم پی در پی تسبیح سرشک اہل ولا نام ہی مولا کی جوش زن ہین اور آسمان و زمین اوسکی ذکر سی حزن مین الْمَطْرُوحِ الطَّعِينِ وَالْمَقْطُوعِ الْوَتِينِ جو میدان مین گرایا گیا سیف و سنان -

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا تذکرہ فضائل خامس آل عبا

انہیں کاٹی گئیں رگیں دل و گردن کی تیغ بران سے اَلذَّبِیحِ الْعَطْشَانِ وَالسَّلِیبِ الْعُرْیَانِ
وہ پیاس کی شدت میں تڑپتا ذبح کیا ہے اوسکی بدن صد پارہ سے جامۂ خون چکان اوتار لیا
شَیْبَتُهُ بِدَمِهِ خَضِیبٌ وَجِسْمُهُ عَلَی الْأَرْضِ تَرِیبٌ ریش سفید کو خون سے فرق
پیشانی کی خضاب ہوا بدن بے سر خاک میں آلودہ دہوپ سے جلتا پڑا رہا اَلْمُعَفَّرِ الْخَدَّیْنِ
سِبْطِ رَسُولِ الثَّقَلَیْنِ وہ شہید جسکی دو نو رخسار زمین گہوڑے سے گرتی وقت ٹوٹے
وہ مظلوم سعید فرزند رسول جسے خیر الورےٰ نے امت کے پاس اپنی امانت رکھی مَوْلَانَا
وَمَوْلَی الْکَوْنَیْنِ إِمَامُ حُسَیْنٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ وہ آقا سیر کونین کا مولا ہے حضرت
امام حسین علیه التحیة والثنا ہے فَعَزُّوا یَا إِخْوَانِی فَاطِمَةَ الْبَتُولَ عَلَی ابْنِهَا الْمَقْتُولِ
پس اے برادران ایمانی ماتم پرسی کرو فاطمہ زہرا کی بتول عذرا کو تعزیت سید الشہدا کی
فَوَاحَسْرَتَاهُ لِجُسُومِهِمُ الْمُرَمَّلَةِ بِالدِّمَاءِ وَوَالَهْفَتَاهُ لِأَفْوَاهِهِمُ الْیَابِسَةِ
مِنَ الظَّمَاءِ ہائے افسوس و دریغ ہے اون اجسام سادات انام پر جو لہو سے اپنی رنگین
لال ہوے اور بہت حسرت ہے اون دہان و سیارک لب و زبان پر جو شدت تشنگی اوس
سے خشک و بیحال ہے ع عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَانِ بْنِ الْمُثَنَّی الْهَاشِمِیِّ قَالَ قُلْتُ
لِأَبِی عَبْدِاللهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ جُعِلْتُ فِدَاکَ مِنْ أَیْنَ جَاءَ لِوُلْدِ الْحُسَیْنِ الْفَضْلُ عَلَی
وُلْدِ الْحَسَنِ وَهُمَا یَجْرِیَانِ فِی شَرْعٍ وَاحِدٍ کتاب علل الشرائع میں عبدالرحمان ابن مثنی ہاشمی
روایت کی ہے جو اونسے کہا میں نے حضرت صادق علیہ السلام سے یہ مشکل پوچھی ہے میں تصدق
ہوں امام حسین کی اولاد کو حسن مجتبیٰ علیہما السلام کی فرزندوں پر کس وجہ سے شرف ہوا ہے
باوجود اسکی جو وہ دونو کا دریای امامت ایک ہی سرچشمہ سعادت سے ساوی نکلا ہے
فَقَالَ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَا أُرِیکُمْ مَا تَأْخُذُونَ بِهِ اوس جناب نے جواب دیا تمکو سنت اون

انہیں سے خطاب ... ٢١

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا فضائل خامس آل عبا

جو اپنا مدعا پاوے مرتبہ بزرگی حضرت حسین علیہ السلام بتاوٴن تاکہ ساکت رہجاوے ان جبرئیل
نزل علی محمد و اما ولد الحسن بعد فقال له یولد لك غلام تقتله امتك
من بعدك جب امام حسن کی پیدایش سے چند روز گذرے تو ایک دن جبرئیل امین رسولخدا کی
خدمت میں نازل ہوے عرض کی قدرت باری نے چاہا ہے رحمت کردگاری کا تقاضا ہے
کہ نسل رسول میں فاطمہ زہرا سے ایسا لڑکا پیدا کرے جو بعد از تمہاری رحلت کی امت
جفا کی تیغ سے شہید ہووے فقال رسول الله یا جبرئیل لا حاجة لی فیه
فخاطبه ثلاثا وما ینطق عن الهوی نے فرمایا اے برادر جبرئیل مجھے ایسے فرزند کی حاجت
نہیں اور تین مرتبہ یہ سوال و جواب کی باتیں درمیان رہیں ثم دعی علیا فقال له
ان جبرئیل یخبرنی عن الله عز و جل انه یولد لك غلام تقتله امتی من بعدی
فقال لا حاجة لی فیه یا رسول الله فخاطب علیا ثلاثا پھر مخبر صادق نے
امام اور صاحب ناطق علی ابن ابیطالب کو بلا کے کہا اے برادر مجھکو جبرئیل نے خداوند جلیل کی طرف سے
پیام لاکے دیا کہ تمہاری صلب سے ایک بیٹا ایسا عالم وجود میں آئیگا جو میری وفات کے بعد
ظلم و ستم امت سے مارا جائیگا علی مرتضی نے بھی وہ مولود سے انکار کیا کہ میں دلبند غم پرور
لیکے کیا کرونگا اونسے بھی تین بار اس باب میں تکرار ہوئی کسی صورت بار مصیبت اوٹھا
نا سکے ثم قال انه یکون فیه و فی ولده الامامة و الوراثة و الخزانة
پھر جبرئیل نے کہا اے رسولخدا حضرت باری کی اس آفرینش میں مصلحت دیکھا کہ اوسمیں اور
اولاد امجاد میں عہدہ امامت و خلافت معین رہیگا بار وراثت انبیا و اسرار کبریا وہ
اپنی دوش پر لیگا فارسل الی فاطمة ان الله یبشرك بغلام تقتله امتی من
بعدی فقالت فاطمة لیس لی حاجة فیه یا ابة فخاطبها ثلاثا نبی بشیر و نذیر نے

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا تذکرہ فضائل و روایات و ولادت خامس آلِ عبا

فاطمہ زہرا کو خبر دی کہ ایزدِ قدیر نے تیری واسطے پیدایش ولد مقدر کی جو میری رحلت کے بعد
پیچھے امت بے رحم مار ینگی اور انواعِ محنت و اذیت میں اوسکو ڈالینگی بتولِ عذرا نے جواب دیا
مجھے اوسکا دیدار ناگوار ہے ایسا بیٹا جو شہید ہو نہیں درکار ہے اوسنے بھی تین دفعہ یہی کلام
درمیان میں آیا آخر کو رازِ نہان سے پردہ کھولا بھیجا یا ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَيْهَا لَا بُدَّ اَنْ يَكُوْنَ
فِيْهِ الْاِمَامَةُ وَالْوِرَاثَةُ وَالْخِزَانَةُ پیام سے غم و شادی کی محزون اور مسرور کیا
اور کہا کہ ضرور قبول کرو امرِ قدر و قضا اوسکی اوپر وراثتِ انبیا کا مرتبہ قرار پاتا ہے
کنوزِ امانت و خزانۂ رحمت حضرتِ ربانی کا سونپا جاتا ہے فَقَالَتْ لَهُ رَضِيْتُ
عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَعَلِقَتْ وَحَمَلَتْ بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَحَمَلَتْ سِتَّةَ اَشْهُرٍ
یہ نوید سنکے فاطمہ نے گردنِ تسلیم جھکا دی عرض کی خدا و رسول جسمیں راضی ہوں مجھے
منظور ہے پس مزید قلق و اکراہ سے حمل رہا اور مدت چھ مہینے کا عرصہ گذرا ثُمَّ وَضَعَتْهُ
وَلَمْ يَعِشْ مَوْلُوْدٌ قَطُّ لِسِتَّةِ اَشْهُرٍ غَيْرَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ
عَلَيْهِمُ السَّلَامُ پھر ولادتِ باسعادت ہوئی تو مسرت وقتِ اہلبیت کو توام ہوئی کوئی
مولود چھ مہینے کا پیدا ہو کے نہیں جیا سوائے حسین ابن علی اور عیسی ابن مریم علیہما السلام کی
جو اوپر جامۂ حیات رسا کیا فَكَفَلَتْهُ اُمُّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا ہنگام پیدایش طاہر میں
کفالت امور پر امِ سلمہ کا اہتمام تھا روایتِ معتبرہ سے کتاب عیون العین فی ساتہ عورات سلمہ نے
ہر طرحکا سرانجام کیا فَلَمْ يَرْضَعْ مِنْ فَاطِمَةَ وَلَا مِنْ غَيْرِهَا لَبَنًا قَطُّ فریقین کی احادیث
حسن اور صحیح میں آیا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے اپنی والدہ خواہ دوسری خاتون کا شیر نوش
نہیں فرمایا ہے وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَاْتِيْهِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ فَيَضَعُ لِسَانَهُ فِيْ فَمِ الْحُسَيْنِ
فَيَمُصُّهُ حَتّٰى يَرْوٰى رسولِ خدا ہر روز بتولِ عذرا کی قرین آتے تھے امام حسین علیہ السلام کو

گیارہویں مجلس مکہ سے عراق کو روانگی سید الشہدا تذکرہ امامت حضرت بنا اونکا عوض ملا

آغوش میں لیکی زبان مبارک اونکی دہان میں دیکی ہلاتی تہی وہ تشنہ کام زلال شہادت نانا کی

رسان کو جو سرچشمہ فضل و کرم تہی چوستی یہانتک کہ وہ تین دن رات کو سیر ہوتی فانبت اللہ

لحمہ من لحم رسول اللہ یس گوشت اور پوست اور خون ورگ و پی امام حسین کی بدن

جو پیدا ہوا خاتم انبیا کی اجزای جسم سے بڑہا اور وہی بحر سعادت کا شیفتہ تہا فلما انزل اللہ

تبارک وتعالیٰ فیہ شان میں امام حسین علیہ السلام کی خدا نی یہ ایت نازل کی ساری امت کو

اونکی شرافت سے معرفت کامل دی ووصینا الانسان بوالدیہ احسانا حملتہ امہ

کرہا ووضعتہ کرہا وکان حملہ وفصالہ ثلاثون شہرا ظاہر معنی یہ ہین کہ وصیت

ہمنی انسان کو واسطی نیکی اور احسان والدین کی اور بار ور ہوئی مان اونکی تبلا ہم اور غم او

جنی حالت کراہت کی شور وشین سی حتی اذا بلغ اشدہ وبلغ اربعین سنۃ قال

رب اوزعنی ان اشکر نعمتک التی انعمت علی وعلی والدی وان اعمل صالحا

ترضاہ واصلح لی فی ذریتی تا یہ کہ قوت وزور کو پہنچا اور چالیس برس کا پورا ہوا کہا

ای خدا نصیب کر مجہکو کہ شکر بجا لاؤن تیری نعمت کا جو مجہی عطا کین ہین اور میری والدین کو

انواع نعمات دین ہین توفیق بخش کہ عمل صالح بجا لاؤن جو تو اوسکی سبب رضا مند ہو وہ کام

کرون بار الہا نیک و پاکیزہ اور اچہا کر میری اولاد مین فلو قال اصلح لی ذریتی کانوا

ذریتہ کلہم ائمۃ معصوم نی فرمایا کہ اگر خامس آل عبا دعا مانگتی رب علا سی بلا وسیلہ

صالح ہو نیکی اپنی اولاد مین ہر اینہ اونکی ساری نسل امام ہو اکرتی ولکن خص ہذا اصلح

لی فی ذریتی الکن اوس بزرگوار نی تخصیص کی اپنی فرزندوں مین بعض اولاد کی اسواسطی

نو بیٹی پوتی اونکی ذریت سی امام ہوئی عن الصادق علیہ السلام انہ قال

ووصینا الانسان بوالدیہ احسانا قال الاحسان رسول اللہ صلی اللہ علیہ

گیارہویں مجلس مکہ سی عراق کو روانگی سید الشہداؑ تذکرہ امامت ورجعت دنیا اونکا عوض بلا

کتاب عاشر بحار میں ابی عبداللہؑ ثانی کی زبانی روایت کی ہی کہ تفسیر میں اس ایت کی بشارت دی ہی مراد احسان سی پیغمبر خدا ہیں + جو عبارات کلام الٰہی اوسپر دلالت فرماتی ہیں وَقَوْلُهُ بِوَالِدَيْهِ اِنَّمَا عَنَى الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ اور فرمودہ خالق کام و زبان سی معنی والدیہ یون عیان ہین کہ وہ امام حسن اور امام حسین سید شباب جنان ہین + ثُمَّ عَطَفَ عَلَى الْحُسَيْنِ فَقَالَ حَمَلَتْهُ اُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا پھر حق تعالی نی عطف کیا بیان میں طرف ذکر شاہ شہیدان اور اونکی شان ہین + وَذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ اَخْبَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَبَشَّرَهُ بِالْحُسَيْنِ قَبْلَ حَمْلِهِ اور یہ ماجرا یون گذرا کہ اللہ نی رسالت پناہ کو خوشخبری دی قبل اس قرار پانی حمل کی جو اوس سی بعد امام حسین کی پیدائش ہوئی وَاَنَّ الْاِمَامَةَ تَكُوْنُ فِيْ وُلْدِهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فضیلت کا مزید کرامت سی رتبہ قدر و منزلت بڑھایا کہ سلسلہ امامت اونکی اولاد میں حشر تک قایم فرمایا + ثُمَّ اَخْبَرَهُ بِمَا يُصِيْبُهُ مِنَ الْقَتْلِ وَالْمُصِيْبَةِ فِيْ نَفْسِهِ وَوُلْدِهِ پھر اپنی حبیب و پیغمبر کو مطلع کیا وہ حادثہ مصیبت سی جو ابی عبداللہ پر گذریگا دشت امتحان میں وطن سی جانا بھوک پیاس میں زخم تیغ و سنان کھانا اولاد طفل و جوان کا شہادت پانا ضرب خنجر ستم سی گردن کا جدا ہونا اور جو عترت اطہار پر ظلم و جفا اعدا گذرینگی گھر کا لٹنا خیموں کا جلنا عورات کا اسیر ہوکی دربدر پھرینگی ثُمَّ عَوَّضَهُ بِاَنْ جَعَلَ الْاِمَامَةَ فِيْ عَقِبِهِ اوس صدمہ سخت اوٹھانی کا عوض بخشا اور اونکی فرزندونکو درجہ امامت دیا وَاَعْلَمَهُ اَنَّهُ يُقْتَلُ ثُمَّ يَرُدُّهُ اِلَى الدُّنْيَا وَيَنْصُرُهُ حَتّٰى يَقْتُلَ اَعْدَاءَهُ وَيُمَلِّكَهُ الْاَرْضَ حبیب رسول اللہ کو اگاہ فرمایا کہ حسین شہید کیا جائیگا اور کہا قادر توانا نی بعد انقضائی مدت معلوم اوس مظلوم کو دنیا میں پھر لائیگا + لشکر نصرت اور ظفر اپنی دیگا کہ ساری اعدای دین کو قتل کریگا + سلطنت عالم کا اوسی مالک اور مختار بنایگا

و لم يزل الرسول يتبع ... و ذلك فلما انتهى عليه
ارسل اليه ان اعفني
فهو احب الي و ان لم تفعل
خرجت كما خرج رسول الله
فاجبني يا امير المؤمنين عليه السلام كيف
فقال المامون اخرج العقود والناس
ثبت واما العقود والناس ... الي بلى
ان شئت والى الباب الرضا
عليه السلام فقعد الناس لذلك
الحسن في الكتاب و الطرقات و ... و جاه و ثيابه

گیارہوین مجلس مکہ سی عراق کو روانگی سید الشہدا ثواب سورہ فجر کی تلاوت کا

اور شوکت امام ابرار بڑھایگا وھو قولہ تعالی اسپر لیل قول رب جلیل ہی اور شان مین
امام مبین کی یہ تنزیل ہی و نرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض الآیۃ ارادہ کیا ہمنی اس بات کا منت رکہین اونپر جو دنیا مین ضعیف ہو گئی ہین یعنی امام حسین
اور اونکی اولاد و اصحاب امجاد جو بار ہلاکت اور راندہ اوٹہای تہی اون سبکو قدرت کاملہ سی
پھر زندہ کرین اپنی اعدا پر غالب ہو کی ہماری یاری سی زمین کی مالک رہین و قولہ و لقد
کتبنا فی الزبور من بعد الذکر ان الارض یرثہا عبادی الصالحون
دوسری جا قران مجید مین اسد کا قول آیا ہی کہ ہرگاہ لکہا ہمنی زبور مین بعد یاد کرنی ذکر کی
اس حرف کو بدرستی کہ زمین میراث ملی کی بندگان برگزیدہ شایستہ کو جو اونکی قبضہ تصرف مین
دین و ایمان سی آباد ہو فبشر اللہ نبیہ ان اھلبیتک یملکون الارض و
یرجعون الیہا و یقتلون اعداءہم پس ایزد تعالی نی اپنی رسول کو اس بات کی
کرامت کی کہ تمہاری اہلبیت کی عالم مین کمال اقتدار سی مراجعت ہو گی ساری دنیا و ما فیہا کی
مختار و مالک رہینگی اپنی مخالفونکو غلبہ قہر سی مار کی مدت تک سلطنت کرینگی کنز عن داود
بن فرقد قال قال ابو عبد اللہ اقرؤوا سورۃ الفجر فی فرائضکم و نوافلکم
فانہا سورۃ للحسین بن علی و ارغبوا فیہا رحمکم اللہ تعالی کتاب کنز الفوائد مین
داود ابن فرقد سی روایت کی ہی اور اونسی ابی عبد اللہ ثانی کی زبانی بشارت سنی ہی جو فرزند
مخبر صادق نی فرمایا کہ ای محبو سورہ فجر کو اپنی نماز فرض و سنت مین پڑہو رحمت کری تمپر
خدای تعالی کہ اجر و ثواب زیادہ ہوگا تمہارا فقال لہ ابو اسامۃ و کان حاضر
المجلس و کیف صارت ہذہ السورۃ للحسین خاصۃ ابو اسامہ جو حاضر
مجلس و الاہتمام تہا بولا کیونکر یہ سورہ واسطی امام حسین علیہ السلام کی خاص ہوا قال

فان کبسوا ... و اصطفف الناس
فدعا ابو الحسن علیہ السلام بجبۃ فلبسہا
بالناس من کان یصلی بہم غدا بعید
ان یلحقوک مشقۃ فارجع فانصرف
شطط و امسک و لست امرت
ان یرجع بعث الیہ المامون قد کلفناک
و رجعنا کنا علی دمائنا فانفذ الیہ
المصلی علی ہذا السبیل افتتن بہ الناس
یا امیر المؤمنین ان بلغ الرضا علیہ السلام
فقال لہ الفضل بن سہل ذو الریاستین
السلام و سموا التکبیرۃ و بلغ المامون ذلک
... ذوا ابا الحسن علیہ

شططا جاوز القدر والحد و تباعد عن الحق

گیارہویں مجلس مکہ سے عراق کو روانگی سید الشہدا نماز میں ثواب سورۂ فجر کی تلاوت کا

الا تسمع الی قوله تعالیٰ یا ایتها النفس المطمئنة ارجعی الی ربک راضیة مرضیة فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی مترجم آیات کرامت نی ارشاد کیا

تو نی نہیں دیکھا کہ فرمایا ای نفس مطمئنہ اپنی رب کیطرف رجوع کر در انحال کہ تو راضی خدا

اور ایزد باری خوشنود تجھسی اور داخل ہو بہترین عباد و میری جنت سعادت آباد میں ای

حاضران بزم عزا مستمعان روایات بکا حدیث و قرآن سی مراتب عالیہ شاہ کربلا کو دیکھا

اور بیان صدق ترجمان سی مناصب زاکیہ مولا کو سنا مصائب کا عوض خدا نی کیا وعدہ

عطا کیا ہی اور مناقب سید الشہدا پر کس درجہ اعتلا دیا ہی جو دار دنیا میں اونکا محب

صادق الولا ہی دونو جہان میں عزت و توقیر سی کامیاب مدعا ہی دوستی اور الفت کے

یہ نشانی ہی جو غمسی محزون ہو سرور میں شادمانی کرے دعوای غلامی کی علامت وفا ہی

جو ہر دم شاہ کربلا میں آقا کا ساتھ دے اندنون اونکی اندوہ والم سی محبت میں مبتلا ہی

رہنا اس عالم میں دوبارہ زندہ ہوکی نبیرۂ آل رسول کو چشم تماشا سی دیکھنا پس ای صدر نشینان

صفۂ ملال حال پر اختلال مصیبت کو غور کرو اور نالہ و فریاد میں رسم تعزیت کی مصروف ہو

عشرۂ محرم کی یہ ایام شور ماتم میں ہماری والی پر سامان آفت کی فراہم میں فخر عالم اولاد مریم

نواسۂ حسین وحسن ہی سر و سینہ پیٹو کہ روز محشر ہی جو شیون کریگا نہال علی پر اوسی کا ہاتھ

سپر پر ہی غضب ہی جو مجلس میں خاموش رہنا مصیبت پر روناہمارا ایمان ہی اگر فنا یرد و

بلا ہی وہ سو لاکہ مظلوم و بیکس غریب الوطن ہی نہیں ہوتا ہی وہ زخمی کا احوال جو سر کے

پر خون عریان بدن ہی قلم خشک لب ہوگیا وقت تحریر کہ یہ پیاس کا ذکر تشنہ دہان کا

نزول بلا یکسی ہوتا ہی ثابت بہرا فیض جنت ہی یہ انجمن ہی ہوئی غمسی تیار خاک ہو

بس [illegible] کلام جگر سوز ناظر کی تحسین ہی ہر ایک مصرع نظم بیت الحزن ہی

نی ذلک ولم ینتظر صلاتهم فروی علی ابن ابراهیم عن یاسر قال لما خرج المأمون ... علی القوم من خراسان الی ... وحمد ... مع ابی الحسن الرضا علیه السلام ... علی الفضل کتب اخیه الحسن بن سهل و ... فی بعض المنازل ان ...

[illegible]

روانی

گیارہوین مجلس کہ سی روانگی سید الشہدا تعرض و اقتدی و نمایش سپاہ ملائکہ

روانگی امام حسین علیہ السلام از مکہ جانب عراق و احوالات راہ تا منزل ثعلبیہ

قدم پیمایان وادی اندوہ و ملال و رہ نوردان صحرای زاری و ابتہال مسافران دشت کرب و بلا و قائدان لشکر شیون و بکا رسیدگان مراحل قرب یزدانی و مقیمان منازل امتحان ربانی قصہ پرغصہ قربانی راہ وفا و سانحہ واقعہ ثانی یحیی بن زکریا بزبان صدق و صفا یون بیان کرتی ہین کہ جب عاشق باری کو یکباری ملال دوری فی مبتلای بیقراری کیا اور پیام بیکباری علایق و اسطی وصال حضوری کی سر و ش کامگاری فی دیا روح پر جامہ ہستی ناگوار ہوا شوق تیغ سی سر پرشور کا گردن پر بار ہوا پیشانی سنگ طعنہ و سنان سے کشادہ ابرو کجبازی چرخ مقوس پر آمادہ آنکھین نور نظر کی خاک مین ملانیکو راہ اشارہ کتی ہین گوش کو صدای الغیاث کی سماعت سی خبرین گذرتی ہین دماغ شمیم شہادت کا جویا زبان یاد مولا سے گویا لب و دہان زلال عطش کی راغب چہرہ رخسارہ بلا کا طالب سینہ جوش محبت سی مین نیزہ محنت کا خواہان جگر پارہ دل کی ٹکڑی ہونی پر خدنگ جذب کا نشان ہاتھو نکو قطع حیات پر خنجر جفا کی تصور ہی کمر قوت بازو کی ٹوٹ جانی پر بندہی ہوئی قدم راہ صبر پیائی کی سالک سر تا پا آفات و بینوائی کی مالک جان تحمل ہزار آزار اور تن مستعد زخم نیزہ و تیغ تھا وہ وقت آیا کہ ماتم نشان پنجتن دنیا سی جائی خاندان رسول شہرہ شہر بلا و محن ہوں بیبیان ہاشمی سکینہ بی بی ام کلثوم و زینب ننگی سر پھرین اطفال یتیم ضرب سیلی و تازیانہ کی سہا کر ترپتی ہین اولاد بتول شال کفار ترک و دیلم لٹی اہلبیت کی عزت اسیری و قید مین لٹی مروی ہی عن

الواقدی وزرارة بن صالح قالا لقینا الحسین بن علی قبل خروجه الى العراق بثلاثة ايام فاخبرناه بهوى الناس بالكوفة وان قلوبهم

گیارہویں مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبد اللہ بن عباس ابن زبیر کا مزاحم ہونا

وسیوفہم علیہ کتاب عاشر بحار الانوار میں واقدی و زرارہ ابن صالح سی روایت کی ہی کہ امام حسین علیہ السلام سی تین روز قبل جانی سفر عراق کی ہماری ملاقات ہوئی ہم ہمنی اہل کوفہ کی نفاق سی اونکو خبر دی اور ابن زیاد و یزید کی حیلہ اور عداوت سی تفصیل کہی کہ اوس جماعت کی دل تمہاری طرف الفت پر مایل ہیں اور تلواریں ساری اولاد رسول کی جان کی قاتل ہیں فاومی بیدہ نحو السماء ففتحت ابواب السماء و نزلت الملائکۃ عددا لا یحصیہم الا اللہ تعالی اوس زینت عرش و کرسی نی ہاتھہ اوٹھا کی جانب افلاک اشارہ کیا ناگاہ کہ دروازہ اسمان کا باز ہوگیا فوج ملایکہ سلاح جنگ باندہی اسقدر آئی کہ اونکی جمعیت کی گنتی سوای ذات باری کسینی نہیں پائی فقال علیہ السلام لو لا تقارب الاشیاء وحبوط الاجر لقاتلتہم بہؤلاء حضرت نی فرمایا اگر تقارب اشیا کا دہیان اور اپنی اجر کا نقصان نہوتا تو ہمراہ اس لشکر کی امداد و نصرت سی لڑتا اور اعدا کو مارتا ولکن اعلم یقینا ان ہناک مصرعی و مصرع اصحابی لیکن پہچانتا ہوں یقین کہ میرا وہاں مقتل اور مدفن ہی اور تمام اولاد و اصحاب کا حشر تک خوابگاہ و مسکن ہی ولا ینجوا منہم الا ولدی علی ہلاکت سی کوئی ہمراہ نہیں باقی رہیگا سوای زین العابدین کہ ذریت انکی ہوت ہیں وہی بچیگا کامرہی وجاء عبد اللہ بن العباس وعبد اللہ بن الزبیر فاشارا الیہ بالامساک پس اوس سیاہ فیضان اور ملازم وفای عہد یزدان کی خدمت میں عبد اللہ ابن عباس و عبد اللہ ابن زبیر آئی اور بعد سلام و تحیت بطریق مشورت مکہ میں ہنی کی واسطی دلیل و برہان لائی فقال لہما ان رسول اللہ قد امرنی بامر وانا ماض فیہ حضرت نی خیر صادق کی فرزند ہونی مجھی نانا سو خدانی جو امر کیا ہی اوسکا بجا لانا راہ صواب خدا پر جانا اطاعت و فرض واجب ہی قال فخرج عبد اللہ بن العباس وہو یقول

گیارہویں مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبد اللہ بن زبیر و ابن عمر کا مزاحم ہونا

واحسیناہ راوی کہتا ہی ابن عباس روتی ہوی باہر نکلی نوحہ و فریاد واحسینا واسیداکری
بیت الحزن چلی مروی قال وجاء عبد اللہ بن عمر فاشار علیہ بصلح اہل
الضلال وحذرہ من القتل والقتال راوی کہتا ہی سب عبد اللہ ابن عمر نی سنا
کہ امام حسین علیہ السلام مکہ سی جاتی ہین اور قصد ملک عراق پر قدم بڑہاتی ہین واسطی مشورہ
نصیحت کی حضرت سی ملاقات کی اور ترک مقاتلہ و طاعت اہل بدعت پر صلاح دی فقال
علیہ السلام یا ابا عبد الرحمن اما علمت ان من ہوان الدنیا علی اللہ تعالی
اوس جناب نی جوابدیا ای ابا عبد الرحمن تمنی نہین یہ کہ دنیا بی اعتبار ہی اور کسقدر اللہ تعالی کی
نزدیک پست و خوار ہی ان راس یحیی بن زکریا اہدی الی بغی من بغایا بنی
اسرائیل خوشنودی زن فاحشہ کی واسطی یحیی ابن زکریا کا سر کاٹا گیا اور اوسی بہر اوہ زنیہ
بنی اسرائیل کی پاس بہیجا گیا اما تعلم ان بنی اسرائیل کانوا یقتلون ما بین طلوع
الفجر الی طلوع الشمس سبعین نبیا وہ اشرار ایسی تہا کا رتہی جو دلمین خوف خدا کا لا کر
کہ ما بین طلوع صبح اور طلوع آفتاب ستر پیغمبر کو مار ڈالا ثم یجلسون فی اسواقہم یبیعون
ویشترون کان لم یصنعوا شیئا خوش و خرم بازارین دکانین کہولتی خرید و فروخت مین
مصروف ہوتی گویا کچہہ نہین کیا جس کا چرچا کرین یا گریبان تاسف بین ذرا منہہ ڈالین فلم
یعجل اللہ علیہم بل اخذہم بعد ذلک اخذ عزیز ذی انتقام پس خدا نی اونکو مہلت
بخشی جب مصلحت دیکہی سخت عذاب کی سزا دی اتق یا ابا عبد الرحمن ولا تدع
نصرتی ای ابا عبد الرحمن تقوی و پرہیزگاری کو اپنا شعار اوقات کرو اور میری یاری اور
نصرت و مددگاری کو ہاتہہ سی نہ دو مروی عن الفرزدق انہ قال حججت بامی
سنۃ ستین فبینما انا اسوق بعیرہا حتی دخلت الحرم فرزدق شاعر کوفی

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا راہ میں فرزدق شاعر کا آنا

یہ مضمون ادا ہوا کہ میں سنہ ساٹھہ میں والدہ کو ساتھہ لیکے عازم حج تھا صحرا و بیابان میں
انکی اونٹ کو ہانکتا جاتا تاکہ حرم خدا کی قرب و جوار میں پہنچا اِذْ لَقِیْتُ الْحُسَیْنَ خَارِجًا
مِنْ مَکَّۃَ مَعَہٗ اَسْیَافُہٗ وَاَتْرَاسُہٗ حوالی شہر مکہ میں قبلۂ ایمان امام حسین علیہ السلام کو
قدم بیجا دیکھا اونکا سامان سفر اور سپر تلوار والی سوار و پیادیکا لشکر جو ہمراہ تھا نظر سے گذرا
فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذَا الْقِطَارُ فَقِیْلَ لِلْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ میں نے پوچھا
یہ قطار میں کسکا اسباب بار آتا ہی جواب دیا کہ فرزند احمد مختار امام حسین علیہ السلام کا جاہ و حشم
جاتا ہی فَاَتَیْتُہٗ وَسَلَّمْتُ عَلَیْہِ وَقُلْتُ لَہٗ اَعْطَاکَ اللّٰہُ سُؤْلَکَ وَاَمَلَکَ
فِیْمَا تُحِبُّ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَا اَعْجَلَکَ عَنِ الْحَجِّ یہ خبر سنکے
میں حضور شاہ میں گیا سلام و تحیت بجا لاکے رسم دعا و ثنا کو ادا کیا عرض کی ایجاد حق
دنیا و ما فیہا خدا تمہاری مراد اور آرزو کو بر لاوے اور میری ماں باپ کو تمہری قربان اور فدا
کرے ای فرزند رسول دلبند بتول کیا ماجرا گذرا جو حرم کبریا سے اتنا جلدی قدم باہر نکالا ہنگام
حج کو ایام طواف میں پورا نہ کیا کس ہجوم بلا نے اپکو صدمۂ غربت دیا قَالَ لَوْ لَمْ اُعَجِّلْ لَاُخِذْتُ
جواب دیا ہر گاہ میں اعمال حج بجا لانے پر توقف کرتا تو اعدا کی ہاتھہ میں گرفتار اور مقید ہو جاتا
ثُمَّ قَالَ لِیْ مَنْ اَنْتَ قُلْتُ رَجُلٌ مِنَ الْعَرَبِ وَلَا وَاللّٰہِ مَا فَتَّشَنِیْ عَنْ اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِکَ
کمال شفقت اور مہربانی سے پوچھا تو کون ہی جو ہماری حال کا جویا ہوا میں نے کہا قبایل عرب
ایک مسافر ہونگا قسم خدا کی زیادہ نام و نشان کا پتا نہ بتاؤنگا ثُمَّ قَالَ لِیْ اَخْبِرْنِیْ عَنِ
النَّاسِ خَلْفَکَ پھر بھی ارشاد کیا وہ خبر دی جو دیکھا ہی اور خلایق کو اپنی شہر میں کس طور پر
چھوڑا ہی فَقُلْتُ اَیُّ خَبِیْرٍ سَئَلْتَ قُلُوْبُ النَّاسِ مَعَکَ وَاَسْیَافُہُمْ عَلَیْکَ
وَالْقَضَاءُ یَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَاللّٰہُ یَفْعَلُ مَا یَشَاءُ میں نے عرض کی جو اپنی حال عراق پوچھا

اونکی

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین فرزدق کا ملنا عبد اللہ جعفر کا خط آنا

اونکی دل پر نفاق کو تمہاری دوستی پر اتفاق ہوا ہی کربلا مین قتل آل رسول پر چہک جاتی ہین

یزید کی ہواداری مین جو ہر ستم دکہاتی ہین حکم قضا و قدر آسمان سی آتا ہی اور اسمین جو چاہتا ہی

وہ کرتا ہی قَالَ صَدَقْتَ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ وَكُلُّ يَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ

اِنْ نَزَلَ الْقَضَاءُ بِمَا نُحِبُّ فَنَحْمَدُ اللّٰهَ عَلٰی نَعْمَائِهٖ وَهُوَ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی اَدَاءِ الشُّكْرِ

فرمایا کہ سچ کہا تونی اول و آخر مین ہر کام پر ارادہ الہی کو اختیار ہی اور اوسکی امر محکم کو ہر وقت

نیا اقتدار ہی وہ قضا و بلا جاری کرتا ہی جیسا کہ بندونکی واسطی چاہتا ہی اگر نازل ہوا اوسکی

طرف سی جو مطلوب ہی پس حمد کرون اسکی نعمات پر اور مدد کرتا ہی ادای شکر و سپاس مین

وَاِنْ حَالَ الْقَضَاءُ دُوْنَ الرَّجَاءِ فَلَمْ يَبْعُدْ مَنْ كَانَ الْحَقُّ نِيَّتَهٗ وَالتَّقْوٰی

سریرتہ اگر برخلاف مراد عباد مشیت و ارادہ خالق مین حکم صادر ہو تو بہی ناراض نہوا

جو حق کی ساتہہ اوسکی نیت اور سیرت پرہیزگاری فَقُلْتُ لَهٗ اَجَلْ بَلَّغَكَ اللّٰهُ مَا

تُحِبُّ وَكَفَاكَ مَا تَحْذَرُ مین بولا سچ ہی اسد تمہاری اہم کو حسب دلخواہ بر لائی اور اعدا کی شر

آفت سی عترت رسالت پناہ کو بچائی وَسَاَلْتُهٗ عَنْ اَشْيَاءَ مِنْ نُذُوْرٍ وَمَنَاسِكَ

فَاَخْبَرَنِیْ بِهَا وَحَرَّكَ رَاحِلَتَهٗ یعنی پوچہا اداب زیارت اور مناسک طواف کو آوس

ہادی عالم نی ساری مسایل و ارکان تعلیم کئی مجکو بعد ازا دای کلام زمام ناقہ سواری اوٹہا

سلام علیک فرماکی راہ مقصد مین قدم بڑہایا وہ قاسم جنت و نعیم شبیر علی پاکہ خوف و خطا کی

کشاکش سی منزل تنعیم مین پہنچی دوری وَالْحِقَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ بِاِبْنَيْهِ عَوْنٍ

وَمُحَمَّدٍ وَكَتَبَ عَلٰی اَيْدِيْهِمَا كِتَابًا يَقُوْلُ فِيْهِ حسرت شاہ بحر و بر کی خبر عبد اللہ جعفر کو

پہنچی تشویش جان فرزند احمد مختار سی طاقت ضبط و قرار باقی نرہی بہت الحاح و زاری سی

عرضی لکہی اور اپنی دو نو پسر عون و محمد کی ہاتہہ بہیجی اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاللّٰهِ لَمَّا

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبد اللہ جعفر کا حاکم سی نامہ امان لانا

اِنْصَرَفْتَ حِیْنَ تَنْظُرُ فِیْ کِتَابِیْ هٰذَا فَاِنِّیْ مُشْفِقٌ عَلَیْكَ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ الَّذِیْ تَوَجَّهْتَ لَهٗ ای قایم مقام رسول اور نشان و نام حیدر و بتول خدا کی واسطی جب میرا نوشتہ پڑہنا تو او سدم سفر عراق سی پہرنا و ہانکا ہرگز قصد نکرنا مین ازراہ خیر خواہی عرض کرتا ہون اور جدہر جاتی ہو مآل مین تباہی کا سامان دیکہتا ہون بِاَنْ یَكُوْنَ فِیْهِ هَلَاكُكَ وَاسْتِئْصَالُ اَهْلِ بَیْتِكَ یہ اسباب ہین تمہاری شہادت کی اور ہلاکت و بربادی اہل و عیال و عترت کی وَاِنْ هَلَكْتَ الْیَوْمَ طُفِیَ نُوْرُ الْاَرْضِ فَاِنَّكَ عَلَمُ الْمُهْتَدِیْنَ وَرَجَاءُ الْمُؤْمِنِیْنَ پس اگر خدا نکری آپکو کچہہ بلا او آفت نی گہیرا جان سی مارا تو گویا علم ہدایت گرا رونق اسلام پر پانی پہیر جیت اور خلیفہ خدا دنیا سی گیا امیدگاہ اہل سعادت کوئی نرہا تم زمین و زمان کی نور ہو جہان مین اندہیرا چہا جائیگا نشان طریق دین سر دار مومنین ہو نقش ایمان کا بگڑ جائیگا فَلَا تَعْجَلْ بِالسَّیْرِ فَاِنِّیْ فِیْ اَثَرِ کِتَابِیْ وَالسَّلَامُ تمکو قسم دیتا ہون جانی مین جلدی نکرو جہان میرا عریضہ دیکہو اوس مقام پر توقف کرو کہ مین اس تحریر کی پیچہی آتا ہون اور جو تدبیر مناسب ہی وہ کرتا لاتا ہون وَصَارَ عَبْدُ اللّٰهِ اِلٰی عَمْرِو بْنِ سَعِیْدٍ فَسَاَلَهٗ اَنْ یَكْتُبَ اِلَی الْحُسَیْنِ اَمَانًا وَیُمَنِّیْهِ لِیَرْجِعَ عَنْ وَجْهِهٖ عبد اللہ ابن جعفر شتابان قدم بڑہایا کہ مین جاکی عمرو بن سعید سی چاہا کہ ای امیر گردش تقدیر سی حضرت شبیر عجب مصیبت مین گہری ہین خوف اور نرغہ اعدا سی کہین پناہ نرہی تو مقتل کیطرف چلی ہین اگر کوئی عافیت اور سلامت اونکی رہی کولی تو مین پہیر لاؤن یعنی آل عباس وہی باقی ہین عراق کو جانی ندون فَكَتَبَ اِلَیْهِ عَمْرُو بْنُ سَعِیْدٍ كِتَابًا یُمَنِّیْهِ فِیْهِ الصِّلَةَ وَیُؤْمِنُهٗ عَلٰی نَفْسِهٖ وَاَنْفَذَهٗ مَعَ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ اوس نی حسب استدعا کی طومار شعر قول و قرار لکہا اور اپنی بہائی کی ہاتہہ نوشتہ دلداری سید الشہدا کو بہیجا فَلَحِقَهٗ یَحْیٰی وَعَبْدُ اللّٰهِ

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبد اللہ کا نامہ امان لانا فرزندونکو ہمراہ بھیجنا

بن جعفر بعد نفوذ ابنیہ و دفعا الیہ الکتاب وجہدا بہ فی الرجوع

پس یحیی کی ہمراہ بعد روانگی فرزندان عبد اللہ جعفر بہی امام حسین علیہ السلام کی خدمت مین

ائی اور کتابت دیکی بہت اصرار و مبالغہ سی حرف بازگشت لب پر لائی فقال انی

رایت رسول اللہ فی المنام وامرنی بما انا ماض لہ حضرت نی کہا مینی اپنی نانا

رسولخدا کو خواب مین دیکہا ہی اوس مطلب کی سرانجام کو جاتا ہون جو ارشاد ہوا ہے

فقالوا لہ ما تلک الرؤیا پوچہا وہ رویا کا مدعا کیا ہی جو اوسنے اپکو امر کیا ہی فقال

ما حدثت احدا بہا ولا انا محدث بہا احدا حتی القی ربی عز وجل

جواب دیا وہ ماجرا اپنی کسی پر نہین کہولا ہی اور کبہی نہ کہونگا تا خدا سی ملاقات ہو کہ وہ وقت

نزدیک ایا ہی فلما یئس منہ عبد اللہ بن جعفر امر ابنیہ عونا ومحمدا

بلزومہ والمسیر معہ والجہاد دونہ جب عبد اللہ ابن جعفر سرور کی مراجعت سی

مایوس ہوئی تو اپنی دونو فرزند اوس جناب کی ہمراہ رکاب کئی وصیت فرمائی کہ تم انکی

ساتہ مانند سایہ جاؤ اگر اعداسی مقابلہ ہو جان نثاری مین شرط وفا بجالاؤ چہوٹی سن مین

بڑا نام کرو تمہین روح رسول وبتول خوش ہو انجام وہ میدان جہاد مین حمایت امام دین ہی

ایسا گزرنا جو دنیا مین نام اور نشان جعفر طیار کو زندہ کرنا ورجع مع یحیی بن سعید

الی مکۃ وتوجہ الحسین الی العراق پس عبد اللہ جعفر با چشم تر اور غمین جگر یحیی کی

ہمراہ طرف مکہ معظمہ پہری اور حضرت امام حسین علیہ السلام اہلبیت اور موالی اپنی لیکی جانب عراق

راہی ہوی مغذا لا یلوی الی شیء حتی نزل ذات عرق لاکن بیابان شوق میں

کسی امر کی مقید اور پابند آسایش نہوی تا کہ منزل ذات عرق مین بازار کر دو کا وش پہنچی قال

سار صلوات اللہ علیہ حتی نزل الثعلبیۃ وقت الظہیرۃ راوی کہتا ہی وہ سالک

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا راہ میں ملنا ابا ہریرہ کا اور ابن زیاد کو ولید کا نامہ لکھنا

طریق ہدایت اکی بڑہی تا کہ قریب و وہ مقام ثعلبیہ میں اوتری ثم بات علیہ السلام فی الموضع فلما اصبح اذا برجل من اہل الکوفۃ یکنی اباہرۃ الازدی فجاء فاتاہ رات کو اوس یگانۂ روزگار نی وہان آرام اور مقام فرمایا جب صبح ہوئی تو ایک شخص اباہرہ ازدی جانب کوفہ سے آیا فسلم علیہ ثم قال یا ابن رسول اللہ ما الذی اخرجک عن حرم اللہ وحرم جدک محمد لوازم اداب سے اوس حجت خدا کو سلام کیا اور کہا اے فرزند خیر الوری کیا سبب ہوا کیوں اس ایام شور و فساد میں حرم کبریا روضۂ مصطفی سے باہر نکلے ہو عترت طاہرہ عورات اور بچوں کو دشت غربت میں ساتھ لیکے چلے ہو فقال الحسین ویحک اباہرۃ ان بنی امیۃ اخذوا مالی فصبرت وشتموا عرضی فصبرت وطلبوا دمی فہربت جواب دیا وای او پر تیرے اے اباہرہ بنی امیہ نے میرا مال اور دولت غصب کیا تو چپ رہا علاوہ اوسکے برا کہا بدزبانی سے نا سزا خطاب دیا پھر بھی درگذرا جب میری اہو بہانی کا بہانہ ڈھونڈا قطع اولاد رسول ثقلین کا سامنا ہوا تو چلا آیا وایم اللہ لتقتلنی الفئۃ الباغیۃ ولیلبسنہم اللہ ذلاً شاملاً وسیفاً قاطعاً ولیسلطن علیہم من یذلہم حتی یکونوا اذل من قوم سبا باغی طاغی گروہ مجھکو ضرور قتل کرینگے باوجود شدت جور و جفا سے مع اولاد قتل کرینگے جہان پانیگی سنا میری شہادت کی انتقام سے ایزد قہار انکو ذلت دیگا اور شمشیر قاطع سرکشوں کی گردن پر پھیر دیگا اونسپر حاکم فرمائیگا جو سبکو ایسا جامہ رسوائی پہنائی کہ قوم سبا سے بدتر انکا درجہ خواری ہو جائی وقال محمد بن ابی طالب واتصل الخبر بالولید بن عتبۃ امیر المدینۃ بان الحسین توجہ الی العراق فکتب الی آخر ذلک راوی کہتا ہے جب امام حسین علیہ السلام کی خبر کوچ مکہ سے طرف عراق و

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا حاکم مدینہ کا ابن زیاد کو نامہ لکھنا ریاشی کا راہ مین ملنا

حاکم مدینہ کو پہنچی روضۂ احمد مختار کا تلاطم دیکھہ کی بہت اوسی تشویش گذری ابن زیاد کو نامہ لکھا اوس بدنہاد سیدار فسا د کو آگاہ کیا أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ الْحُسَيْنَ قَدْ تَوَجَّهَ إِلَى الْعِرَاقِ وَهُوَ ابْنُ فَاطِمَةَ وَفَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللهِ فَاحْذَرْ يَا ابْنَ زِيَادٍ أَنْ تَأْتِيَ إِلَيْهِ بِسُوءٍ ابا بعد معلوم ہو کہ امام حسین علیہ السلام جانب کوفہ قدم بیمایان ہین اور وہ فرزند فاطمہ زہرا بنت رسول خدا برگزیدۂ کبریا ہین خبردار ہنگام ورود اوس حضرت کا پاس احترام رکھنا کوئی طرح کی اذیت اور بی حرمتی کا مرتکب ہونا فَتُهَيِّجَ عَلَى نَفْسِكَ وَقَوْمِكَ أَمْرًا فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا لَا يَصُدُّهُ شَيْءٌ وَلَا تَنْسَاهُ الْخَاصَّةُ وَالْعَامَّةُ أَبَدًا مَّا دَامَتِ الدُّنْيَا اپنی دلمین ذرا غور کرنا اوس جناب کی تعرض سی بچا رہنا ہو کہ دنیا کی عام و خاص مین تیری ظلم و جفا کا چرچا رہی خلق کو یہ سانحہ نہ بہولی قوم اور قبیلہ کو حشر تک لعنت پڑی قَالَ فَلَمْ يَلْتَفِتِ ابْنُ زِيَادٍ إِلَى كِتَابِ الْوَلِيدِ اوس شقاوت اثر نی ولید کی خط پر کچھہ التفات کیا اور سامان قتل و آزار مظلوم کربلا مین زیادہ سرگرم ہوا وَفِي كِتَابِ تَارِيخِ عَنِ الرِّيَاشِيِّ بِإِسْنَادِهِ عَنْ رَاوِي حَدِيثِهِ قَالَ حَجَجْتُ فَتَرَكْتُ أَصْحَابِي وَانْطَلَقْتُ أَتَعَسَّفُ الطَّرِيقَ وَحْدِي كتاب تاریخ مین ریاشی کی زبانی لکھا ہی کہ اپنی سند سی راوی حدیث کہتا ہی جب روانگی امام حسین علیہ السلام کا با جبا مکہ سی جانب عراق سنا بعد فراغ طواف سب رفقا کو چھوڑ کی تن تنہا راہ غیر مشہور سی اونکی پیچھی چلا فَبَيْنَمَا أَنَا أَسِيرُ إِذْ رَفَعْتُ طَرَفِي إِلَى أَخْبِيَةٍ وَفَسَاطِيطَ فَانْطَلَقْتُ نَحْوَهَا غلبۂ شوق ملازمت مین صحرا و بیابان سی گذرتا تہا ناگاہ ایک طرف میری نگاہ پڑی خیمہ گاہ عرش اشتباہ کو دیکھا حَتَّى أَتَيْتُ أَدْنَاهَا فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذِهِ الْأَبْنِيَةُ فَقَالُوا لِلْحُسَيْنِ جب نزدیک سراپردہ پہنچا پوچھا

قال كنت عند
ابي الحسن الرضا عليه السلام
فجيء بابنه ابي جعفر وهو صغير
فقال هذا المولود الذي لم يولد مولود اعظم بركة
على شيعتنا منه

گیارھویں مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عیاشی کا راہ ملنا

یہ دیر تک سکتہ ہی جواب دیا کہ فرودگاہ حسین علیہ السلام خامس آل عبا ہی فقلت ابن علی وابن
فاطمة عليهما السلام قالوا نعم یعنی سوال کیا حسین ابن علی مرتضی و فاطمہ زہرا علیہما
السلام ہیں جنہی بتا دیا وہی جو فرزند نانہ پروردہ رسولخدا خیر الانام ہیں قلت فی ایہا هو
قالوا في ذلك الفسطاط یعنی اونسی دریافت کیا وہ مولا کہاں ہیں بولی اسی منزل
بیت الشرف میں نور افشاں ہیں فانطلقت نحوه فاذا الحسين متكئ على باب
الفسطاط يقرء كتابا بين يديه ہیں آنجناب کو شادان گیا حضرت کو در اندر خیمہ
تکیہ لگائی دیکھا سامنی اونکی خطوط رکھی ہیں وہ پاک شہر مطالعہ کرتی ہیں فسلمت فرد
علی فقلت يا ابن رسول الله بابي انت وامي ما انزلك في هذه الارض
القفراء التي ليس فيها ريف ولا منعة پس باداب تمام میں نی سلام کیا امام انام نی
مہربانی جواب دیا عرض کی سید خیر الورٰی فرزند زہرا میری ماں باپ ہوں آپ پر فدا کیا سبب
جو حضور اس بن میں بی آب و گیاہ میں اوتری ہیں جہاں زراعت اور استحکام ابادی کا نام نہیں
سنی ہیں قال ان هؤلاء اخافوني وهذه كتب اهل الكوفة وهم قاتلي جواب دیا کہ
بنی امیہ فی طغیان جور و جفا سی مجھی خوف کا مبتلا کیا ہی ناچار دشت غربت میں جلا وطنی کا
بار دوش پر لیا ہی سرداران اہل کوفہ نی تقاضای طلب کی خطوط ہیں اور یقین جانو
کہ وہ سب میری دشمن قاتل ہیں فاذا فعلوا ذلك ولم يدعوا لله محرما الا انتهكوه
بعث الله اليهم من يقتلهم حتى يكونوا اذل من قوم الامة جب ایسا فعل
کرینگی اور قہر الہی سی ہماری واسطی نہ ڈرینگی تو خدای تعالی اونپر ایسی جابر کو مسلط کریگا جو انکو
خاک میں ملا دیگا اور وہ ذلت دی کہ ساری امت سی بدتر خوار ہو جائیں قال المفيد
ولما بلغ عبيد الله ابن زياد اقبال الحسين من مكة الى الكوفة بعث

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا حصین بن نمیر کا راہ بند کرنا زہیر بن قین کا ملنا

الحصین بن نمیر صاحب شرطہ سند معتبر سی شیخ مفید نی کہا ہی ہرگاہ خبر
ہجرت امام حسین علیہ السلام کو ابن زیاد نی سنا ہی کہ وہ قبلۂ شعر و مینا الحرم کو لیکی مکہ سی جانب
کوفہ عازم ہوا عبید اللہ نی حصین ابن نمیر داروغہ اور نقیب کو فوج ان لشکر وکی سرراہ بھیجا
حتّی نزل القادسیّة ونظم الخیل ما بین القادسیّة الی القطقطانیّة
وقال الناس هذا حسین یرید العراق وہ ستمگر منزل قادسیہ مین ہمراہ سپاہ اوترا
وہان سی قطقطانیہ تک اپنا لشکر ناکہ بندیکو مامور کیا خلایق سی کہا امام حسین عراق کی طرف آتی ہین
سرراہ روکو خبردار اونکی مدد کو جو آتا جاتا ہو گرفتار کرلو فاخذ ما بین واقصة الی
طریق الشام والی طریق البصرة فلا یدعون احدا یلج ولا احدا یخرج
اوسنی طرف سی کوفہ کی راہ شام اور بصرہ مین اپنی نگہبان بٹھائی تاکہ مسافر کہین سی خبر آنی
جانی نہ پائی فاقبل الحسین لا یشعر بشیء حتّی لقی الاعراب فسألهم امام حسین
علیہ السلام کا مقام اور کوچ حال روزگار سی ناواقف ہوتا ناگاہ ایک جماعت عرب سی نظر آئی
دیکھا اونسی اخبار پوچھا فقالوا لا واللّٰہ ما ندری غیر انّا لا نستطیع ان نلج
ولا نخرج فسار تلقاء وجہہ جواب دیا مولا ہمین کچھ معلوم نہین کیا ہوا لیکن یہ کہ ہم نہین
جا سکتی ہین اور نہ ادہر کو نہ آسکی حضرت ویسی ہی آگی بڑہی خدا پر توکل کئی تہی وحدّث
جماعة من فزارة ومن بجیلة قالوا کنّا مع زہیر بن القین البجلی حین اقبلنا
من مکّة بعض لوگون نی فزارہ و بجیلہ سی روایت کی کہ ہمنی زہیر بن قین بجلی کی ہمراہ بعد
فراغت حج جب مراجعت کی ہی وکنّا نسایر الحسین علیہ السلام فلم یکن شیء ابغض
علینا من ان ننازلہ فی منزل ہر منزل مین امام حسین علیہ السلام کی پیچھی راہ چلتی اور
ہمکو ناگوار تہا جو حضرت کی ساتھہ اترتی واذا سار الحسین ونزل فی منزل

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہداء راہ میں زہیر بن قین کا شریک ہونا

لَمْ نَجِدْ بُدًّا مِنْ اَنْ نُنَازِلَهُ فَيَنْزِلُ الْحُسَيْنُ فِي جَانِبٍ وَنَنْزِلُ فِي جَانِبٍ
ہرگاہ وہ دین پناہ روانہ ہوجاتی اور منزل پر وارد ہوتی تو ہم اکی چلنی سے واسطی کہ اونکی
رفاقت ہمپر لازم نہو مگر دورمقام کرتی سبحان اللہ جور وجفای ابن زیاد سے کیا انقلاب روزگار
تھا کہ قرب وجوار فرزند احمد مختار خلایق پراس درجہ ناگوار ہوا فَبَيْنَا نَحْنُ جُلُوسٌ نَتَغَدَّى
مِنَ الطَّعَامِ لَنَا اِذْ اَقْبَلَ رَسُوْلُ الْحُسَيْنِ حَتّٰى سَلَّمَ ثُمَّ دَخَلَ راوی کہتاہی اتفاقاً
ایکمنزل مین علاحدہ اوتری تہی دسترخوان بچہایی ہم سب کہانی کو بیٹہی تہی ناگاہ امام حسین
علیہ السلام کا خادم ہماری پاس آیا سلام کیا اور خیمہ کی اندر داخل ہوا فَقَالَ يَا زُهَيْرَ بْنَ
الْقَيْنِ اِنَّ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنَ بَعَثَنِي اِلَيْكَ لِتَأْتِيَهُ بولاای زہیر تمکو ابا عبد اللہ
الحسین علیہ السلام نی بہیجاہی اور تمکو اپنی پاس طلب فرمایاہی فَطَرَحَ كُلُّ اِنْسَانٍ مِنَّا
مَا فِي يَدِهِ حَتّٰى كَاَنَّمَا عَلٰى رُؤُوْسِنَا الطَّيْرُ یہ کلام سنکی حالت سکتہ میں سبکا نوالہ ہاتہ
گرپڑا گویا طایر ہوش نی سرسی ہماری پرواز کیا ہم ساری حاضرین خاموش تہی کسیکی منہہ
لاونمر پر نہکلی فَقَالَتْ لَهُ اِمْرَاَتُهُ وَهِيَ دَيْلَمُ بِنْتُ عَمْرٍو سُبْحَانَ اللّٰهِ اَيَبْعَثُ
اِلَيْكَ ابْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا تَاْتِيهِ اوسکی زوجہ مسماۃ دیلم بنت عمرو بولی کیا عجب
فرزند رسولخدا بلاوی اور تو جانی سی جان چہپای اوسکا پیام خیال مین نہ لای وَلَوْ اَتَيْتَهُ
فَسَمِعْتَ كَلَامَهُ ثُمَّ انْصَرَفْتَ مناسب ہی کہ جلدی جاکی حاضر ہو ارشاد حضرت
سنکی چلاآ تو قف نکر و فَاَتَاهُ زُهَيْرُ بْنُ الْقَيْنِ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَاءَ مُسْتَبْشِرًا قَدْ
اَشْرَقَ وَجْهُهُ پس زہیر وہان خدمت اشرف مین گیا تہوڑی دیر بعد خوش وخرم او
شگفتہ رو پہراکی دم لیا فَاَمَرَ بِفُسْطَاطِهِ وَثِقْلِهِ وَمَتَاعِهِ فَقُوِّضَ وَحُمِلَ اِلَى
الْحُسَيْنِ اپنی خدام سے کہا خیمہ اوکہاڑو سب اسباب اوٹہاو بارکش پر لادو پس آپنا

سامان

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا زہیر بن قین کا راہ میں ملنا

سامان حضرت کی لشکر میں لیگیا اور دل و جان سے زمرۂ انصار میں جا ملا ثم قال لامرأتہ

اَنْتِ طَالِقٌ اِلْحَقِی بِاَهْلِكِ فَاِنِّی لَا اُحِبُّ اَنْ یُصِیْبَكِ بِسَبَبِی اِلَّا خَیْرٌ

اپنی زوجہ سے بولا میں تجکو طلاق دیا بخیر و عافیت عزیز و اقربا کی پاس ملحق ہو جا مجھے نگوارا ہے

کہ بلا میں ہے اور تجھے کوئی آزار پہنچے وَفَادَا السَّیِّدُ وَقَدْ عَزَمْتُ عَلٰی صُحْبَةِ الْحُسَیْنِ لِاَفْدِیَہٗ

بِرُوْحِی وَاَقِیْہِ بِنَفْسِی ثُمَّ اَعْطَاهَا مَالَهَا وَسَلَّمَهَا اِلٰی بَعْضِ بَنِی عَمِّهَا لِیُوْصِلَهَا اِلٰی اَهْلِهَا

روایت سعید میں زیادہ بیان ہوا ہے کہ جب زہیر نے ملازمت امام حسین علیہ السلام کا قصد کیا

جان نثاری کی واسطے بادۂ وفا دوش پر لیا ہے بی بی کا مال و زیور دیکے اوسکی عمزاد بھائی کو سونپ دیا

تاکہ قوم و قبیلہ میں عزت و حرمت سے لیجائے گوشۂ خانۂ عافیت میں سلامت اور تندرست پہنچائے

فَقَامَتْ اِلَیْهِ وَبَکَتْ وَوَدَّعَتْہُ وَقَالَتْ خَارَ اللّٰهُ لَكَ زوجۂ زہیر خاوند کی وداع کو

اٹھی ٹپ ٹپ روتی ہوئی حسرت و یاس میں کہنے لگی خدا تجکو خیر و برکت دارین دے اور منزل مقصود کا

مقامِ عالی نصیب کرے اَسْاَلُكَ اَنْ تَذْکُرَنِی فِی الْقِیَامَةِ عِنْدَ جَدِّ الْحُسَیْنِ

عَلَیْہِ السَّلَامُ آرزو ہے کہ مجھے اپنے دل سے قیامت کی روز نہ بھولنا خدمت میں سید انبیا جد حسین علیہ

السلام کی یاد رکھنا زن و شوہر آپس میں بیتاب اور جگر کباب رخصت ہوئے مشاہدۂ صدمۂ

فراق پر ناظرین کی آنکھوں سے دریائے سرشک بہے اس جا مجھے یاد آیا ایک زوجۂ مصیبت زدہ کا

شوہر سے جدا ہونا اور مایوس اندوہ بلا میں رورو کی جان کھونا وہ امام حسین علیہ السلام کا

دم واپسیں خیمہ میں آنا صدائے الوداع پر ام لیلی و رباب کا بیتاب ہو جانا بی بی نگران کی خاوند کا

بدن زخم نیزہ اور تلوار و تیر سے فگار ہے دہن ہر جراحت سے لہو بہتا ہوا چہرہ پر غبار ہے پیاس کی

شدت سے زبان میں کانٹے پڑے تھے حمید یا خنجر کا سرتاپا سینۂ اقدس میں گڑ گئے تھے

بھائی سب مارے گئے بیٹے کام آئے تن تنہا بیکس و بے یار مددگار کو مقتل میں قدم رکھنا ہے

بارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا راہ میں شتر سوار اور حر بن یزید کا ملنا

اس صورتِ سراپا رقت میں بی بی سے رخصت کو آئی کلمہ هٰذا فراقُ بیني وبینكم کہتے

لائے امام کی آئینہ خیال میں اونکا اسیر ہونا دیکھا ورطہ اہتمال میں پردہ خیمہ سے باہر نکلنا

مخفی نرہا غارت گروں کی ہاتھ سے چادر و معجر کا اوترنا قیدِ اعدا میں پشتِ شتر سے لاش پر گرنا

شمر کو فہ اور شام کی بازاری عام میں جانا ابن زیاد کی روبرو گنہگاروں کی مانند کھڑا رہنا

واویلا واغربتا ہای مظلومی سید الشہدا اوس ہنگامہ خونخوار میں کسکو فرمایں کہ ناموسِ

امامت کو وطن میں لیجائے گوشہ عافیت میں بٹھائے اونکی اقربا کو سلامت پہنچائے فضا

ملولفہ یہ شرحِ مصیبت کر دن مختصر دکھایا ہی رقت نی سامانِ محشر صدای فغان ہر طرف

بلند غمِ شاہِ مظلوم چھایا ہی دلپر زمین و زمان شورِ ماتم سے برہم ملایک بہی روتی ہیں

سماعت کی اب تاب باقی نہیں تڑپتی ہیں بسمل سی احبابِ سرور عزا میں ہوا ہی یہ ناظم کا

نقشہ پہٹا ہی گریبان وخاطر تکدر

باہرہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا راہ میں شتر سواروں سے اور حر کا آنا

سما بہی تہا اختر بلند ہر کوکب سے کوچ اوسکا مبارک ہو افضل رب سے اعدا سے ہو

طریقے ہی جدا عمل تہا کہ قمر تنگیا عقرب سے در باغِ بلبل پہ نظر ہی نہ کسی گل پہ

زینت پہ توجہ نہ تجمل پہ ہی کچہ کام کسی صاحب سند سے نہیں تکیہ ہمیں دیوار توکل پہ

در باغِ ہان جوشِ غم سید عالی ہو جائے چہرہ پر ان اشکوں سے بحالی ہو جائے بلوانہ

جگر چشم سے نکلیں باہم ہر شاخ مژہ پہولوں کی ڈالی ہو جائے در باغی کیوں زر کی ہوس میں

ابر و دنیا ہی نادان یہ کسی فریب تو دنیا ہی لازم نہیں اپنی منہ سے تعریف اپنی خالص ہی

قال سبحانه وانكحوا الايامى منكم والصالحين من عبادكم وامائكم ان يكونوا فقراء يغنهم الله من فضله والله واسع عليم ثم ان محمد بن علي بن موسى خطب ام الفضل ابنة عبد الله المامون

بارہوین مجلس لکھہ سی روانگی سید الشہدا شہید کا مین نوحہ عزا

جو شتاب ہو دیتا ہی تمہید کا احادیث فضائل و مصائب روز عاشورا
و مرقت ائمۂ ھدٰی ماہِ محرم مین بنی آدم پہ ہجوم محنت اور الم ہی عالم مین اسباب راحت کم
سامان حسرت فراہم ہی پیر و جوان کو شغل نالہ و افغان ہی دل گبر و مسلمان کو جوش احزان ہی ختم
ہر یک سیرت بیقرار ہی چشم ہر صاحب بصیرت اشکبار ہی نوحہ و ماتم کا جہان مین چرچا ہے
سینہ و سر پیٹتی ہین و ملک مین غلغلہ ہی وحش و طیر صحرا بھی مین جماد و نبات ہی محو شور و شین ہین
زمین غبار مصیبت سر پر ڈالی سوگ نشین ہی آسمان ردای نیلی دوش پر سنبھالی غمگین ہے
دیدہ اختر و انجم رات بھر آرام جان زہرا کی واسطی بیخواب ہین سینی مہر و ماہ کی ساری دن سرگردانی
آل مصطفی پر سوز تعب مین کباب ہین ہوای خستہ جگر باری اندوہ کی بیتاب پھرتی ہی پانی کی
آنکھہ حباب آسا موج سپہر شکست سی بھرتی ہی آتش کو آہ و فریاد کی شعلہ نی جلا یا ہی خاک پر صدمہ سے
ملال سی زلزلہ آیا ہی خلق مین جسکو دیکھو گریبان چاک افسردہ حال ہی جانہ ہو کو ایسین عورت
مرد کو اپنا حال ہی بھی روتی ہین کہ ہمارا والی مرنی چلا اب یتیم ہونگی بوڑہی جان کہوتی ہین کہ ملا کا
وقت شہادت آیا ہم بھی رخصت ہونگی اسواسطی کہ فاضل اہلبیت سی ائمہ طاہرین کی سیر
اور یہ موسم مین اون بزرگوار و نکا خاندان اندوہگین ہی اپس خود دیکھو ہر شخص کا کیا جوش ماتم
اور تصویر نام امام حسین علیہ السلام سی نالہ و خروش کرتا ہی فوحہ ای وای مصیبت کہ قہر آیا
دل جوش مین لایا احمد کو بہو روئی کو تربت سی اوٹھایا وہ ظلم دکھایا واحسرت و دردا کہ پھر کو
ستایا گہر بار جلایا سب لوٹ لیا خانۂ حیدر مین جو پایا خیمونکو گرایا این اسد اسد پہ نشہ تیر
برسا وہ پانی کو ترسا اوسپر یہ ستم نان کی بہالا جو لگایا کانٹونین لٹایا زہرا جسی جیا
و نبات سو لایا اور نازو تھایا بالای سنان خولی نی سر اوسکا چڑہایا کیا قہر جایا سیدانی
اکبر کی جوانی ہوئی برباد قاسم ناشاد و دریا پہ علمدار کو چترنگ بنایا تن خون مین نہایا سر

بارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا خاتمہ نوحہ اور فضیلت آل عبا

برادر کا شہ دین کی کاٹا + بچہ بہی نہ چھوڑا + لاشون پہ نبی زادونکی گہوڑونکو پہرایا + مٹی مین ملایا +
بی گور و کفن جسم رہی خاک پہ غلطان + اور دہوپ مین عریان + مقتل مین کوئی رونیکو دلسوز نہ آیا +
مدفن نہین پایا + وارث نہ رہی جیتی حمایت کو حرم کی + وہ کہہ پائی ستم کی + باہر کیا پردیسی تو گھر حرم نہ کہایا
فریاد جسد آیا + مقتل مین گہری روتی تہی جسد م حرم شاہ + محشر ہوا واللہ + افلاک کو بعرش معظم کو کپایا
ہلایا + خلب بہایا + وہ بانوی شبیر کا بیتابی سی گرنا + ناچار سنبہلنا + بالونکو پریشان کیا چہرہ
چہپایا + گردونکو جہکایا + جب گوش سکینہ سی گہر چین کی مارا + بانو نی پکارا + کیا قہر ہی احکام الہی کی
بہلایا + کچھ خوف نہ آیا + اوس وقت بلا خیز مین زینب کا تڑپنا + بی مقنعہ پہرنا + بابا کو جگر تہام کی
اندوہ سنایا + اور پاس بلایا + یا شاہ نجف دیکہ مین تیمونکی خبرلو + اپنا سی جگر دو + دیکہیو کہ لعینون نی
یہ طوفان اوٹہایا + آفت مین رولایا + پہر منت و زاری مین جفا کارون سی کہتی + الزام کو سہتی تہی
زندانمین سجاد کو سنبہلوا بٹہایا + دین اپنا گنوایا + ای اہل عزا سینہ پہ داغ کو سہیلو + خاموش نہ بیٹہو
ناظم نی جو یہ نوحہ جانسوز سنایا + ماتم کو بڑہایا + مروی عن جابر بن عازب عن رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ قال لعلی علیہ السلام کتاب منتخب میں جابر بن عازب
سی منقول ہوا ہی کہ خیر الوری نی ایکروز علی مرتضی کو فرمایا ہی + قل یا علی اللہم
اجعل لی من عندک عہدا او فی صدور المؤمنین مودۃ یا علی دعا مانگو بار الہا
کردان میری لئی اپنی پاس عہد محبت و کرامت کو اور دلونمین ساری مومنین کی مہر و محبت
ولایت کو فانزل اللہ تعالی پروردگار نی اثر اجابت مین اوس مناجات کی نازل فرمایا
آیت بشارت کو اپنی ولی کی شان مین بہیجا ان الذین آمنوا وعملوا الصالحات سیجعل
لہم الرحمان ودا بدرستی کہ جو لوگ خدا و پیمبر پر ایمان لائی اور نیک عمل کرتی ہین قریب ہی کہ
ایزد سبحان اونکی واسطی الفت بر پا کری لہذا محبان صادق الولا اس شور و شین کو نہین سیع اپنی

بارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہداء احادیث حزن عاشورا بکائے اہل ارض و سما

اپنی ماں باپ فرزند کی الم سے زیادہ مصروف ذکر حسین علیہ السلام ہوتی ہیں مَرْوِیٌّ عَنِ الصَّادِقِ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَنَّهُ قَالَ بہشت والوں کو معصوم نے اپنا دوست قرار دیا ہے سند معتبر سے حضرت صادق علیہ السلام نے ارشاد کیا ہے رَحِمَ اللّٰهُ شِیْعَتَنَا لَقَدْ شَارَکُوْنَا فِی الْمُصِیْبَةِ بِطُوْلِ الْحُزْنِ وَالْحَسْرَتِ عَلٰی مُصَابِ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ رب العزت اپنی رحمت بھیجے زمرہ اخلاص مند و محبو جو ہماری مصیبت کی شریک ہوتی ہیں اور واقعہ جد بزرگوار حسین مظلوم کی حزن و اندوہ میں سعی کرتی ہیں مَرْوِیٌّ عَنِ الصَّادِقِ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَنَّهُ کَانَ اِذَا اَهَلَّ هِلَالَ عَاشُوْرَا اِشْتَدَّ حُزْنُهُ وَعَظُمَ بُکَائُهُ عَلٰی مُصَابِ جَدِّهِ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ کتاب منتخب فخری میں روایت کی ہے جب حضرت صادق علیہ السلام ہلال محرم دیکھتے تو شدت سے اونپر حسرت و رقت کی سامان فراہم ہوتی امام حسین علیہ السلام کی مصیبت پر دن رات آہ و فریاد مچاتی جد بزرگوار کی صف عزا و ماتم پر سیلاب اشک بہاتی وَالنَّاسُ یَاْتُوْنَ اِلَیْهِ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ وَمَکَانٍ یُعَزُّوْنَهُ بِالْحُسَیْنِ وَیَبْکُوْنَ وَیَنُوْحُوْنَ مَعَهُ عَلٰی مُصَابِ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ گروہ گروہ ہر طرف سے خدمت حضرت میں آتی نوحہ و بکا سے امام حسین علیہ السلام کو یاد کرتی اور ماتم کی رسم بجا لاتی فَاِذَا فَرَغُوْا مِنَ الْبُکَاءِ یَقُوْلُ لَهُمْ اَیُّهَا النَّاسُ بَکَتِ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَمَا فِیْهِنَّ وَمَا بَیْنَهُنَّ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ہر گاہ جوش زاری و ابتہال ختم پاتی تو وہ جناب حاضرین کو خطاب فرماتی ایہا الناس شہادت امام حسین علیہ السلام پر ساتوں آسمان روتی ہیں اور اونکی درمیان جو مخلوقات ہیں انس و جن سے محزون ہوتی ہیں وَالْوُحُوْشُ وَالدَّوَابُّ وَالْاَشْجَارُ وَالْاَطْیَارُ وَمَا فِی الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَمَا یُرٰی وَمَا لَا یُرٰی کُلُّ ذٰلِكَ یَبْکُوْنَ عَلَی الْحُسَیْنِ وَحَزِنُوْا لِاَجْلِهِ ساری جانوران دریا و چارپایان صحرا

بارہویں مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا حیث بکای اہل دنیا وحزن یوم عاشورا

ومرغان ہوا واجرام عالم بالا تمامی اشجار وکوہسار اور جسقدر ذرات جنت ونار کی پیدا ہین +
دکہائی دینی والی خواہ نادیدنی جو دنیا ومافیہا مین تہی سب نی امام حسین علیہ السلام کی عزا
کو ہم چپایا اور جملہ ساکنان فوق وتحت نی لوازم سوگواری مین اہتمام کیا الا ثلاث طوائف
مِنَ النَّاسِ فَاِنَّهَا لَمْ تَبْكِ عَلَيْهِ اَبَدًا مگر تین فرقہ خلایق کی جو مطلق نہین گریہ بلکہ
اور نشاط کی سعی مین دن رات رہی فَقِيلَ مَنْ هٰذِهِ الثَّلَاثَةُ الَّتِي لَمْ تَبْكِ الْحُسَيْنَ
بْنَ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ پوچہا یا بن رسول اللہ وہ کون شقی ہونگا جو ایسی حالت پر سید الشہدا کو
نہ رویگا فَقَالَ هُمْ اَهْلُ دِمَشْقَ وَاَهْلُ الْبَصْرَةِ وَبَنُوا اُمَيَّةَ جو ابدیا وہ اہل شام
بصرہ وقوم بنی امیہ ہین کہ فرزند پیغمبر کی قتل واسیری اہلبیت سی خوشی مین بہری وہ بد نہ رویہ
فَيَا عَجَبًا مِنَ الْقُلُوبِ الْقَاسِيَةِ وَالنُّفُوسِ اللَّعِينَةِ الْعَاصِيَةِ عجب حسرت
اور دل سخت بیدردی جو ایسی واجب میں ضبط آہ وفریاد کری اور جای تاسف وملامت ہی کہ
نفس عاصی پر کہ سرگذشت کربلا میں سنین وہی قرار رہی كَيْفَ لَا تَبْكِي لِمَنْ بَكَاهُ مُحَمَّدٌ
الْمُصْطَفٰى وَعَلِيٌّ الْمُرْتَضٰى وَفَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ وَمَلَائِكَةُ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَمَا بَيْنَهُمَا
وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى کیونکہ نہ روئین کی اہل اسلام سانحہ شہادت مین اوس والای سرور دین کی
جسپر محمد مصطفی نی سر تا سر بہائی اور علی مرتضی فرط الم سی چلائی فاطمہ زہرا نی زاری اور شیون کیا
ملائکہ آسمان وزمین اور تحت وفوق کی موجودات نی عزا مین سانتہ دیا رُوِيَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ
ابْنِ مَحْمُودٍ قَالَ قَالَ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنَّ الْمُحَرَّمَ شَهْرٌ كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ
يُحَرِّمُونَ فِيهِ الْقِتَالَ اخبار الاخزان مین ابراہیم ابن محمود سی روایت کی ہی کہ امام رضا
علیہ السلام نی یہ حدیث کہی ہی کہ ماہ محرم کی عرب مین وہ قدر ومنزلت عظیم تہی کہ زمانہ جاہلیت مین
لڑائی جہگڑی کی اندنون تحریم تہی فَاسْتُحِلَّتْ فِيهِ دِمَاؤُنَا وَهُتِكَتْ فِيهِ حُرْمَتُنَا

بارہوین مجلس کہ جس مین ذکر مصائب سید الشہدا و ثواب عزا

وَسُبِیَ فِیْهِ ذَرَارِیْنَا وَنِسَاؤُنَا وَاُضْرِمَتِ النِّیْرَانُ فِیْ مَضَارِبِنَا

یعنی رحم نہ کیا ایسے شہر مبارک مین عترت رسالت کا لہو بہایا اہلبیت نبی کو بدتر از کفار مجوس

بیحرمت بنایا گہر مین رولا کر خیمۂ عصمت سرا کو جلایا ہماری عورات پردہ تطہیر کو اسیر کیا

در بدر پہرایا وَانْتُهِبَ مَا فِیْهَا مِنْ ثِقْلِنَا وَلَمْ تُرْعَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ حُرْمَتُهٗ فِیْ

اَمْرِنَا جو مال و اسباب ورثۂ انبیا پایا دہرا دہڑی لوٹ لیا عزت و قدر پیغمبر کا ہماری

حق مین مطلق لحاظ نہ کیا کیا شدت جور و ستم کی اہلحرم پر گذری ہی چہوٹی بچی تک حلال کی

کسی لاش بی سر کو قبر نہین ملی ہی اِنَّ یَوْمَ الْحُسَیْنِ اَقْرَحَ جُفُوْنَنَا وَاَسْبَلَ

دُمُوْعَنَا وَاَذَلَّ عَزِیْزَنَا بِاَرْضِ کَرْبَلَا وَاَوْرَثَنَا الْکَرْبَ وَالْبَلَاءَ اِلٰی یَوْمِ

الْقَضَاءِ روز شہادت امام حسین علیہ السلام کی ذکر سے ہماری سرشک بہتی ہین کثرت گریہ

رقت سے آنکہین اور پلکون مین زخم رہتی ہین زمین کربلا مین عزیزان آل رسول کو خوار کیا اور

بارہمنت کرب و بلا قیامت تک بیشمار دیا فَعَلٰی مِثْلِ الْحُسَیْنِ فَلْیَبْکِ الْبَاکُوْنَ

پس چاہیے کہ سانحۂ امام حسین علیہ السلام بنای شور و شیون ہوے اور ہر فرد بشر شال زن فرزند مردہ

عمر بہر روے فَاِنَّ الْبُکَاءَ عَلَیْهِ یَحُطُّ الذُّنُوْبَ الْعِظَامَ یہ رستی کر او نپر گریہ و بکا مین

ثواب وافر ملتا ہی اور صاحب رقت کو بڑی گناہون سے منزہ کرتا ہی اے مومنان حسینیہ بلاد

وای حاضران بزم نالہ و شیون فی الحقیقت آب گہر جب درج صدف مین چہپا ہی تو قدر و قیمت

اپنی بڑہاتا ہی اور اشک بصر ہر گاہ گوشۂ نظر سے گرتا ہی تو آبروی عزت اور بہای مغفرت

دلواتا ہی یہ شور پا ہیکا قطرہ جب چشمہ رقت سے بہتا ہی تو دریای رحمت اور عنایت رب کو

جوش مین لاتا ہی اگر ظاہر مین بیمقدار ہی باطن مین درشہوار ہی یہ وہ گوہر ہی جسکا بار آنحضرت

خیر الوری جوہری اور حضرت داور مشتری ہی قربان امام حسین علیہ السلام جنکی نام سی یہ اکرام

بارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا طرباح وشتر سوار کا راہ مین ملنا

عزادار ونکو ملتا ہی اور سر انجام دنیا و آخرت اونکی وسیلہ سی ہر غلام باوفا کا ہوتا ہی پس ایسی اوکا

ذکر محنت و آلام سنو تو فریاد و خروش و وا اور یہ ایام کی تصویر مصیبت مین خاموش ہو نظم

لمولفہ ای صاحبان صدق و صفا فکر غم کرو + دامن ہر شاک چشم سی بر رو کی نم کرو +

آدہی کربلا مین حسینی سپاہ کی + رقت سی پیشوائی اہل حرم کرو + بیٹو الم سی لبریز ہر اکی وا سبطے

صحن عزا مین آہ و فغان کو علم کرو + آتا ہی دن بہار مصیبت کی جوش کا + شاخ نہال عیش کو اپنی قلم کرو

یہ عمر یاد پاکا نہین اعتبار کچہہ + فاظر اساس اسفر کو ہم کرو

مجلس دوم انکی از طلوع ظہر و مائتہ فی شہر و جہاد نابات و کار ہتہ سیر امام ابرار و نزول کربلا

مسافران وادی غربت و مبتلائی و جالان بار محنت و ناشکیبائی مہمانان خوان اندوہ و بلا

و مشتاقان الوان نوائب کربلا + طالبان معرکہ امتحان ملال + و سرفرازان ہر صفہ قتل و قتال +

کاروان سعادت پیشہ کو بیابان فیفوای سامعہ مین یون پہنچاتی ہین کہ جب خلعت شاہ

نجف کو چار و نطرف سی ہجوم کیند اعدائی گہیر لیا اوس نو بادہ عز و شرف فی لابد مکہ سی عراق کا

عزم کیا اصحاب و اقربای صادق الولا ہم رکاب تہی اور اضطراب و اندیشہ مین الحرم محترم

بیتاب تہی زینب خاتون کو واہمہ جدائی برادر سی اشکبار رکہتا تہا ام کلثوم کو ہر دم خیال تا ل

بیقرار رکہتا تہا سکینہ و رقیہ کو پردہ محمل مین دردو غم کا وسواس آتا ام لیلیٰ و رباب کو زندگانی

علی اکبر و علی اصغر پر تلقنہ پاس بہا تا دست روزگار قوت بازوی امام ابرار عباس دلاور کی

جدائی پر کف افسوس ملتا + اور چرخ دوار طفیان اشرار کو دیکہہ کی عون و جعفر پر تشویش سی ہلتا

حیف کہ باغبان قدر کو خاک مین ملانا اوس گلزار ہمیشہ بہار کا منظور افسوس کہ دہقان اجل کو

ایسی لشکر و سردار کا خنجر دلواری کشاورز عاشورا مین عورہ ہر قدم پہ ہجوم حسرت و ہراس کا

٣٤٨

بارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین طرماح بن حکم کا آنا

سامنا ہوتا ہر دم سپاہِ ہموم مشئوم کی شدت سی اساس صوت ہوش و حواس کہوتا امام مظلوم کی
یاور مرنی پر کمر باندہی تہی سرانجام شہادت کی واسطی وہ ولاور سینہ سپر بنتی تہی چاوش قضا
اوس قافلہ تسلیم و رضا مین نعرہ هَلُمُّوا اِلیٰ مَضَاجِعِکُمْ پکارتا اور سروش غیب قربانیاں
کوی وفا کو مژدہ وَسَارِعُوا اِلیٰ مَغْفِرَۃٍ مِنْ رَبِّکُمْ سناتا وَرُوِیَتْ اِلیٰ طِرِمَّاحِ
بْنِ حَکَمٍ قَالَ لَقِیْتُ حُسَیْنًا وَقَدْ اَمْتَرْتُ لِاَهْلِیْ مِیْرَۃً طرماح ابن حکم سی روایت ہی
اوسنی کہا مین جو اکثر بار عیال کی واسطی لئی جاتا تہا راہ مین امام حسین علیہ السلام سی ملاقات ہوئی
اونکی سواری سکرہ باری مکہ سی آتی دیکہی فَقُلْتُ اُذَکِّرُکَ فِیْ نَفْسِکَ وَلَا یَغُرَّنَّکَ
اَهْلُ الْکُوْفَۃِ آگی جاکی سلام اور تحیت بجالایا بطریق خیرخواہی اونسی عرض کیا قسم دیتا ہون
آپکو اہل کوفہ کی فریب مین نہ آنا اوس ملک مین عیال و اطفال کو لیکی ہرگز نجانا فَوَاللّٰہِ
لَئِنْ دَخَلْتَهَا لَتُقْتَلَنَّ واللہ ہرگاہ کہ وہان جاوگی تو ضرور شہادت پاوگی وَاِنِّیْ لَاَخَافُ
اَنْ لَا تَصِلَ اِلَیْهَا فَاِنْ کُنْتَ مُجْمِعًا عَلَی الْحَرْبِ مجہی اندیشہ ہی کہ اوس شہر مین نہ پہونچو گی
جو نہ لشکر جفا مین گہر کی شہید ہوگی فَانْزِلْ اَجَاءَ فَاِنَّهٗ جَبَلٌ مَنِیْعٌ وَاللّٰہِ مَا نَالَنَا
لَنَا فِیْهِ ذُلٌّ قَطُّ صلاح دولت یہ ہی اگر اجا مین منزل کروگی وہ کوہ بہت سخت جائی پناہ
ہی شر اعدا سی محفوظ رہوگی قسم خدا کی میری اتنی عمر گذری ایسی کہیں وہان غلبہ دشمن کی خواری
نہین دیکہی وَعَشِیْرَتِیْ یَرَوْنَ جَمِیْعًا نَصْرَکَ فَهُمْ یَمْنَعُوْنَکَ مَا اَقَمْتَ میری قوم کہ
اپکی خدمت اور حمایت مین رہینگی وہان حضرت جبتک توقف کرینگی اونکو اپنا یاور دیکہینگی
فَقَالَ اِنَّ بَیْنِیْ وَبَیْنَ الْقَوْمِ مَوْعِدًا اَکْرَهُ اَنْ اُخْلِفَهُمْ فرمایا میری اور خلق کوفہ کی
درمیان مین وعدہ ہوا ہی اوس عہد سی جان بچاون ہرگز نہین گوارا ہی فَاِنْ یَدْفَعِ اللّٰہُ
تمہا الفوں کی سینہ پر نیزہ چلائینگے جہاں تک قابو پڑیگا تلوار لگائینگے یا داعی کہ بہالا ہلی قبضہ ہاتھ میں

رہی اور زمیں سے قدم سہ ور پر دو ہم تکلی وَاللّٰہِ لَوْ عَلِمْتُ اَنِّیْ اُقْتَلُ ثُمَّ اُحْیٰی ثُمَّ اُحْرَقُ ثُمَّ

اُحْیٰی یُفْعَلُ بِیْ ذٰلِکَ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً مَا فَارَقْتُکَ حَتّٰی اَلْقٰی حِمَامِیْ دُوْنَکَ بخدا اگر

میں جانوں کہ مارا جاؤنگا پھر جیونگا بعد ازاں آگ میں جلائینگے پھر جیونگا ستر مرتبہ ایسا اتفاق پڑے

تو بھی جدا نہونگا بلکہ تمہاری حمایت میں آگے بڑھکے لڑونگا مردہ گرونگا فَکَیْفَ ذٰلِکَ لَا فَعَلْتُ

وَاِنَّمَا ھِیَ قَتْلَۃٌ وَاحِدَۃٌ ثُمَّ ھِیَ الْکَرَامَۃُ الَّتِیْ لَا انْقِضَاءَ لَھَا اَبَدًا پھر کیونکر میں چھوڑوں

کہ ایک مرتبہ قتل ہو جسکو یاد دہ مرنا نہیں اور اوسکی بعد ہی کرامت ابدی اور نعیم خلد بریں وَقَامَ زُھَیْرُ بْنُ

الْقَیْنِ فَقَالَ وَاللّٰہِ لَوَدِدْتُ اَنِّیْ قُتِلْتُ ثُمَّ نُشِرْتُ ثُمَّ قُتِلْتُ ھٰکَذَا اَلْفَ

مَرَّۃٍ وَاَنَّ اللّٰہَ یَدْفَعُ بِذٰلِکَ الْقَتْلَ عَنْ نَفْسِکَ وَعَنْ اَنْفُسِ ھٰؤُلَاءِ الْفِتْیَانِ مِنْ اَھْلِ

تیرہویں مجلس کربلا میں ورود سید الشہدا مقالات اصحاب بیقراری زینب خاتون شب عاشورا

بیتابیک ناگاہ زہیر ابن قین اوٹھی مزید شوق مین یہ کہنے لگی ای فرزند رسول اگر جانو کہ قتل ہون اور
جیون پھر مارا جاؤن ٹکڑی ٹکڑی ہو کی زندگانی پاؤن میری اوپر ہزار دفعہ یہ صدمات گذرین
دوستی عترت پیغمبر مین منہ موڑ نہ جدا کرین اسکی عوض مین خدا تمہین بلای ہلاکت سے بچائی تمہاری اولاد
اور سب اقربا کی موت ٹل جائی مخالف نہ دیوین اہلبیت نبی سلامت رہین اس حال مین ہیہات دمان
نقد جان دنیا کبھی نام حیات اور تمہاری دنیا نہ لینا وتکلم جماعۃ اصحابہ بکلام یشبہ
بعضہ بعضا فی وجہ واحد باقی جملہ صحابہ نی بہی ایسا ہی کہا جیسا اون وفادارون کا تھا
اقرار تھا فجزاہم الحسین علیہ السلام خیرا وانصرف الی مضربہ یہ باتین سنکی امام حسین
علیہ السلام نی تحسین و آفرین کی وہان سی اوٹھکی خیمہ خاص مین تشریف رکھی قال علی بن الحسین
علیہما السلام انی لجالس فی تلک العشیۃ وعندی عمتی زینب تمرضنی سید سجاد
کہا شب عاشور کو مین علیل ورنجور بیٹھا جاتا تھا ایکطرف صدمۂ بیماری اوسپر علاوہ اندیشۂ فردا
مبتلا تھا پرستاری کو پہوپہی زینب میری بالین پر موجود تہین بیقراری مین کبھی چچا کی بہائی کو دیکھا تین اذ
اعتزل ابی علیہ السلام فی خباء لہ وعندہ فلان مولی ابی ذر غفاری وہو یعالج
سیفہ ویصلحہ وابی یقول اوسوقت پدر بزرگوار نی اپنی خیمۂ خلوت مین قدم رکہا بردار
فلان غلام ابی ذر غفاری شمشیر تلوار بلا کیا ناگاہ مین سنا جو ان اشعار کو والد نی پڑھا یا دہر اف لک
من خلیل کم لک بالاشراق والاصیل من صاحب او طالب قتیل والدہر لا یقنع
بالبدیل وانما الامر الی الجلیل وکل حی سالک سبیلی ما ان قضی اللہ من
مقیل ما اقرب الوعد الی الرحیل واعادہا مرتین او ثلاثا اونکا مضمون حسرت
مشحون یاس واندوہ سی بہرا تہا دو تین مرتبہ فرمایا کہ مجھی خوب یاد ہوا حتی فہمتہا وعرفت
ما اراد فخنقتنی العبرۃ فرددتہا ولزمت السکون وعلمت ان البلاء قد نزل

۳۹۷

تیرہویں مجلس کربلا میں ورود سید الشہدا بیقراری زینب خاتون شب عاشورا

سمجھا کہ آفت و بلا قدر قضا سی آئی ہی اب یہ ورق حیات ختم ہونی پر ٹھہرا ہی بی اختیار میری آنسو نکل پڑی
زنان حرم کی یہ حالت تھی کہ بیتاب ہوکر پونچھ ڈالی نالہ و رقت خاموش ہا مگر پدر و اقربا کا دھیان
بندھا وَاَمَّا عَمَّتِیْ فَاِنَّهَا سَمِعَتْ وَهِیَ اِمْرَاَةٌ وَمِنْ شَاْنِ النِّسَاءِ الرِّقَّةُ وَالْجَزَعُ
لاکن پھوپھی زینب نے جو وہ بیان مصیبت ترجمان سنا وہ عورت ذات تہیں اونکی شان رحم
دلی سی رونا تہا فَلَمْ تَمْلِكْ نَفْسَهَا اَنْ وَثَبَتْ تَجُرُّ ثَوْبَهَا وَاَنَّهَا لَحَاسِرَةٌ حَتَّى انْتَهَتْ
اِلَيْهِ رنج والم کا صدمہ اونسی ضبط نہو سکا دل قابو میں جاتا رہا ننگی سر منہ پیٹ گریبان پہاڑتا
سر پیٹتی بہائی کی پاس دوڑیں فَقَالَتْ وَاثَكْلَاهُ لَيْتَ الْمَوْتَ اَعْدَمَنِی الْحَيٰوةَ الْيَوْمَ
مَاتَتْ اُمِّی فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ وَاَبِیْ عَلِیٌّ وَاَخِی الْحَسَنُ يَا خَلِيْفَةَ الْمَاضِیْ وَثِمَالَ
الْبَاقِیْ نالہ و اویلا صیحہ واویلا کیا شدت بکا میں ہچکی بندہی سینہ کوٹ کے کہا افسوس بہائی تمہارا
حال پر کاش کہ اس دم مجھی موت آتی واقعہ کربلا سی پہلی مرجاتی ہای ہای آجکا دن روز وفات
اماں فاطمہ زہرا کی بدتر جانتی ہی یہ غم حسین حادثہ شہادت علی مرتضی اور حسن مجتبی کی بیشتر آتش افروز ہی
ای جانشین آبا و اجداد ای شبیہ بزرگان والا نژاد ای بقای نام اور نشان رسول ای پرورده کنار
امام جان بتول حیف میں زندہ رہی تمہیں ہاتہہ سی کہوتی کو یہ سانحہ دیکہا بہائی بیٹوں کی روتی کو
فَنَظَرَ اِلَيْهَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِیٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَقَالَ لَهَا يَا اُخْتَاهُ لَا يَذْهَبَنَّ حِلْمَكِ
الشَّيْطَانُ وَتَرَغْرَغَتْ عَيْنَاهُ بِالدُّمُوْعِ جب امام حسین علیہ السلام نی زینب کو بیتاب
پریشان پایا حسرت سے نظر کی دلاسی میں فرمایا ای بہن اتنا بیتاب ہو جان نہ کہبراؤ تمہاری آہ
تحمل کو شیطان نہ لیجائی اسقدر جزع اور فزع ہرگز نکرو ذرا دل کو مصیبت میں قائم رکہو لاکن اونکی تسلی
حضرت کو رحم آیا دریای سرشک آنکہوں سی بہایا وقال لَوْ تُرِكَ الْقَطَا لَنَامَ حضرت نی کہا
افسوس اگر مجھی اپنی حال پر چھوڑتی تو آرام سی رہتا تیر یہ مصیبت نہ گذرتی فَقَالَتْ يَا وَيْلَتَاهُ

باقر یبقر العلم بقرا ثم یمضی ... ولا امام بعده
ومن بعده ابنه جعفر واسمه عند
اهل السماء الصادق فقلت له یا سیدی
کیف صار اسمه الصادق وکلکم الصادقون
فقال حدثنی ابی عن ابیه ان رسول الله
صلی الله علیه وآله قال اذا ولد ابنی جعفر
بن محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب

تیرہویں مجلس کربلا میں داخلہ سید الشہدا بیقراری زاری زینب خاتون شب عاشورا

اَتَغتَصِبُ نَفسَکَ اِغتِصَابًا فَذٰلِکَ اَقرَحُ لِقَلبِی وَاَشَدُّ عَلٰی نَفسِی زینب خاتون
بیشتر غمناک و محزون ہوئیں فریاد و واویلا اور نالہ و اغثتاہ کرنے لگیں کہا اے بھائی تونے اور ہمارا دل
گیا کہ راہ چارہ بند ہوئی تمہاری جان کا بچاؤ نہ ہوا لا علاج تم نے اعدا سے تنگ کی شہادت کو گوارا کیا تو
پیشی ہوا اس دشت غربت میں اہل و عیال کوئی وارث چھوڑتی ہو ثُمَّ لَطَمَت وَجهَهَا وَاَهوَت
اِلٰی جَیبِہَا فَشَقَّتہُ وَخَرَّت مَغشِیًّا عَلَیہَا پھر شدت گریہ میں اپنا منہہ نوچا مقنعہ سر سے
پھینک دیا گریبان صبر و طاقت پھاڑ ڈالا زمین پر پچھاڑیں کھائیں غش آگیا فَقَامَ الحُسَینُ
اِلَیہَا فَصَبَّ المَاءَ عَلٰی وَجہِہَا امام حسین علیہ السلام کو مشاہدہ صورت خواہر نے بیقرار کیا دوڑ کر
خاک سے بہن کو اوٹھا لیا منہہ پر پانی چھڑکا دامن ہلایا تاکہ اونہیں ہوش آیا وَقَالَ لَہَا یَا اُختَاہُ
اِتَّقِی اللّٰہَ وَتَعَزِّی بِعَزَاءِ اللّٰہِ دست شفقت سر پر پھیرا تسلی کا کلمہ دلاسا دیا فرمایا اے
ہمشیر تقدیر الٰہی میں تمہارا مصیبت ہو جو اوسکی مرضی ہو ہرگز خلاف نکرو وَاعلَمِی اَنَّ اَہلَ الاَرضِ
یَمُوتُونَ وَاَہلَ السَّمَاءِ لَا یَبقُونَ وَاَنَّ کُلَّ شَیءٍ ہَالِکٌ اِلَّا وَجہَ اللّٰہِ الَّذِی
خَلَقَ الخَلقَ بِقُدرَتِہٖ وَاِلَیہِ یَعُودُونَ اے خواہر بالیقین جانو کہ سب اہل زمین مرینگے
اور سکان آسمان بھی باقی نرہینگے کل شیا کی واقعی ہلاک ہونا کہا ہی سوای ذات احدیت جل کے
اپنی قدرت سے ایجاد کیا ہی اوسکی جانب سبکی بازگشت ہوگی سوای ایزد باری کسی چیز کو قیام نہو گا
اَبِی خَیرٌ مِّنِّی وَاُمِّی خَیرٌ مِّنِّی وَاَخِی خَیرٌ مِّنِّی وَلِی وَلِکُلِّ مُسلِمٍ بِرَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیہِ وَاٰلِہٖ اُسوَۃٌ فَعَزَّاہَا بِہٰذَا وَنَحوِہٖ اے زینب ذرا غور کرو کہ والد بزرگوار و مادر عالیقدر
برادر والا تبار مجھ سے بہتر تھے دنیا میں نرہے جناب رسول سے اہل اسلام کو دعوی پیروی
وہ بھی گذر گئے پس حضرت سید الشہدا نے ایسی باتوں میں خواہر کی تسکین کی ہدایت صبر و شکر الٰہی کا
درس دیا وَقَالَ یَا اُختَاہُ اِنِّی اَقسَمتُ عَلَیکِ فَاَبِرِّی قَسَمِی لَا تَشُقِّی عَلَیَّ جَیبًا

فسموه الصادق فان الخامس من ولده الذی اسمه جعفر
انه جعفر یدعی الامامة اجتراء علی الله وکذبا
فهو عند الله جعفر الکذاب المفتری علی الله
والمدعی لما لیس له باهل المخالف علی
ابیه والحاسد لاخیه ذلک الذی یروم کشف ستر الله
عند غیبة ولی الله ثم بکی علی بن الحسین
بکاء شدیدا ثم قال کانی بجعفر الکذاب
وقد حمل طاغیة زمانه علی تفتیش امر ولی الله
والمغیب فی حفظ الله والتوکیل بحرم ابیه
جهلا منه بولادته وحرصا منه علی قتله ان ظفر به
۱۲۹۹
قال ابو خالد فقلت له یا ابن رسول الله وان ذلک لکائن فقال ای وربی ان
ذلک لمکتوب عندنا فی الصحیفة التی فیها
ذکر المحن التی تجری علینا بعد رسول الله
قال فقلت یا ابن رسول الله ثم یکون ماذا
قال ثم تمتد الغیبة بولی الله الثانی عشر
من اوصیاء رسول الله والائمة بعده
یا ابا خالد ان اهل زمان غیبته القائلین
بامامته والمنتظرین لظهوره افضل من اهل کل
زمان لان الله تعالی ذکره اعطاهم من العقول
والافهام والمعرفة ما صارت به الغیبة عندهم
بمنزلة المشاهدة وجعلهم فی ذلک الزمان
بمنزلة المجاهدین بین یدی رسول الله بالسیف
اولئک المخلصون حقا وشیعتنا صدقا
والدعاة الی دین الله سرا وجهرا وقال
وحدثنا احمد بن علی ماجیلویه ... محمد بن
موسی بن المتوکل قال حدثنا محمد بن
یحیی العطار عن محمد بن الحسین القصار

عن عبید الله الصّلت القمی عن عثمان بن عیسی عن سماعة بن مهران قال کنت اَنا و ابو بصیر و محمد بن عمران مولی ابی جعفر علیه السلام فی منزل بمکة فقال محمد بن عمران سمعت ابا عبد الله علیه السلام یقول نحن اثنا عشر محدثا فقال له ابو بصیر بالله لقد سمعت ذلک من ابی عبد الله علیه السلام ...

تیرہویں مجلس کربلا میں وا غلہ سید الشہدا زاری و بیقراری زینب خاتون شب عاشورا

وَلَا تَخْمُشِی عَلَیَّ وَجْهًا وَلَا تَدْعِی عَلَیَّ بِالْوَیْلِ وَالثُّبُورِ اِذَا اَنَا هَلَکْتُ پھر اونکو
سمجھایا کہ ای بہن میری سوگند عمل میں لانا تمہیں ہماری قسم دیتا ہوں جب میں دشتِ بلا میں شہید ہو
جاؤں تو زنہار گریبانِ پیراہن چاک نکرنا رخساروں پر طمانچے نہ مارنا سینہ کو نہ نوچنا بال سر کی نہ کھولنا
نعرہ واویلا و نالہ جانکاہ سے نہ چلانا مگر رونے کو منع نہیں کرتا کہ ابتلای غم سے آنسو بہانا ثُمَّ جَاءَ بِهَا
فَاَجْلَسَهَا عِنْدِی وَخَرَجَ اِلَی اَصْحَابِهٖ سید سجاد فرماتے ہیں کہ شاہِ مظلوم نے یہ فقرات وصیت کو
سنایا زینب خاتون کو مزید توقیر میں سے اوٹھایا ہاتھ پکڑ کے لائے میری پاس بالین پر بٹھایا پھر آپ
صحابہ کی خیمہ میں قدم بڑھایا ای اہل عزا و احبای آل عبا تصور اور غور کرو ذرا کہ جب سراپردہ عصمت
اور طہارت میں یہ ماجرا گذرا بھائی بہن سے ان کلمات جانگزا کو البتہ سنا ہر ایک بی بی کی پیش چشم
روزِ عاشورا کا نقشہ کھنچا وارث کا مرنا اپنی فرزند و برادر کی موت کا انا یقین ہوا خواتینِ حرم کو تاب
ضبط و قرار جاتی رہی اونکی نالہ و زاری سے بچہ بچہ کو بھی نیند حرام ہوئی ہر سمت شدتِ اندوہ اور بکا سے
کہرام مچایا + شیون و فریاد سے شورِ محشر کو خواب عدم سے جگایا امّ لیلیٰ سینہ کوٹ کے نامِ علی اکبر لیتی تھی
امّ کلثوم ہاتھ سر پر مارتی وا علی عباس کی جان کھوتی مادرِ قاسم روتی فرزند کو حسرت زدہ اور ناکام
نگران تھی رباب علی اصغرِ شیرخوار کی جھولی پر تڑپتی اور نالان تھی سکینہ و رقیہ کا دل دہشت و تشویش کا
اندیشہ و ہیجان میں گذرتا تھا لیکن ایسا جانِ ناظم اس حدیث کے بیان سے تمہاری سماعت میں آیا زینب
خاتون کا رونا سراپردہ عزت میں امام حسین علیہ السلام سے دیکھا گیا ہر گاہ بہن کو ذکرِ مصیبت سے بیتاب
و بیتوان پایا تو الفاظِ تسلی اور دلاسا کی بہلایا وا حسرتا بہن خواہر سید الشہدا نے ہر گاہ لاشِ برادر پر فرطِ دل
رقت میں غش کہایا تو کوئی مونس و پرستار پاس نہ پایا پانی والا پانی کا قطرہ پلانے کو باقی نہ تھا اور سپہ اعدا کی سنگدلی
بیتحاشا ستایا غرض کہ ہر کین اور دلداری نا زیبا ستم کیا قربان سرگذشتِ زینب خاتون کے خبر ہلاکت بھائی کی
سن کے بیہوش ہو جاتی تھیں جو اونکا بدن بی سر خاک و خون میں غلطاں دیکھا وہ صدمہ سہہ کے سہارا پایا تو

سمعت ذلک من ابی عبد الله علیه السلام ... فقال له ابو بصیر ... حدثنا علی بن ابراهیم ... عن محمد بن الحسین عن علی بن سماعة عن علی بن الحسن بن رباط عن ابیه عن المفضل بن عمر قال قال الصادق علیه السلام ان الله تعالی خلق اربعة عشر نورا قبل خلق الخلق باربعة عشر الف عام فهی ارواحنا فقیل له یا ابن رسول الله و من الاربعة عشر فقال محمد و علی و فاطمة و الحسن و الحسین و الائمة من ولد الحسین آخرهم القائم ...

حدثنا ... عن ... النقية ... عن اسمعیل بن ... عن ابیه ... قال رسول الله صلی الله علیه و آله ... الثانی عشر من الائمة ... علی بن ابی طالب ... القائم بالحق ... مصیبت

چودہوین مجلس فضائل رفقای سید الشہدا احوال شب و صبح روز عاشورا

مصیبت عزیزونکی ماری جانی کی دوسری آفت نازپروردہ زہرا کی گلا کٹانی کی تیسری گہر بار کا
لٹنا خیمونکا جلنا چوتہی نامحرمون مین بی چادر اور مضطر اسیر پہرنا پانچوین بہائی بیٹونکی سر لہو بہتی نیزونپر
چڑہی دیکہتی جہٹی لاشِ صد پاش عزیزونکو بیدفن میدان مین پڑا نظر کرتی فوج اعدا گہوڑی اوپر دوڑاتی پہرتی
آلِ مصطفی کی بہو بیٹیان ہر گوشہ مین جاکی چہپتین بچی مونہہ تہ وہ آفتاب سی چہری بالون مین چہپائی ہوی نشال
قیدیانِ کفار اونٹون پہ چڑہائی ہوی نظم ملولانہ جو عرض کرون اگی نہین طاقتِ گفتار بیتاب ہوی نالہ و شیون
عزادار ارکانِ جہان برہم و درہم نظر آتی شیون سی ہوا غلغلہ حشر نمودار ہی چار طرف نوحہ ماتم کی
دہوم انسان توکیا جن و ملک روتی ہین سشدر ہی شور بپا ہای حسینا کی صدا کا فریاد زمین جاتی
افلاک پہ ہر بار ناظر سر منبر یہ دعا مانگ خدا سی پہر روضہ پر نور دکہائی مجہی غفار

چودہوین مجلس فضائل رفقای سید الشہدا احوال شب و صبح روز عاشورا

رباعی کیا کیا دنیا سی صاحبِ مال گئی دولت نہ ہوی ساتہ نہ اطفال گئی پہنچا کی لحد تک سب پہر آئی
سب لوگ ہمراہ اگر گئی تو اعمال گئی رباعی شمشیر کہتی تہی کل تیری اور سینہ ہی بیہ نیزون کو ہی
بی سبب کینہ ہی دن نیستی کی ای مجاہدو ختم ہوی طاعتین گذار و شب آخر ہی رباعی ہر شی کا
زمانی مین اک اندازہ ہی بچہ اور تیر ستم تازہ ہی کسطرح کہلا رہی نہ سعد فارکا سینہ قتل علی اصغر کا یہ
خمیازہ ہی داعی جب بیبیون سی وداع ہوتی تہی مین تقریر سی سب کی ہوش کہوتی تہی حسین سبکو
تسلی دیتی جاتی تہی مگر زینب کیطرف دیکہ کی روتی تہی حسین شہید بکا ذکر ایات کلام خدا
احادیث فضائل شہدای کربلا رضوان اللہ علیہم الی یوم الجزا حاجت ہی آن حق
سر کردین شرفای قبیلہ وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا جانتی ہی کہ سیدا جہاد

فیما وعد لہا ما ثبت کلما وجود ما قال ... اخبار الصادق
نقد مر ذکر ہذا الحدیث فی اخبار ... الاحتمال منہا
علیہ السلام فیکون ... ذکرنا ہ و قد ذکرنا ما منہا
فا مثال ہذہ الاخبار کثیرۃ ... کتاب کمال الدین
الکتاب اکثر مما ذکرناہ ... بابویہ فی کتاب الغیبۃ و کشف
الشیخ ابو جعفر بن بابویہ فی اثبات الغیبۃ و ... من ہنالک
و اتمام النعمۃ فی اثبات ... فلیطلب من ہنالک
فمن اراد الزیادۃ فلیطلب ... محمد بن النعمان فی
الشیخ الغیبۃ ابو عبد اللہ محمد بن النعمان ... ہذا
ذلک کتابا مفردا ... التفصیل الفصل
الغیبۃ فیہ ما نیدہا ...
الثالث من القسم الاول ...
علی امامۃ ائمتنا علیہم السلام ...
فیما نقلہ من الکتاب ...
علیہم السلام ...
العالم ...
علوم الدین و احکام الشریعۃ ...
و غیر ذلک ...
العلماء و الفضلاء ...
و الفقہاء و المفسرون ...
عنہ اصول الاعراب ...
فی الطب ...
الحکمۃ و الوصایا و الآداب ...
جمیع العلماء ...
الطوائف ...
علیہ السلام من الفتاوی فی الحلال
التی کانت عن سید العابدین
نحکما من الاطہار و ذلک عنہما
الباقر و الصادق علیہما السلام
فذلک من اہل العلم
الانبیاء ...
علیہم السلام ...

چودھویں مجلس فضائل رفقای سید الشہداء علیہ السلام شب پنجم روز عاشورا

چشم شہسوار روزگار نے سپہ سالار مانند امام حسین علیہ السلام کی زمرہ وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ

بِأَمْرِنَا میں نہیں دیکھا اور غازیان زبردست عرصۂ یقین عظمای فرقۂ وَفَضَّلَ اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ

عَلَى الْقَاعِدِينَ أَجْرًا عَظِيمًا سجانتی ہیں کہ مضمار امکان میں گوش پایۂ فلک نے لشکر مثل شہدای

کربلا کی جنود رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ أُولَٰئِكَ حِزْبُ اللَّهِ میں نہیں سنا اسواطی

ندای یوم نَدْعُوا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ کی آواز پر دعوت وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا

وَلَا تَفَرَّقُوا کو سر اجابت پر رکھا یا اور تحسین صلای الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا

وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ میں نوای أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ کی ہمراہ

حب وطن اور تعلقات فرزندوں کی ہاتھ اوٹھایا اور تمامی سعادات نعمات إِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَىٰ

آذوقہ لیا اور سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا کو قدم بات زین کیا طریق واسعات میں

نَالَا يَضِلُّ لَهُ سے جا کے منزل بلائے دشت محبت سادات پر خیمۂ لَنْ يُخْلِفَهُمْ سُدًّا خَلَاءَ بھاو

میں بہا دنی جائے رونمائی طیب ومواجب فَآتَاهُمُ اللَّهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ

الْآخِرَةِ پروانۂ سپہ سالار یا ہنگام شمار نہال وخط چہرہ سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ

سے نقیب وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ کو جایزہ دکھایا اور روز معرکہ

امتحان يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ میں سلاح صلاح

الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ سے جوشن بکتر بنایا اور صف وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

میں کھینچ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا بِاللَّهِ کو میدان فَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَجَاهِدْهُمْ بِهِ جِهَادًا

كَبِيرًا پر چمکایا توسن جرأت اور جلاوت وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ کو جولان کی زبان

صدق ترجمان سے نَحْنُ أَنْصَارُ اللَّهِ آمَنَّا بِاللَّهِ وَاشْهَدْ بِأَنَّا مُسْلِمُونَ کا رجز سنایا جماعت

حزب شیطان قوم وَجُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ فوج عصاۃ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ رَسُولَ اللَّهِ لَهُمْ

چودہوین مجلس فضائل شہداء کربلا حالات روز و شب عاشورا

عذابُ الیمؔ سی سارا زمانہ بلا بالا اہنگ آسا دریای جنگ میں آ گیا اَلَّذِینَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ
کی غوطہ لگا یا کارخانۂ نام و ننگ سی نفقۃً وَالشُّهَدَاءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ
کا نغمہ پایا فتح باب شہادت میں اونکو صلاۓ فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ سی نقد عیش
الَّذِينَ يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ کا ادنا انعام ہی اور درگاہ کبریا سے
اس خطاب أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ کی علاوہ سندی جاگیر لَهُمْ دَارُ السَّلَامِ عِنْدَ رَبِّهِمْ
وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ بہی اونکی نام ہی طغرای آیات قران ہی حال شنافرمان کہ نہین
الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ بلا ہی انسانی
امام کی زبانی رسالۂ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَوْلِيَاءَ اللّٰهِ وَأَحِبَّاءَهُ وَأَصْفِيَاءَ اللّٰهِ وَأَوِدَّاءَ
أَنْصَارَ دِينِ اللّٰهِ اونکی واسطی لکہا ہی اور سپہر ترقی ہی کہ معصوم نی کہا ای فدای السَّلام بِأَبِي أَنْتُمْ
وَأُمِّي یعنی ہماری ماں باپ تمپر ہون فدا ایہہ قدر و منزلت کو زیادہ بڑہایا القاب طِبْتُمْ وَطَابَتِ
الْأَرْضُ الَّتِي فِيهَا دُفِنْتُمْ فَيَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَعَكُمْ سی بی نیاز فرمایا وہ جری تہی کہ کوفی
تیس ہزار پیادہ اور سوار سی منہ نہین موڑا ایسی دہنی مردان کارزار تہی جنہون نی کوفہ اور شام کی
نامدار تیغ زنونکو مار کی چہوڑا وہ شیر بیشۂ جرات جو فرزند اسد اللہ کی حمایت میں بڑہ کی حملہ کرتی تہی
دلیر عرصۂ ہیبت کہ رفاقت مولا مین بہوکی اور پیاسی زخم کہانی پر مرتی تہی وہ سر ورکہ نوک نیزی پر چڑہ کر
معراج قرب الٰہی پاتی رہی ایسی دین پرور جو کہ بار لئی مین تخت و تاج شاہی کو پشت پا لگا کی
بزم معرکہ رزم مین خاک و خونکو غازۂ رخسار تابناک جانتی تہی اور ہنگامۂ جنگ مین تن کی
چاک چاک کو خلعت پوشش زرہ زینت ہلاک پاتی تہی شمع قامت پر اپنی امامت کی موشقہ فان مین
پروانہ جانباز نظر آتی گل صورت پر نہال رسالت کی عندلیب آسا ہزاروں نیاز لاتی تہی اوسی عہد کہا
عبید و احرار کی ہر اول لشکر سی خبر نا مدار ہی کہ دونو جہان مین آزاد نکلا اور مقتدای روزگار کی

٢٠٣

چودھوین مجلس فضائل رفقای سید الشہدا علیہ الصلاۃ والسلام شب و صبح روز عاشورا

مقدمۂ عسکر مین ہلال ماہ عزا ہی کہ چاند سا مکھڑا اوسکا خون شفق سی چمکا میمنۂ اصحاب یمین مین زہیر ابرار ہی پشت و پناہ اہل توحید اور میسرۂ انصار دین مین حبیب ذی وقار ہی دوستی شاہ زمانی مین وحید رونق قلب سپاہ اور دلبند پیغمبر کی فرزند لخت جگر علی اکبر سی دوبالا ہی نظم و نسق مین ساقہ جنود مسعود اوس قائد جن و بشر کی وجود سی خیل انجم پر غیرت افزا ہی جلوہ علم نشان حیدر کرار عباس غازی کی ہاتھ مین شکوہ عرش کبریا دکہلاتا ہی اور سواد صف جوانان حسینی اور حجازی میدان وغا مین شعشعۂ نور خدا دورو نزدیک پہیلاتا ہی وہ فوج قلیل جو نبادہ خلیل کی نظر لطف و کرم رب جلیل تہی جنگ مین دلیل راہ نجات کی قربان ہونیکو موجود جان و روح جبرئیل و میکائیل تہی آسمان کو تمنا کہ زمین کربلا پر خاک ہو جاؤن جو یہ کوکب ثابت قدم جابجا ملین مہر و ماہ کو شوق تہی کہ گہبراکر ان بلند اختر و نکو نظر بد نہ لگی ہم سپہر بلا ہو کی روبرو چلین روز ازل اون سار زونکی فہرست کاتب قضا و قدر نی فرد جنت پر لکہی تہی شاہ و سپاہ کی شوکت و جاہ عالم ذر مین انبیا و مرسلین کی آنکہہ سی بیشتر گذری تہی مروی ہی و عنفتا ابن عباس علی ترک الحسین علیہ السلام فقال ان اصحاب الحسین لم ینقصوا رجلا ولم یزیدوا رجلا نعرفہم باسمائہم من قبل شہودہم کتاب مناقب شہر آشوب مین روایت کی ہی کہ ایکبار ندامت اور پشیمانی سی ابن عباس کو ملامت کی ہی کیون تمہی رفاقت امام حسین علیہ السلام کی چہوڑ دی جو رتبہ فوز عظیم سی شہادت طلبی جواب دیا بدرستی کہ اصحاب سیدالرسول سی کوئی ہو کم نہین ہوسکتا اور نہ اونمین ایک آدمی زیادہ ملایا جاتا شناخت اور شمار کی تہی وہ لوگ نام سی اپنی آبا و اجداد کی اور لکہی ہوی لوح محفوظ مین قبل پیدائش و ایجاد کی مروی ہی وقال محمد ابن الحنفیۃ وان اصحابہ عندنا لمکتوبون باسمائہم واسماء آبائہم ایساہی محمد ابن حنفیہ نی فرمایا کہ سب انصار و رفقای امام ابرار کی نام اور آبا کی اسم ہمارے پاس لکھی ہین

واما فعوا آتش ما اعتمد فوه من الرواية التي
والباقي البيوال ابنه محمد عليهما السلام
وكان لكل انسان منهم اتباع وتلامذة
في المغنى النبي يتقيدون به وانهم كانوا يشتغلون
من العراق الى الحجاز في كل عام او اكثر واقل
ثم يرجعون وينقلون عنه الاقوال ويسندون
اليه الاسئلات وكانت حالهم في وقت
الكاظم والرضا عليهما السلام على هذه الطريقة
وكذا الحال في وفاة ابي محمد العسكري عليهم السلام
وحصل العلم باختصاص هؤلاء بائمتنا عليهم
التام كما نعلم اختصاص ابي يوسف ومحمد
بن الحسن بابي حنيفة واختصاص النظام بابي
والربيع بالشافعي واختصاص الجاحظ والاسواري بالنظام
الهذيل في ...

چودھویں مجلس حالات صبح عاشور فضائل اولاد عقیل و عباس رضی اللہ عنہما

جو دفتر و ودائع ایمان میں بطور امانت خدا و رسول سے ملی ہیں لی عَنْ زِيَادِ بْنِ الْمُنْذِرِ عَنْ
سَالِمِ بْنِ أَبِي جَعْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ الْأَحْبَارِ يَقُولُ إِنَّ فِي كِتَابِنَا شيخ صدوق نے
امالی میں زیاد بن منذر سے نقل فرمائی ہے کہ سالم نے کہا کعب احبار ایک روز بیان کرتا تھا ہمنے یہ بات
اپنی کتاب میں لکھی پائی ہے أَنَّ رَجُلًا مِنْ وُلْدِ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللَّهِ يُقْتَلُ وَلَا يَجِفُّ
عَرَقُ دَوَابِّ أَصْحَابِهِ حَتَّى يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ فرزندان محمد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سے
ایک جوان مظلوم اور بیکس مارا جائیگا کہ اوسکی ہمراہیوں کی مرکبوں کا پسینا نہیں سوکھنے پائیگا جو ساتا
لشکر نزل جنت میں اوتر یگا اور اہل بہشت کی حور اور غلمان کو مسرور فرحت دیگا فَمَرَّ بِنَا الْحَسَنُ بْنُ
عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ فَقُلْنَا هٰذَا قَالَ لَا راوی کہتا ہے اسی حال میں امام حسن علیہ السلام کا ہماری
طرف سے گذر ہوا کعب سے پوچھا یہ ہیں وہ بزرگ بولا انکا پتا او میں نہیں ملتا فَمَرَّ بِنَا الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ
السَّلَامُ فَقُلْنَا هُوَ هٰذَا قَالَ نَعَمْ تھوڑی دیر میں امام حسین علیہ السلام کو سامنے آتے دیکھا دریافت کیا
جو تعریف کی تو نے یہ ویسے ہیں کہا ہاں قسم بخدا لی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ
لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّكَ لَتُحِبُّ عَقِيلًا قَالَ أَيْ أمالی میں
ابن عباس کی زبانی روایت کی ہے کہ ایک دن علی مرتضی نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ سے یہ بات
پوچھی ہے ای رسول مقبول آیا تم عقیل میری بھائی کو دوست رکھتے ہو سبب فرمایا تو تمہیں جو کہ بھی
قَالَ إِي وَاللَّهِ إِنِّي لَأُحِبُّهُ حُبَّيْنِ حُبًّا لَهُ وَحُبًّا لِحُبِّ أَبِي طَالِبٍ لَهُ خبر صادق نے ارشاد
کیا ہاں واللہ ایسا ہی ہے دو جہت سے او نپر بہت پیار آتا ہے ایک اوسکا ذاتی اخلاص محبوب ہے
دوسری چچا ابیطالب کی خاطر سے وَإِنَّ وَلَدَهُ لَمَقْتُولٌ فِي مَحَبَّةِ وَلَدِكَ
فَتَدْمَعُ عَلَيْهِ عُيُونُ الْمُؤْمِنِينَ وَتُصَلِّي عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ الْمُقَرَّبُونَ یا علی اولاد
عقیل تمہاری فرزند کی الفت و رفاقت میں ماری جائیگی اور اوسکی ذکر شہادت پر مومنین آنسو

۲۰۵

ولا يهم ثبت امامتهم بقضيتهم
على طهارتهم وعدالتهم ووجوب
فاذا كان الاجماع المتقدم ذكره حاصلا
الا بطائفة مسلم ابن يقول بامامته
الزكوات الا كما عنهم وهذا
من يقول الفرق كلها طالبون فاخذ

چودہوین مجلس ذکر صبح عاشورا فضائل عباس علی و مراتب شہدا

بہائینگی ملائکہ مقربین اون لاشون پر نماز پڑھینگی وفادار ادای حق طاعت پر اونکی درود بہیجین گے
ثُمَّ بَکیٰ رَسُوْلُ اللّٰہِ حَتّٰی جَرَتْ دُمُوْعُہٗ عَلٰی صَدْرِہٖ ثُمَّ قَالَ اِلَی اللّٰہِ اَشْکُوْا
مَا تَلْقیٰ عِتْرَتِیْ مِنْ بَعْدِیْ اس بیان حسرت ترجمان سے جناب رسولخدا ایسا روئی
یہان تک کہ آنسو دیدۂ حق بین کی جاری ہوئی فرمایا خالق سے جو امت کی شکایت کرونگا میری
جو اولاد کہ ضعف اور برباد ہوگی وہ مصیبت ہا ایسی کہ ہونگا مروی ہے عَنِ الثُّمَالِیِّ قَالَ نَظَرَ عَلِیُّ بْنُ
الْحُسَیْنِ سَیِّدُ الْعَابِدِیْنَ اِلٰی عُبَیْدِ اللّٰہِ ابْنِ عَبَّاسِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْطَالِبٍ عَلَیْہِمُ
السَّلَامُ فَاسْتَعْبَرَ ثمالی نے یہ حکایت پردرد اور محنت کی ایکروز علی ابن حسین علیہما السلام نے عبید اللہ
ابن عباس بن علی کی صورت دیکھی بی اختیار واقعہ کربلا یاد آیا آنکھونمین اشک کا جوش ہوا ثُمَّ قَالَ مَا مِنْ
یَوْمٍ اَشَدُّ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ مِنْ یَوْمِ اُحُدٍ قُتِلَ فِیْہِ عَمُّہٗ حَمْزَۃُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ
اَسَدُ اللّٰہِ وَاَسَدُ رَسُوْلِہٖ پھر فرمایا رسول دوسرا پر کوئی دن سخت نہین گذرا مانند غزوہ
احد کی + جسمین اونکی چچا حمزہ ابن عبد المطلب شیر کبریا اور اسد خیر الوری مارے گئی وَبَعْدَہٗ یَوْمُ مُوْتَۃَ
قُتِلَ فِیْہِ ابْنُ عَمِّہٖ جَعْفَرُ ابْنُ اَبِیْطَالِبٍ اوسکی بعد روز محنت و غم ایام جنگ موتہ کا کہ ابن عم
جعفر ابن ابیطالب اوس معرکہ مین شہید ہوئی ثُمَّ قَالَ وَلَا یَوْمَ کَیَوْمِ الْحُسَیْنِ اِذْ اِزْدَلَفَ اِلَیْہِ
ثَلَاثُوْنَ اَلْفَ رَجُلٍ یَزْعَمُوْنَ اَنَّہُمْ مِنْ ہٰذِہِ الْاُمَّۃِ کُلٌّ یَتَقَرَّبُ اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ
بِدَمِہٖ بعد ازان حسرت اور اندوہ سی زین العابدین علیہ السلام نی بیان کیا کہ ہرگز نہین تہا کوئی روز مانند روز
اوس کی جانسوز ورقت افزا مثال عاشورا کہ امام حسین علیہ السلام کو تیس ہزار اہل جفا نی گہیرا دعوی کرتی
تہی امت مین مسلمان ہونیکا اور ہر ایک اوسکی خون بہانی سی بہانہ ڈہونڈہتا تہا قرب خدا کا وَہُوَ
بِاللّٰہِ یُذَکِّرُہُمْ فَلَا یَتَّعِظُوْنَ حَتّٰی قَتَلُوْہُ بَغْیًا وَظُلْمًا وَعُدْوَانًا وہ حضرت اونکو اللہ رسول کی
عظمت دلاتی ہر چند موعظہ اور نصیحت سناتی مگر لشکر اشقیا اپنی جہد سی باز نہ آیا کہ بہت ظلم اور بیداد

چودہویں مجلس قبل صبح عاشورا فضائل عباس علی و مراتب شہدا

طغیان سے فرزند پیغمبر کو مارا۔ ثم قال رحم اللہ العباس فلقد آثر وابلی وفدی اخاہ
بنفسہ حتی قطعت یداہ پھر کہا اللہ رحمت کرے عباس کو کہ اپنے اہل و عیال کو بلا میں بھائی
نثار کیا حمایت اور نصرت و وفا میں جان سے ہاتھ اوٹھایا کہ دونوں شانے تیغ ستم سے کاٹے گئے بیشمار زخم
بدن پر لگے تا کہ پیاسے بے دم ہوئے فابدلہ اللہ عز وجل بہما جناحین یطیر بہما مع الملائکۃ
فی الجنۃ کما جعل لجعفر بن ابی طالب پس واہب العطایا نے عباس چچا کو دونوں ہاتھوں کے عوض
دو بال و پر بے حد عنایت کیے ہیں کہ فردوس بریں میں ہمراہ ملائکہ اونہی سے پرواز کرتے پھرتے ہیں جیسے کہ
دو پر کرامت کیے ہیں جعفر ابن ابیطالب کو بدلے ہاتھوں کے وان للعباس عند اللہ تبارک وتعالی
منزلۃ یغبطہ بہا جمیع الشہداء یوم القیامۃ بدرستی کہ واسطے عباس علی کے حضور
پروردگار میں اور بہت مراتب ہیں اعلی کہ روز حشر سارے شہدا کو مشاہدے سے اونکی غبطہ ہوگا
عن ابن عمار عن ابیہ عن ابی عبد اللہ قال قلت لہ اخبرنی عن اصحاب الحسین
علیہ السلام واقدامہم علی الموت کتاب علل شرایع میں ابن عمار اوس راوی نے اپنے باپ سے
روایت کی ہے کہ وہ کہتا ہے ابی عبد اللہ جعفر صادق علیہ السلام سے یہ بات پوچھی ہے خبر دو اصحاب
امام حسین علیہ السلام سے جو واقعہ کربلا میں گذرا اور اونکا مرنے کی واسطے بڑہنا کیونکر ہوا تھا فقال
انہم کشف لہم الغطاء حتی رأوا منازلہم من الجنۃ فرمایا اون کی چشم ظاہر سے
حجاب درمیان اوٹھ گئی ہے تا کہ رأی العین ہر ایک نے اپنی مقام جنت میں دیکھے فکان الرجل
منہم یقدم القتل لیبادر الی حوراء یعانقہا والی مکانہ من الجنۃ
یہی سبب اونکا باعث ہوا کہ ایک دوسرے پر سبقت کرتا رہا تا کہ جلدی جان تن سے نکلے
فردوس بریں میں حوروں کی گلے لگاوں جاوں میں چین کروں نعیم خلد قصر عالی میں
امالی ع عن الثمالی قال قال علی بن الحسین علیہما السلام کنت مع ابی

چودھویں مجلس کہ صبح عاشورا نمایش مراتب شہدا

فِي اللَّيْلَةِ الَّتِي قُتِلَ فِي صَبِيحَتِهَا کتاب علل الشرایع میں ثمالی سے روایت کی ہے کہ اوس
کہا امام زین العابدین علیہ السلام سے یہ حدیث سماعت کی ہے حضرت نے فرمایا میں اپنے والد کے
پاس تھا جس رات کی صبح کو جناب نے درجہ شہادت پایا فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ هٰذَا اللَّيْلُ فَاتَّخِذُوهُ
جُنَّةً فَإِنَّ الْقَوْمَ إِنَّمَا يُرِيدُونَنِي وَلَوْ قَتَلُونِي لَمْ يَلْتَفِتُوا إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ فِي
حِلٍّ وَسَعَةٍ میں کانوں سے یہ کلام کو سنا کہ وہ حضرت اپنے یاران باوفا سے ارشاد کیا اس رات میں
اندھیرا چھایا ہے کوئی کسی کو نہیں دیکھتا ہے ہر ایک دوسرے رفیق کا ہاتھ پکڑ لو جدھر چاہو میری
لشکر سے نکل کے چلے جاو میں اپنی بیعت تمہاری گردن سے اوٹھالی ہے اور رضامندی سے رفاقت کی اجازت دی
ہے اس لئے کہ یہ سب لوگ میری خواہاں ہیں اور میرے درپے ایذا کے آئے ہیں جب مجھی قتل کرینگے پھر
کسی کی تلاش میں نہ رہینگے فَقَالُوا لَا وَاللّٰهِ لَا يَكُونُ هٰذَا أَبَدًا اون بعاونت دینی یکبارہ انکار کیا کہا قسم
خدا کی ایسا ہرگز نہو کا ہم آپکو تنہا چھوڑیں اور پھر دنیا میں جیتے پھریں فَقَالَ إِنَّكُمْ تُقْتَلُونَ غَدًا كُلُّكُمْ
وَلَا يُفْلِتُ مِنْكُمْ حضرت نے کہا کہ تم سب کل مارے جاوگے ایک آدمی بھی موت سے نجات نپاوگے قالوا
الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي شَرَّفَنَا بِالْقَتْلِ مَعَكَ ساری انصار و اقربا نے جواب دیا کہ یہی صاحب تمہاری
ساتھ شہادت ملے تو یہ کرم ہی خدا کا فَقَالَ لَهُمْ ارْفَعُوا رُؤُوسَكُمْ وَانْظُرُوا شاہ اولیا نے جب ان کا
امتحان کر لیا تو فرمایا کہ اب ثابت قدم رہنا ذرا سر کو اونچا کرو ہر ایک اپنی مقام عالی کو دیکھو فجعلوا
يَنْظُرُونَ إِلَىٰ مَوَاضِعِهِمْ وَمَنَازِلِهِمْ مِنَ الْجَنَّةِ پس وہ نیکبخت اور بزرگان ہوئے ہر واحد نے درجہ
رفیعہ جنت اپنی آنکھوں سے ملاحظہ کیے وَهُوَ يَقُولُ لَهُمْ هٰذَا مَنْزِلُكَ يَا فُلَانُ وہ ہادی سبل نجات
نام لیکر ہر شخص کا اوسے بتاتے یہ تیرا گھر ہے اے فلان خلد میں پاویگا فَكَانَ الرَّجُلُ يَسْتَقْبِلُ الرِّمَاحَ
وَالسُّيُوفَ بِصَدْرِهِ وَوَجْهِهِ لِيَصِلَ إِلَىٰ مَنْزِلَتِهِ مِنَ الْجَنَّةِ یہ باعث اونکی شوق شہادت کا
ہوا تھا کہ ہر کوئی نیزہ اور تلوار کا زخم سینہ و سر پر کھانی کو بڑھتا رہا تاکہ جلدی گردن کٹا کے بہشت بریں میں

چودہوین مجلس امام پر پانی بند کرنا عمر کا پشت خیمہ کنوان کہودنا اور مشکین بہرنا عباس کا

جائی حور و نکو گلی سی لگائی نعیم جاودان ہین جین پائی فی الحقیقت محبت اور الفت اسی کہتی ہین اور
اہل مودت جان و مال کو بیدریغ رکہتی ہین خوشا حال اوسکا جو راہ دوستی عترت رسالت مین ثابت قدم ہی
اور واسطی خوشی کی اظہار مسرت اور عزا مین نالہ و غم کری ایام ماتم کو اہلبیت رسول کی رونی پیٹنی مین
گذرانی شام و صبح بساط اندوہ پر واسطی امام حسین علیہ السلام کی خاک چہانی و حسرتاکہ زاری اور بیقراری
کی ون ائی چاہیی سیم سوگواری کو ہر محب بجالائی نظم لمولفہ یاد آتی ہی جہان شہ کی مصیبت مجہکو
آہ و فریاد سی ہوتی نہین فرصت مجہکو دل تڑپتا ہی غم و درد سی بسمل کی مثال جب کیا ذکر حسین آگئی
رقت مجہکو نام پر قاسم و عباس و علی اکبر کی فرط اندوہ مین ہی جوش کی حالت مجہکو رہ مین ہر گاہ کوئی
خستہ مسافر دیکہا دہیان مین آئی وہین شاہ کی غربت مجہکو دل مین آیا جو کہین پیاس کا مولا کی خیال
پانی پینی سی نہین ہوتی ہی راحت مجہکو بخت و اقبال کی تا ہید ہو ناظم پہر ہی کربلا کی جو میسر ہو زیارت مجہکو

مجلس مصائب روز عاشورا و لشکر آرائی حضرت و شہادات حر با وفا

صف آرایان سپاہ نالہ دابتہال و طرفداران شاہ اندوہ و ملال دلاوران ثابت قدم واقعہ مصیبت
و مجاہدان سر فروش معرکہ رقت غازیان میدان زاری و ماتم و پیش تازان نشان سوگواری و الم و ثبت
استحان نوحہ و بکا مین یون سینہ سپر ابتلای عزا ہوتی ہین کہ جب سپاہ فراہم راہ خدا کا لشکر تمنیع جفا کیش ستمگار نی پہنچا
اور حجۂ مرد و مردان یاد کا چارون طرف سی ہجوم و شور ہوا ابتک بلائی نام آوران اصحاب نے سبا
باوفا کا جائزہ لیا اور مولیان صدق و صفا نی ایثار مال و جان کا اقرار و اتفاق کیا و ورد کتاب
ابن زیاد فی الاثر الیہ ان حل بین الحسین و اصحابہ و بین الماء فلا یذوقوا منہ
قطرۃ کما صنع بالتقی عثمان بن عفان عمر سعد کو اوس جلاد کا نامہ پہونچا کہ امام حسین علیہ السلام
اور اصحاب حضرت پر پانی بند کرنا چنانچہ ایک قطرہ بہی نہ دینا جیسا کہ پیاسا عثمان ابن عفان کو رکہا

٣٠٩

چودہوین مجلس امام پر پانی بند کرنا عمر کا پشت خیمہ کنوان کہودنا عباس کا مشکین بہر لانا

فَبَعَثَ ابْنُ سَعْدٍ فِی الْوَقْتِ عَمْرَو بْنَ الْحَجَّاجِ فِی خَمْسِمِائَةِ فَارِسٍ فَنَزَلُوا عَلَی الشَّرِیعَةِ
وَحَالُوا بَیْنَ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِهٖ اَنْ یَسْقُوا مِنْهُ قَطْرَةً اوس خونخوار نی فورا عمرو بن حجاج کو
پانسو سوارونکی بہیجا تاکہ نہر فرات کی گہاٹ مین سپاہ امام حسین علیہ السلام کو پانی بہرنی سی روکا و ذلک
قَبْلَ قَتْلِ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ بِثَلَاثَةِ اَیَّامٍ یہ بندش پانی کی جب ہوئی تین روز شہادت کی
پہلی امام حسین علیہ السلام کی ساتوین محرم تہی وَاَضَرَّ الْعَطَشُ بِالْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِهٖ راوی کہتا ہی کہ
امام حسین علیہ السلام اور اونکی صحابہ پر عطش کا غلبہ ہوا خیمۂ حرم محترم مین عورات و اطفال کو پیاس نی
بیتاب کیا فَاَخَذَ الْحُسَیْنُ فَاْسًا اِلٰی وَرَاءِ خَیْمَةِ النِّسَاءِ فَخَطَا فِی الْاَرْضِ تِسْعَ عَشَرَةَ خُطْوَةً
نَحْوَ الْقِبْلَةِ اوسوقت امام بحر و بر ایک کلنگ لیکی پشت سرا پردہ اہلبیت کو آئی اور شرقی اونیس قدم
گنکر جانب قبلہ پر بڑہائی ثُمَّ حَفَرَ هُنَالِكَ فَنَبَعَتْ لَهٗ عَیْنٌ مِنَ الْمَاءِ الْعَذْبِ دست حق
پرست سی وہ کلنگ زمین پر مارا تہوڑا کہودا تہا جو فرزند ساقی کوثر کی اعجاز سی آب شیرین کا چشمہ نکلا
فَشَرِبَ الْحُسَیْنُ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَشَرِبَ النَّاسُ بِاَجْمَعِهِمْ وَمَلَئُوا اَسْقِیَتَهُمْ
ثُمَّ غَارَتِ الْعَیْنُ فَلَمْ یُرَ لَهَا اَثَرٌ اوس تشنہ کام زلال شہادت اور تمام سپاہ و اہلبیت نی
وہ پانی پیا مشکین بہر لین دواب کو بہی سیراب کیا پہر وہ چشمہ ایسا غائب ہوا کہ آیندہ کبہی نشان اوسکا
نہ دیکہا وَبَلَغَ ذٰلِكَ ابْنَ زِیَادٍ فَاَرْسَلَ اِلٰی عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ بَلَغَنِی اَنَّ الْحُسَیْنَ یَحْفِرُ
الْاٰبَارَ وَیُصِیبُ الْمَاءَ فَیَشْرَبُ هُوَ وَاَصْحَابُهٗ یہ ماجرا پانی اور چشمہ کا جو گوش ابن زیاد تک
پہنچا بہت جوش عتاب اور خطاب سی عمر سعد کو پیام بہیجا مینی سنا ہی کہ امام حسین کنوان کہود کی
پانی نکال کی آپ اور اونکی اصحاب پیتی ہین فَانْظُرْ اِذَا وَرَدَ عَلَیْكَ كِتَابِی فَامْنَعْهُمْ مِنْ
حَفْرِ الْاٰبَارِ مَا اسْتَطَعْتَ وَضَیِّقْ عَلَیْهِمْ وَلَا تَدَعْهُمْ یَذُوقُوا الْمَاءَ میری خبردار ہو جس
حکمنامہ کو پاتی ہی چاہیی کہ تدارک محاصرہ اور ضیق اوقات پیش آئی جہان تک ہوسکی کنوان کہودنی

۴۱۰

چودہویں مجلس امام پر پانی بند کرنا عمر کا نہر سے عباس کا مشکیں بھر لانا پشت پر کتوان کھونا

منع کرنا اور ایسا تنگ پکڑنا کہ قطرہ پانی پینے نہ پایا وَافْعَلْ بِهِمْ كَمَا فَعَلُوا بِالزَّكِيِّ عُثْمَانَ
سکو پیاسا مارنا جیسا کہ عثمان زکی سے اعدائی نے فَعِنْدَهَا ضَيَّقَ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ عَلَيْهِمْ غَايَةَ
التَّضْيِيقِ راوی کہتا ہے اسکے بعد عمر سعد نے بہت سخت گیری کی اور شکر سرورین ایک بوند
پانی کی پہنچنے نہ دی فَلَمَّا اشْتَدَّ الْعَطَشُ بِالْحُسَيْنِ دَعَا بِأَخِيهِ الْعَبَّاسِ فَضَمَّ إِلَيْهِ
ثَلَاثِينَ فَارِسًا وَعِشْرِينَ رَاجِلًا وَبَعَثَ مَعَهُ عِشْرِينَ قِرْبَةً ہرگاہ امام اور سرور نامینگ
پیاس کا غلبہ ہوا برادر باجان برابر عباس دلاور کو بلایا فرمایا ای بھائی تیس شاک اور کچھ سوا
اسپ و شتر کی بیجا وہ سب تشنہ لب مرتے ہیں پانی لا کی پلاو فَأَقْبَلُوا فِي جَوْفِ اللَّيْلِ حَتَّى دَنَوْا
مِنَ الْفُرَاتِ وہ غضنفر اپنی ہمراہی کی شب تاریک میں بڑھا تا کہ نہر فرات کی ساحل پہ وارد ہوا
فَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْحَجَّاجِ مَنْ أَنْتُمْ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ الْحُسَيْنِ قَالَ هِلَالُ
بْنُ نَافِعٍ الْبَجَلِيُّ ابْنُ عَمٍّ لَكَ جِئْتُ أَشْرَبُ مِنْ هَذَا الْمَاءِ اندھیری میں نگہبانان نہر کی سردار
عمرو بن حجاج نے پوچھا تم کون لوگ ہو ایک شخص ہلال بن نافع انصار امام حسین علیہ السلام سے ہمراہیوں
وہ بولا تیرے چچا کا بیٹا میں آیا ہوں تھوڑا پانی پینے کو چاہتا ہوں فَقَالَ عَمْرٌو اشْرَبْ هَنِيئًا
فَقَالَ هِلَالٌ وَيْحَكَ كَيْفَ تَأْمُرُنِي أَنْ أَشْرَبَ وَالْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ وَمَنْ مَعَهُ يَمُوتُونَ
عَطَشًا عمرو نے کہا تمہیں گوارا ہو پینا ہلال نے جواب دیا وای اوپر تیری ای دشمن خدا مجھے پانی کی اجازت
دیتا ہے اور امام حسین فرزند علی مرتضی علیہما السلام کو مع رفقا پیاسا مارتا ہے فَقَالَ عَمْرٌو صَدَقْتَ
وَلَكِنْ أُمِرْنَا بِأَمْرٍ لَا بُدَّ أَنْ نَنْتَهِيَ إِلَيْهِ عمرو چلا یا سچ کہتا ہے لاکن جو حکم دیا وہ ہمیں بجالانا ہے
فَصَاحَ هِلَالٌ بِأَصْحَابِهِ فَدَخَلُوا الْفُرَاتَ وَصَاحَ عَمْرٌو بِالنَّاسِ وَاقْتَتَلُوا قِتَالًا
شَدِيدًا ہلال پکارا ہمراہیوں سے جلدی فرات میں دوڑ کی پانی بھر لینا عمرو نے لشکر شقی کو للکارا خبردار
پینے نہ دینا فَكَانَ قَوْمٌ يُقَاتِلُونَ وَقَوْمٌ يَمْلَئُونَ حَتَّى مَلَئُوهَا وَلَمْ يُقْتَلْ مِنْ أَصْحَابِ

۴۱۱

چودہویں مجلس عمر کا امام پر پانی بند کرنا نصرت عباس کا مشکیں بھر لانا پشت خیمہ کنواں کھودنا

الحسین احد پس عباس نہنگ دریای شجاعت آگی بڑہی تا تلاطم جنگ میں موج آب تیغ و کہائی ہی
تاکہ رفقا مشکیں بھر کی نہر سی باہر نکلی آپسمیں رد و بدل کی ہتھیار بہت چلی لاکن اس لڑائی میں کوئی
ملازمان امام سی مارا نہ گیا گو ہر مراد شنا ور ان بحر سعادت کی ہاتھ آیا ثُمَّ رَجَعَ الْقَوْمُ اِلٰی مُعَسْکَرِهِمْ
فَشَرِبَ الْحُسَيْنُ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ وَلِذٰلِكَ سُمِّيَ الْعَبَّاسُ السَّقَّا اپنی لشکرگاہ میں
صحیح و سالم جب غازیوں کا ورود ہوا اوس پانی کو شاہ تشنہ لبان امام حسین علیہ السلام اور ساری
اندر باہر کی زن و مرد نی پیا اسیواسطی عباس علی کا نام سقہ کہا ہی کہ شب عاشورا کو پانی لا کی
اہل حرم کو سیراب کیا ہی ثُمَّ خَرَجَ الْحُسَيْنُ اِلٰی اَصْحَابِهٖ فَاَمَرَهُمْ اَنْ يُقَرِّبَ بَعْضُهُمْ بُيُوتَهُمْ
مِنْ بَعْضٍ فَيَسْتَقْبِلُوا الْقَوْمَ مِنْ وَجْهٍ وَاحِدٍ پھر وہ سردار شہید ان حق نی اپنی اصحاب کیطرف
قدم بڑہایا اور خیمہ او کہا نی آپسمیں ملا کی برپا کرنی کو امر کیا تا آمد و رفت عدو ایک جانب ہو کری
پیچھی اور داہنی بائیں راہ باقی نہ رہی مبادا وہ اشقیا حرم سرا پر ہجوم لائیں غارت اسباب و بی حرمتی
اہلبیت پیش آئیں وَرَجَعَ اِلٰی مَكَانِهٖ فَقَامَ اللَّيْلَ كُلَّهُ يُصَلِّيْ وَيَسْتَغْفِرُ وَيَدْعُوْهُ
وَيَتَضَرَّعُ وَقَامَ اَصْحَابُهٗ كَذٰلِكَ يَدْعُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ پس امام عابد زار
پھر کی اپنی خاص مکان اشرف میں گئی ساری رات سجادہ عبادت پر محو نماز اور استغفار و دعا رہی
کبھی قیام صلوٰۃ پر قدم بڑہاتی گاہی مناجات کو ہاتھ اوٹھاتی اوس پیشوای دین کی ایسی ہی اصحاب
یقین تہی کہ ہر دم مشغول طاعت رب العالمین ہی دو لیالی جمعہ دختران ہر اپر تو الی غم اور آفت
کہ شیم موالی اہلبیت نی وہ شکستہ حالی کی راتیں کبہی نہ دیکھیں ایک نوزدہم ماہ رمضان جسمیں ام کلثوم بیدار
رکوع و قیام پدر سی بیقرار تہیں دوسری شب پر تعب عاشورا کہ زینب خاتون بلا ختلہ نماز او قربان
برادر کی بیچہاڑیں کہاتیں کہ ہای ہای یہ بدن ناز پرورده رسالت پناہی جو یاد الہی میں جان سی
بیچین ہی کل زخموں سی فگار ہوگا اور یہ سر و گردن جو سینہ بتول پر پلا ہی تبکو و مسبود میں ختم ہوتا ہے

چودہویں مجلس لشکر آرائی سید الشہدا روز عاشورا

اوسیہ خنجر ابدا پہر بکا کبھی سر اسیمہ گوشہ میں جا کی تنہا زمین پر بیٹھتی اندیشہ مرگ برادر میں رو رو کی
سینہ اور چھاتی کو پیٹتی عترت پیغمبر میں سب سے زیادہ تین بزرگوار لحظہ بھر نیند نہ آئی مانند چشم انجم و چشم
بیداری میں سحر تک آنکھ نہیں جھپکائی اول سید الشہدا کہ ذکر خدا میں علی الاتصال جاگتی گذرا دوسری عباس
باوفا کہ پاسبانی ناموس برادر میں قرار نہ لیا تیسری زینب خاتون کہ فرط تشویش میں بھائی کی آرام
نہ کیا یا رقت کا جوش رہا یا امام حسین علیہ السلام کو جا کی دیکھا یا سید سجاد کا حال مرض پوچھا دستور ہے
جس گھر سی کوئی شخص سفر کو جانی والا ہوتا ہی رات بھر عورات اہل خانہ میں طیاری زاد راہ کا چرچا رہتا
مجھ کو مسافری باری باری سب عزیز گلی ملتی ہیں اسید مراجعت پر ایام فراق کو دعا و تمنای لقا میں
بسر کرتی ہیں پس تصور کرو خاندان رسول میں اوس رات کہ جب بائیس ہزار لشکر اعدا عازم قتل کھیری تھا
ہر بی بی کو بھائی بیٹی کی ماری جانیکا یقین تھا تشویش سی کیا دل تڑپتا ہوگا جس شکل سے کہ مانند امام حسین
علیہ السلام بھائی مارا جائی زینب خواہر کی جیکو کب چین آئی جس آنکھ کی فخر کو شکل علی اکبر بیٹا جیسی کی اوسی
بھائی سر کٹائی ام لیلی ماں کی جگر کو تسلی سی کیونکر قرار ہو چھاتی میں دم سمائی دل اور کلیجا در قاسم کا پال پال کر
ملال تھا کہ حسن مجتبی کا لال ہم سندی کل روندا جائیگا ربابہ کی سینہ سی تیر اندوہ اور قلق پار گذرتا
کہ جان و جگر علی اصغر ناوک ستم سی نگار ہوگا لشکر امام حسین علیہ السلام میں شب بھر آواز تسبیح و تہلیل و تضرع و زاری
بلند ہوتی کہ عالم ملکوت میں فرشتوں کی روح کو وہ آوازیں کی دریاؤں کی ... واصبح علیہ السلام
فعبا اصحابہ بعد صلوة الغداة یعنی بعد ادای فرض اور سنت و منتہای شوق شہادت امام
صبح کی اور جماعت صحابہ نی وہ نماز آخری اپنی مقتدا کی پیچھی پڑھی بعد از وظائف و تعقیب سلاح ... او
اسلحہ جہاد بدن پر سجی ہوی خیمہ سی برآمد ہوی اقربا و انصار نی صف ادب میں ادای تحیت اور سلام
حضرت کی نگاہ حسرت و یاس میں سب کے جمال و کمال کو دیکھا ادا فقی ... آئی ہوا کہ خدا ...
ایکجا کا جینا و بانی تھی جیسی یکتائی عرصہ وفا ... الشہید کو ہاتھ آئی تھی وکان

مَعَهُ اِثْنَانِ وَثَلَاثُونَ فَارِسًا وَاَرْبَعُونَ رَاجِلًا وَقَالَ السَّيِّدُ رُوِيَ عَنِ الْبَاقِرِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنَّهُمْ كَانُوا خَمْسَةً وَاَرْبَعِيْنَ فَارِسًا وَمِائَةَ رَاجِلٍ حضور مسعود مین اوس بزرگوار کی تیس اور دو سوار اور چالیس پیادونکا شمار ہوا۔ پھر دوسری روایت مین سید مرتضی نے امام محمد باقر علیہ السلام سے نقل کیا کہ چالیس اور پانچ سوار اور سو پیادونکا پرا تہا جو عرصۂ امتحان مین دین کے ثابت قدم تہے فَجَعَلَ زُهَيْرَ بْنَ الْقَيْنِ فِي مَيْمَنَةِ اَصْحَابِهِ وَحَبِيبَ بْنَ مُظَاهِرٍ فِي مَيْسَرَةِ اَصْحَابِهِ اوس وقت بادشاہ جلیل اور فخر ذریۂ جلیل نے اپنی سپاہ قلیل کو موافق رویۂ جدال ترتیب دیا اور بتکمیل قواعد جنگ سے مقدمہ اور ساقۂ میدان قتال مین نظام کیا میمنہ اصحاب میمون کو زہیر ابن قین کی دم سے زینت بخشی اور میسرۂ اصحاب ہمایون مین حبیب ابن مظاہر کی قدم سے رونق دی وَاَعْطَى رَايَتَهُ اَخَاهُ الْعَبَّاسَ بْنَ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ علم ہدایت پرچم اپنے بہائی عباس علی کو عنایت فرمایا اور اس شان جاہ و حشم سے اونکا رتبہ حمزہ و جعفر کی شان سے دوبالا بڑہایا وَجَعَلُوا الْبُيُوتَ فِي ظُهُورِهِمْ وہ پیشوای دو جہان پیادہ و سوار کی صفین باندہکی کہڑی ہوئی اور خیام حرم محترم اپنی پشت کی پیچہے کئی وَاَمَرَ بِحَطَبٍ وَقَصَبٍ كَانَ مِنْ وَرَاءِ الْبُيُوتِ اَنْ يُتْرَكَ فِي خَنْدَقٍ كَانَ قَدْ حُفِرَ هُنَالِكَ وَاَنْ يُحْرَقَ بِالنَّارِ مَخَافَةَ اَنْ يَاْتُوهُمْ مِنْ وَرَائِهِمْ امام مین پناہ ملاذ مان درگاہ کو اگرچہ تا سراپردۂ عصمت کے تین طرف خندق کہود دینی اور انبار ہیزم کا اوس ہیزم سے معمور اسی لاکی او میمن کہر ہی حب سے ذرا کیشہ اعداء سے آتش قتال فی اشتعال پایا اور میدان رزم نار بیم طغیان سے گرم ہوا تو پہر خندق مین جو کہا تہا آگ سے جلانی کو حکم دیا اس اندیشی مین یہ تدبیر کی جو آسیب دشمن سے چین مباد وہ اشقیا پشت سر خواہ پہلو سے حملہ کرین وَاَصْبَحَ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَهُوَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَقِيلَ يَوْمُ السَّبْتِ فَعَبَّا اَصْحَابَهُ وَخَرَجَ فِيمَنْ مَعَهُ مِنَ النَّاسِ نَحْوَ الْحُسَيْنِ فَجَعَلَ عَلَى مَيْمَنَتِهِ عَمْرَو بْنَ الْحَجَّاجِ وَعَلَى مَيْسَرَتِهِ

چودہوین مجلس لشکر آرائی سید الشہدا و عمر سعد پرجفا

شمر ذی الجوشن او سدن جو روز جمعہ تہا اور قول ضعیف سے ہفتہ بہی کہا عمر سعد فی وشت
نبرد مین سپاہ روسیاہ کا یون انتظام قرار دیا کہ غول میمنہ مین عمرو بن حجاج کو اور انبوہ میسرہ پر شمر
نابکار کو سردار کیا وعلی الخیل عروۃ بن قیس وعلی الرجالۃ شبث بن ربعی سواروں پر
عروہ ابن قیس کو افسر بنایا اور پیادوں کا شبث ابن ربعی کو ہند وبست بتایا واعطی الرایۃ دریدا
مولاہ وکانوا اثنین وعشرین الفا وفی روایۃ عن الصادق علیہ
السلام ثلاثین الفا علم ضلالت شیم درید اپنی غلام کو سونپا اور اس طیاری لشکر سے قتال آل
رسالتمین بڑہا ایک روایت مین بیس اور دو ہزار اشرار کا مجمع لکہا ہی اور حضرت صادق علیہ السلام کی
زبانی تیس ہزار کو ذکر کیا ہی اسقدر فوج کہ مانند سیل کے سارے میدان مین موج زن ہوئی فقط ایک سیط
رسول او زادہ بتول کی سمت سے جدا کرنی کی لئی وارد رن ہوئی تمام صحرا و بیابان سوار او پیادہ سی
نظر آتا ہر شقی و دعلی مارنی جوانان آل نبی کی تلوار اور نیزہ چمکاتا آواز دہل او نقارہ سی دل اہلبیت
دہل جاتا شور وغوغا لشکر کی وہم سینی مین نہ سماتا خیمون مین پانی کی نایابی سی چہوٹی بڑون پر پیاس کا
ہر طرف خندق مین آگ جو بہڑکی تو گرمی نی ہوش پراگندہ کیا وہ بچونکا آفت سی گہبرانا دریائی تشویش کو
عورتکا در پر ہجوم انا ثم دعی الحسین علیہ السلام براحلتہ فرکبہا ونادی باعلی
صوتہ یا اہل العراق وجلہم یسمعون جب دو لشکر مین مقابلہ نوبت کارزار کا ہوا اسلام کی
سا سنا رزم و پیکار مین کہاں ایک ڈوش سید ثقلین حضرت امام حسین علیہ السلام نی اپنی سواری کا ناقہ
صبا رفتار منگایا اوسکی پشت پر جلوہ فرما کی شان سید سکرا سی معرکہ کارزار مین بڑہایا مثال آفتاب
نصف النہار درمیان میدان کہڑی ہوکی آواز بلند سی پکارا ہیبت غضنفری شوکت حیدری سکندری
ساری اولن پر دلونکو لگا رکہا ای امت بیدین ذرا ٹہرو گوش ہوش سی میرا کلام سنو یا اعدای
آنشین قہر خدا سے بچو ثم حمد اللہ واثنی علیہ وصلی علی النبی فلم یسمع متکلم قط

من تالیہ علیہ السلام الکلام فی الکتاب وسیاتی ذکر بعضہم فیما یاتی من
الکتاب فیما اوردناہ ہہنا کفایۃ فی ذکر النصوص
الثالثۃ علی امامتہ علیہ السلام من الائمۃ
علیہم السلام سوی ما تقدم من ذکر
جملۃ الاثنی عشر ثلاثۃ فصول الفصل
الاول فی ذکر اثبات النص علی امامتہ علیہ
السلام من طریق الاعتبار اما اثبات الدلیل
العقلی و وجوب الامامۃ فی کل زمان
ثم ان عادۃ التکلیف ...

۲۱۵

اصحابہ علیہ السلام من ولدہ القائم
ثبت امامتہ علیہم السلام
حق فیج النص عن اقوال الائمۃ
لا یحتاج معہ فی الامامۃ الی روایۃ النص
و تفاد ما جاء فیہا من الروایات والاخبار
القیام بنفسہ فی قضیۃ العقل و شہود صحیح
الاعتبار علی انہ قد سبق النص علیہ من النبی
صلی اللہ علیہ وآلہ ثم من امیر المومنین علیہ
السلام ثم من الائمۃ علیہم السلام واحدا بعد واحد
الی ابیہ علیہم السلام ...

ثم ذکر الاخبار الواردة عن آبائه علیهم السلام فی ذلک سوی ما ذکرناه فیما تقدم من الکتاب حذفنا اسانیدها طلباً للاختصار من ارادها فلیطلبها من کتاب اکمال الدین للشیخ ابی جعفر بن بابویه قدس الله روحه فما جاء عن النبی صلی الله علیه وآله فی ذلک ما رواه جابر بن یزید الجعفی عن جابر بن عبد الله الانصاری قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله المهدی من ولدی اسمه اسمی وکنیته کنیتی اشبه الناس بی خلقاً وخلقاً تکون له غیبة وحیرة تضل فیها الامم ثم یقبل کالشهاب الثاقب یملأها عدلاً وقسطاً کما ملئت ظلماً وجوراً وروی ابو بصیر عن ابی عبد الله عن ابیه عن آبائه علیهم السلام قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله المهدی من ولدی اسمه اسمی وکنیته کنیتی اشبه الناس بی خلقاً وخلقاً تکون له غیبة وحیرة حتی یضل الخلق عن ادیانهم فعند ذلک یقبل کالشهاب الثاقب فیملأها عدلاً وقسطاً کما ملئت ظلماً وجوراً

چودہویں مجلس شکر آرائی روز عاشورا ادای خطبہ سید الشہدا

قَبْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ اَبْلَغَ فِیْ مَنْطِقٍ مِنْهُ بعد ازان اوس فرزند وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی مصطفیٰ نے
بلاغت میں حمد و ثنای الہی کا خطبہ پڑہا اور خیر الوریٰ نبی ہدیٰ کی نام پر تحفۂ سلام اور درود بہیجا کہ ایسا
قبل میں کسی گوینده نی ہرگز انشا نہیں کیا تہا اور نہ پہر کبہی ویسا اچہا حق آشنا ساعت میں آئیگا ثُمَّ قَالَ
اَمَّا بَعْدُ فَانْسُبُوْنِیْ وَانْظُرُوْا مَنْ اَنَا ثُمَّ ارْجِعُوْا اَنْفُسَکُمْ وَعَاتِبُوْهَا فَانْظُرُوْا
هَلْ یَصْلُحُ لَکُمْ قَتْلِیْ وَانْتِهَاکُ حُرْمَتِیْ پہر فرمایا ای گروه پر دغا کیا مجہی بہلادیا اب میری حال و نسب میں
بتوجہ دیکہو میں کون ہوں اپنی گریبان میں منہ ڈالو ذرا نفس شقی کو ملامت کرو آیا جائز ہی کہ ظالم
ستم سی مجہی مارو اور میری حرم محترم و ذریت پیغمبر کو لوٹو حق اہل بیت مصطفیٰ و حرمت رسول کو تم لوگ
نہ کہو اَلَسْتُ ابْنَ بِنْتِ نَبِیِّکُمْ وَابْنَ وَصِیِّهِ وَابْنِ عَمِّهِ وَاَوَّلِ الْمُؤْمِنِیْنَ الْمُصَدِّقِیْنَ
لِرَسُوْلِ اللهِ آیا میں تمہاری نبی رحمت کی دختر کا خلف اور وصی و ابن عم سید البشر کا پسر نہیں ہوں
جو پہلے سب مومنین سی ایمان لایا حبیب خدا کو تصدیق کیا اوسکا دلبر نہیں ہوں اَوَلَیْسَ حَمْزَةُ سَیِّدُ
الشُّهَدَاءِ عَمِّ اَبِیْ اَوَلَیْسَ جَعْفَرُ الطَّیَّارُ فِی الْجَنَّةِ بِجَنَاحَیْنِ عَمِّیْ آیا تم نہیں جانتی کہ حمزۂ سید الشہدا
میری والد کی چچا ہیں کیا نہیں پہچانتی کہ جعفر طیار بہشت میں پرواز کرنیوالی میری عم باوفا ہیں اَوَلَیْسَ
فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ اُمِّیْ اَوَلَیْسَ الْحَسَنُ الْمُجْتَبٰی اَخِیْ کیا فاطمۂ زہرا سیدة النسا بنت محمد مصطفیٰ مادر گرامی
نہیں کیا حسن مجتبیٰ سبط شاہ انبیا میرا برادر ساعی نہیں اَوَلَمْ یَبْلُغْکُمْ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللهِ لِیْ
وَلِاَخِیْ هٰذَانِ سَیِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ کیا تمکو یہ شرف و کرامت کی خبر نہیں پہونچی
حدیث پیغمبری میری اور برادر نامور کی حق میں کہی کہ یہ دونو سردار جوانان اہل جنت میں اور برگزیده
پیاری برگزیده رب العزت ہیں فَاِنْ صَدَّقْتُمُوْنِیْ بِمَا اَقُوْلُ فَهُوَ الْحَقُّ لَمْ تَتْرُکُوْنِیْ وَلَا تَقْتُلُوْنِیْ
اگر تم نی میرا قول باور کیا ہی تو کیوں قتل پر مجہکو آماده ہو اسکا باعث کیا وَاِنْ کَذَّبْتُمُوْنِیْ فَاِنَّ فِیْکُمْ
مَنْ اِذَا سَاَلْتُمُوْهُ عَنْ ذٰلِکَ اَخْبَرَکُمْ اگر ان باتوں میں فرق جانتی ہو تو اوسی سی جو خبر دینیوالی ہو

۲۱۶

وقال علی بن موسی الرضا علیه السلام ... الخامس من ولدی ... المنتظر ... الامام بعدی ... تجری فیه سنن الانبیاء ... القائم المنتظر ... علیهما السلام ... یملأها عدلاً وقسطاً کما ملئت ظلماً وجوراً

چودہوین مجلس متحتاج سید الشہدا روز عاشورا

اِسْاَلُوْا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیَّ وَاَبَا سَعِیْدِ الْخُدْرِیَّ وَسَهْلَ بْنَ سَعْدِ
السَّاعِدِیَّ وَزَیْدَ بْنَ اَرْقَمَ وَاَنَسَ ابْنَ مَالِكٍ یُخْبِرُوْکُمْ اَنَّهُمْ سَمِعُوْا هٰذِهِ
الْمَقَالَةَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ لِیْ وَلِاَخِیْ اَمَا فِیْ هٰذِهٖ حَاجِزٌ لَکُمْ عَنْ سَفْكِ دَمِیْ
پوچھو صحابۂ نبوی سے جنہون نے یہ کلام خاتم المرسلین سے سنا ہے اور یہ سب ہماری مرتبہ تو قیر و عزت کے
دیکھا ہے آیا ان فضایل اور بزرگی سے جو حاصل ہے مجھے مانع ہے کوئی بات ایسی نہین جو مزاحم ہو تمکو بہاتی ہیں
فَقَالَ لَهٗ شِمْرٌ هُوَ یَعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰی حَرْفٍ اِنْ کَانَ یَدْرِیْ مَا یَقُوْلُ شمر شریر بولا کہ امام
حسین علیہ السلام عبادت اسکی کرتی ہین اور ہم اونکا کلام نہین سمجھتی کیا کہتی ہین ثُمَّ قَالَ
لَهُمُ الْحُسَیْنُ فَاِنْ کُنْتُمْ فِیْ شَكٍّ مِنْ هٰذَا اَفَتَشُکُّوْنَ اِنِّیْ ابْنُ بِنْتِ نَبِیِّکُمْ بعد اوسکے
امام حسین علیہ السلام نے فرمایا اَیُّهَا النَّاسُ اگر اس مین شبہ رکہتی ہو آیا اس مین بھی کہ مین بنت رسول کا بیٹا ہون
مجھے نہین پہچانتی ہو فَوَاللّٰهِ مَا بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ابْنُ بِنْتِ نَبِیٍّ غَیْرِیْ فِیْکُمْ وَلَا فِیْ
غَیْرِکُمْ واللہ کہ مشرق سے مغرب تک درمیان تمہاری سوای میری کوئی فرزند دختر پیغمبر نہین ہی
اور ساری جہان مین اگر تلاش کرو سبط مصطفیٰ دوسرا کہین نہین وَیْحَکُمْ اَتَطْلُبُوْنِیْ بِقَتِیْلٍ مِنْکُمْ
قَتَلْتُهٗ اَوْ مَالٍ لَکُمْ اِسْتَهْلَکْتُهٗ اَوْ بِقِصَاصٍ مِنْ جِرَاحَةٍ ہای افسوس کہو دامن میری کس گناہ پر پکڑتے ہو
کہ میری تمہارا کوئی عزیز مارا ہے جو اوسکا خون بہا لینے کو میری قتل پر ہجوم کیا ہے یا تمہارا کسیکا مال
تصرف مین لیا ہے یا کسیکا بدن میری ہاتھ سے مجروح ہوا ہے جو اوس قصاص کو اپنی چاہتی ہو
ورنہ بے سبب آل نبی پر کیون دست جفا اوٹھاتی ہو فَاَخَذُوْا لَا یُکَلِّمُوْنَهٗ سب وہ جفا شعار
خاموش ہو رہے جواب امام برحق مین کچھ نہ بولے فَنَادٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ یَا شَبَثَ بْنَ رِبْعِیٍّ
یَا حَجَّارَ بْنَ اَبْجَرَ یَا قَیْسَ بْنَ الْاَشْعَثِ یَا یَزِیْدَ بْنَ الْحَارِثِ اَلَمْ تَکْتُبُوْا اِلَیَّ اَنْ قَدْ اَیْنَعَتِ
الثِّمَارُ وَاخْضَرَّ الْجَنَابُ وَاِنَّمَا تَقْدَمُ عَلٰی جُنْدٍ لَكَ مُجَنَّدَةٍ اور وقت حجت کردگاری

چودھوین مجلس احتجاج سید الشہدا نزول نصرت کا روز عاشورا

کوفہ کا نام لی کی پکارا یا شبث و یا حجار و یا قیس و یا یزید تمنی مجھی نہین لکھا تھا کہ درخت میوہ لرائی ہین
اور سبزۂ بیابان و صحرا لہرائی ہین لشکر اپکی لیی مہیا ہوی ہین جلد آو کہ ہم تمہاری انتظار نصرت مین راہ
دیکھہ رہی ہین فقال لہ قیس بن الاشعث ماندری ما تقول ولاکن انزل علی حکم
من بنی عمک فانہم لن یریدوا بک الا ما تحب قیس بی حمیت بولا مین ان باتون کو
نہین جانتا تمکو مناسب ہی اپنی ابن عم امیر کوفہ و شام کی طاعت کرنا کہ اونسی جو چاہو گی وہ ہوگی
برائی اور مکروہ طبع کی ایذا نہ اوٹھاو گی فقال الحسین علیہ السلام لا واللہ لا اعطیکم
بیدی اعطاء الذلیل ولا اقر لکم اقرار العبید اوس خلیفۂ الہی نی ارشاد کیا بخدا ہرگز
تمہاری ہاتھ مین اپنی جان کو نہین سونپا مردان رذیل سی ذلت گوارا نہین کرتا مثال غلامونکی اقرار
بندگی نہین لاتا ثم نادی یا عباد اللہ انی عذت بربی و ربکم ان ترجمون و اعوذ
بربی و ربکم من کل متکبر لا یؤمن بیوم الحساب ثم انہ اناخ راحلتہ بعد ازان
حافظ و قرآن ناطق نی یہ آیت تلاوت کی اور عنان ناقہ سواری اپنی رفقائی حق کی طرف پھیر کے
ثم ان الحسین علیہ السلام دعا بفرس رسول اللہ المرتجز فرکبہ و عبا اصحابہ
پھر اوس عدم امام حسین علیہ السلام نی مرتجز نام گھوڑا نانا رسول خدا کا منگایا پشت پر سوار ہوکی اپنی لشکر
سعادت اثر مین قدم بڑہایا و روی عن مولانا الصادق علیہ السلام انہ قال
ابی ان یقول لما التقی الحسین علیہ السلام و عمر بن سعد و قامت الحرب
حضرت مولانا صادق علیہ السلام سی یہ حکایت کی ہی جب کربلا مین دونو لشکرکا سامنا ہوا عمر سعد
و امام حسین علیہ السلام سی لڑائی کا سامان کیا انزل النصر حتی رفرف علی راس الحسین
علیہ السلام ثم خیر بین النصر علی اعدائہ و بین لقاء اللہ تعالی رب العزت کی
طرف سی نصرت و ظفر نازل ہوئی اور خلیفہ شاہ نجف کی سر پر مانند پرندہ طیران کرتی رہی عرض کی

چودہویں مجلس روز عاشورا حدیث سید الشہدا مین حرکا انا شہادت پانا

